اس رکاوٹ کو دور کرنے کا یہی طریقہ ہے کہ تو اس سے تجرد اور علیحدگی اختیار کرے اور دل سے اس کی محبت نکال دے۔ یہ تجرد دو وجہ سے ضروری ہے۔ ایک تو اس لیے کہ تو عبادت کی لذت سے آگاہ ہو اور اس میں دلچسپی پیدا ہو سکے۔ کیونکہ دنیا کی مشغولیت تیرے ظاہر و باطن کو عبادت سے روکے گی۔ ظاہر تو اس طرح کہ تو طلب دنیا کے لیے دوڑتا پھرتا رہے گا۔ اور باطن کو اس طرح کہ تیرے دل میں طرح طرح کے وسوسے اور دعوے پیدا ہوتے رہیں گے۔ اور یہ روداد و وسوسہ دونوں ایک وقت میں نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ دل ایک ہے تو جب وہ ایک چیز کے ساتھ مشغول ہوگا تو اس کی ضد کے ساتھ اسی وقت مشغول نہیں ہو سکتا۔ اور دنیا و آخرت کی مثال دو سوکنوں کی سی ہے۔ ہر ایک کو خوش کرو گے دوسری ناراض ہو جائے گی۔ اور دنیا و آخرت کے درمیان مغرب و مشرق جتنا فاصلہ ہے۔ جتنا ایک کے قریب ہوتے جاؤ گے دوسری سے دور ہوتے جاؤ گے۔

حضرت یحییٰ علیہ السلام کے بارے میں منقول ہوا ہے کہ ان کا ثوت مند رجہ ذیل وحی سے ہوا ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف نازل فرمائی گئی:

يَا مُوسَىٰ إِنِّي خَلَقْتُ الدُّنْيَا	اے موسیٰ! میں نے دنیا کو
مَمْلُوءَةً مِنَ الْآفَاتِ	مصیبتوں سے بھرا ہوا
وَخَلَقْتُ الْآخِرَةَ	اور آخرت کو

حضرت ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا:

لَوْ وَافَى الْعَبْدُ بِجَمِيعِ الْخَيْرِ	اگر بندہ تمام بھلائیوں

اجتمعتا لم تحصل الا للہ سبحانہ	مرسکیں تو مجھے دونوں نصیب نہیں ہوسکتیں
من القوۃ واللین۔	متفرق سے قوت اور نرمی دونوں حاصل ہوتی ہیں

تو جب معاملہ یہ ہے کہ دونوں کا اجتماع مشکل ہے تو فنا ہونے والی (دنیا) کا نقصان گوارا کرلو اور حفاظت والی چیز یعنی آخرت کو نہ چھوڑو۔ باقی رہنے والے کے باطن کا دنیا کے ساتھ مشغول ہونا۔ تو

اس کا ثبوت اس روایت سے ملتا ہے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مروی ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

مَنْ اَحَبَّ دُنْیَاہُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِہٖ	جس نے دنیا کو پسند کیا اس نے آخرت کا نقصان
وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَہٗ اَضَرَّ	کیا، اور جس نے آخرت کو پسند کیا اس نے دنیا کا
بِدُنْیَاہُ فَاٰثِرُوْا مَا یَبْقٰی عَلٰی	نقصان کیا۔ تو اس کو ترجیح دو جو ہمیشہ باقی رہنے
مَا یَفْنٰی۔	اور فنا ہونے والی ہے اس کو چھوڑ دو جو موصوف ہے فنا سے

ان گزشتہ روایات سے تجھ پر یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ جب تک تیرا ظاہر و باطن دنیا کے ساتھ مشغول رہے گا، کما حقہٗ عبادت نہیں ہوسکے گی۔ مگر جب تو دنیا سے بے رغبت ہوجائے گا اور تیرا ظاہر و باطن کو دنیا سے خالی اور فارغ کردے گی تو تجھے کما حقہٗ عبادت بجا لانی نصیب ہوجائے گی۔ بلکہ تیرا ظاہر و باطن اعضاء تیرے معاون و مددگار ہوجائیں گے۔ حضرت حارث فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا زَھَدَ فِی الدُّنْیَا	جب بندہ دنیا سے زہد و بے رغبتی اختیار کرتا ہے
اِسْتَنَارَ قَلْبُہٗ بِالْحِکْمَۃِ	تو اس کا قلب حکمت سے منور ہوجاتا ہے اور
وَنَطَقَتْ جَوَارِحُہٗ فِی	اس کے اعضاء عبادت کے سلسلہ میں اس کے
الْعِبَادَۃِ۔	معاون و مددگار بن جاتے ہیں۔

عوائق اربعہ کو دور کرنے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ عوائق ختم ہوجانے کے بعد تمہارے اعمال صالحہ کی قدر و قیمت بڑھ جائے گی اور ان کی عظمت و مرتبہ زیادہ ہوجائے گا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

کَانَ مِنْ رَجُلٍ عَالِمٍ زَاھِدٍ	ایک عالم زاہد کی دو رکعت نماز
قَلْبُہٗ خَیْرٌ وَاَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ جَلَّ	اس تارک دنیا عابد کی عبادت سے

جہاں عبادت المتعبدین کی — قیامت تک کی عبادت سے افضل و

خزانہ ھر ابد سرمدی — اعلیٰ ہے۔

توجب دنیا میں زہد ورع سے علیحدگی اختیار کرنے سے عبادت کی عظمت زیادہ ہوتی ہے اور اس میں مشقت اور تعب بھی ہوتی ہے تو طالب عبادت پر لازم ہے کہ زہد و تجرد کو راستہ اختیار کرے۔

سوال: زہد کے کتنے درجے ہیں اور اس کی حقیقت کیا ہے؟

جواب: علماء نے اس مسئلہ کے بارے میں زہد کی دو قسمیں بیان کی ہیں۔ (۱) زہد مقدور (۲) زہد غیر مقدور زہد مقدور یعنی وہ زہد جو بندہ سے اختیار میں ہے۔ وہ تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے:

(۱) دنیا کی حرص اور محبت کو دل سے کم کرے۔

(۲) جو موجود ہو اس کو راہ خدا میں خرچ کر دے۔

(۳) دنیا کی ستائش اور تعریف کو ناپسند کرنا ترک کر دے۔

جس شخص میں یہ تین صفتیں موجود ہوں وہ زاہد ہے۔

لیکن زہد غیر مقدور یعنی وہ زہد جو بندہ کے اختیار میں نہیں یہ ہے کہ اس کا دل دنیوی اشیاء کو حاصل کرنے کے شوق سے سرد پڑ جائے۔ زہد غیر مقدور زہد مقدور کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔ چونکہ زہد مقدور غیر مقدور کا ذریعہ و سبب ہے۔ جو شخص بندے کے پاس نہ ہوں جب ان کی طلب جاتی رہے اور جو چیز موجود ہے اس کو راہ خدا میں خرچ کر دے۔ اور ثواب آخرت کی نیت سے دنیا و اسباب دنیا کی آفات سے ڈرتے ہوئے بندہ جب آئندہ کے لیے مال دنیا کے حاصل کرنے کا ارادہ اور اس کی آرزو دل سے نکال دے تو اس کے ذریعہ دل میں دنیا کی طلب سرد پڑ جائے گی۔ اور دنیا و اسباب دنیا کی طلب دل سے سرد پڑ جانا ہی حقیقی زہد ہے۔

پس یہ جاننا چاہیے کہ زہد مقدور کی تیسری جزء یعنی طلب دنیا کا سرد ہو جانا دل سے نکال دینا بہت مشکل ہے کیونکہ بہت سے لوگ جو دنیا سے تو تارک دنیا ہیں مگر ان کے دلوں میں دنیا کی محبت پنہاں ہوتی ہے ایسا شخص کی تشفی میں مبتلا رہتا ہے۔ حالانکہ زہد کی اصل نشان اس تیسری جزء سے ہی پہچانا جاتا ہے کہ یہ قصہ تو ہندو بزرگ کے یہ ارشاد نہیں سنے:

تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۔ الخ

ہم آخرت کا گھر صرف ان لوگوں کو عطا کریں گے جو دنیا میں سرکشی و فساد کا ارادہ تک نہیں کرتے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے جنت میں داخلے کا حکم ان لوگوں کے لیے بتایا ہے جو سرکشی و فساد کا ارادہ نہیں کرتے۔ ان کیلئے نہیں بتایا جو سرکشی و فساد طلب نہیں کرتے یا عملی طور پر نہیں کرتے۔ یک مقام پر فرمایا ہے:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۔

(پ ۲۵)

جو شخص آخرت کی کھیتی کا ارادہ رکھتا ہے ہم اس کھیتی کو اور زیادہ ترقی دیتے ہیں اور جو دنیا کی کھیتی کا ارادہ کرے ہم اسے کچھ دے دیتے ہیں۔ مگر آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں رہتا۔

ایک اور مقام پر فرمایا:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ ۔ الخ

جو شخص اس دنیا کو چاہتا ہے ہم اس کو اپنی مشیت کے مطابق اس سے کچھ دے دیتے ہیں۔

ایک اور مقام پر فرمایا:

مَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا ۔ الخ

جس نے آخرت کو چاہا اور اس کے لیے کوشش کی۔

تو تم ان تمام مندرجہ بالا آیات کا مطالعہ کرتے کہ ان تمام میں ارادے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ تو معلوم ہوا کہ ارادہ ایک بہت بڑی چیز ہے۔ لیکن جب انسان پہلی دو چیزوں یعنی موجودہ مال (زر حق میں صدقہ کرنا اور غیر موجود کی طلب بے نیاز ہونا) پر عزم (استقلال) سے عمل شروع کرے۔ تو امید ہے کہ رب تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے طلب دنیا کے ارادے کو بھی کلی طور پر دل سے نکال دے کیونکہ وہ ذات نہایت فضل و کرم فرما ستودہ ہے۔ پھر جس چیز سے رہ خدا میں دل کا شانے اور ترک دنیا پسند ہوتی ہے۔ اور جو شے اس سلسلے میں آسانی کا باعث ہے وہ یہ ہے کہ آفات دنیا

اور اس کے عیوب کو ذہن میں ٹھہرایا جائے۔

مذمتِ دنیا کے متعلق مشائخ رحمہم اللہ کے بہت اقوال ہیں۔ چنانچہ بعض مشائخ نے فرمایا ہے

ترکتہا لقلۃ غنائہا وسرعۃ	میرے دنیا سے متنفر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ
فنائہا وخستہ شرکائہا۔	تھوڑا وقت اسان و دوستی کرتی ہے اور جلد ہی
	فنا ہو جاتی ہے اور جتنے اس کے طالب ہیں سب خسیس اور کمینے ہیں

میرے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مذکورہ بالا قول سے بھی دنیا کے ساتھ تعلق کی برائی ہے۔ کیونکہ جو شخص کسی شئ سے جدائی کا شکوہ کرتا ہے وہ درحقیقت اس کے وصال کا آرزومند ہوتا ہے۔ اسی طرح جو شخص کسی شئ سے بنا پر عیبدگی اختیار کرتا ہے کہ اس میں اور بھی شریک ہیں۔ وہ درحقیقت اس امر کا خواہشمند ہوتا ہے کہ کاش میں اکیلا ہی اس کا مالک ہوتا۔ اس لیے مذمتِ دنیا کے متعلق زیادہ درست وہی ہے جو میرے شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے۔ آپ نے فرمایا:

الدنیا عدوۃ وانت محبۃ و	دنیا خدا کی دشمن ہے اور تو خدا کا دوست ہے
من احب عدا ابغض عدوہ	تو ممکن ہے کہ کسی دوست کہتا ہو وہ
	پسند دوست کے دشمن کو اپنا دشمن سمجھتا ہے۔

میرے شیخ نے یہ بھی فرمایا:

ان الدنیا فی اصلہا وسخۃ	کیونکہ یہ دنیا درحقیقت بہت بھیانک اور
جیفۃ لا تری ان اخرھا الی	بدبودار چیز ہے کہ اس کے نزدیک کے لوگ
القذر والفساد وانت ان تنظر و	دیکھتے ہیں کہ اس کے انجام کار بدبودار
تشمھا تنفر لکنہا	گندگی بن جانے میں اور بہت جلد
تشمخت بمعیب و طویت	اس کی زیب و زینت اور اچھی چیزیں خراب پژمردہ
بزینۃ۔	اور فنا و معدوم ہو جاتی ہیں۔ اگر اس کے ہر نوش
	کو دیکھا جائے۔

تو غافل اس کے ظاہر کو دیکھ کر اس کے دھوکے میں آ گئے مگر دانا لوگوں نے اس سے کنارہ کشی اختیار کی۔

سوال: کیا زہد اختیار کرنا فرض ہے یا نفل؟

جواب: مشائخ اہل سنت کے نزدیک زہد دو چیزوں سے ہوتا ہے۔ ایک حرام سے، دوسرے

حلال سے۔ حرام اشیاء سے زیادہ فرض ہے اور حلال سے مستحب۔ چنانچہ دنیا میں کوئی عبادت ایسی نہیں ہے جس کا استحقاق حاصل ہے ان کے نزدیک حرام ایسا نجس و مردار چیز کی طرح ہے۔ خدانخواستہ اگر اس کے استعمال کی ضرورت پیش آئے تو بہت معمولی اور بقدر ضرورت استعمال کرنے کی شرعاً اجازت ہے۔ مگر ابدال و کاملین کے نزدیک حلال بھی ضرورت سے زیادہ استعمال کرنا مردار کی مانند ہے وہ حلال بھی بقدر ضرورت و حاجت ہی استعمال کرتے ہیں۔ باقی رہا حرام تو ان کے نزدیک سانپ کی مانند ہے اس کے استعمال کا تو ہم تک نہیں آتا۔ دل کے دنیا سے نکل جانے کا یہی مطلب ہے کہ جب دنیا کے پراگندہ خیالوں سے دل پاک و صاف ہو جاتا ہے۔ اور یہاں تک دنیا کی نفرت دل میں جاگزیں ہو جاتی ہے کہ وہ اسے سخت گندی اور مکروہ شئی سمجھنے لگے۔ یہاں تک کہ طلب دنیا کا کوئی ذرہ دل میں نہ رہے۔

سوال:

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ عجیب عجیب شہوتوں اور لذتوں سے آراستہ پیراستہ دنیا کو انسان ایک گندے مردار کی طرح سمجھنے لگے۔ خاکسار ہم جیسے کمزور ضعیف و ضعیف طبیعت تو ایسا نہیں ہو سکتے۔

جواب:

اللہ تعالیٰ جس انسان کو اپنی خاص توفیق سے نوازتا ہے اور جو آفات دنیا سے واقف و آگاہ ہو جاتا ہے تو دنیا اسے ایسی ہی حقیر و ذلیل معلوم ہوتی ہے۔ مرجو بیوقوف اس کے عیوب اور اس کی آفات سے اندھا ہے اور اس کی ظاہری خوبصورت زینت سے فریب خوردہ ہو وہ دنیا کے متعلق ایسے تصور سے تعجب ہی کرتا ہے۔ اور وہ دنیا کو حقیر و ذلیل سمجھنا ناممکن خیال کرتا ہے میں ایک ہی مثال دیتا ہوں جس سے دنیا کی حقیقت تم پر روشن و روشن ہو جائے گی

ایک شخص بہت سی اشیاء ذکر کر کے عمدہ سے عمدہ کھانا تیار کرتا ہے۔ تیار کرنے کے بعد اس میں سے ایک قطرہ ڈال دے۔ اس کے بعد اس وقت ایک شخص تو دیکھ رہا تھا کہ مردار سے بنا ہے جب دونوں کے سامنے وہ بہترین و عمدہ کھانا لے کر رکھا جائے تو بتلائیے اس کی طرف رغبت ہوگی۔ بلکہ کھانے کا خیال بھی نہیں کرے گا۔ اور اس سے

نزدیک ہے جلد وہ پیٹ میں آگ دینے سے بھی زیادہ مشتعل ہوتا۔ کیونکہ وہ اس کی اندرونی آفت سے واقف ہے۔ وہ اس کی ظاہری چمک دمک سے دھوکے میں نہیں آئے گا مگر دوسرا شخص جسے آئندہ پیش آنے والی مصیبت کا علم نہیں وہ اس کی ظاہری چمک دمک سے فریب میں آجائے گا۔ وہ حرص و لالچ سے حملہ پر ٹوٹ پڑے گا اور اپنے سامنے پڑی اس چیز سے نفرت کی وجہ سے تعجب کرے گا۔ بلکہ اسے آسمان اور زمین کی ہر شے بھی بعینہٖ اسی طرح ہیں جو بالبصیرت متقی مومن کے سامنے ہیں۔ مگر حرام کے نقصانات سے بے خبر لوگ اس پر فدا ہو رہے ہیں۔

اور اگر حسد و بغض کرنے والے حسد میں زہر کی ملاوٹ نہ کی ہو جبکہ اس میں تھوک دیا ہو یا ناک صاف کی ہو اور اس تھوک وغیرہ کو حلوہ میں ملا کر دوست کے سامنے رکھ دیا ہو، تو جو آدمی اس کا زہر کو دیکھ رہا ہو وہ تو اس حلوے سے کراہت اور نفرت کا اظہار کرے گا اور سوائے اشد ضرورت کے اسے کھانے پر رضامند نہیں ہوگا لیکن جو شخص مذکورہ زہر سے ناواقف ہوگا وہ اس کی عمدگی اور لذت سے متاثر ہو کر خوشی خوشی سب چٹ کر جائے گا بلکہ اس پر فرحت و پسندیدگی کا اظہار کرے گا۔

یہ دنیا کے حسن کی مثال ہے۔ جو اہل بصیرت و متقی مومن ہیں وہ دنیا سے صرف بقدر حاجت استعمال میں لاتے ہیں مگر اس تھوک سے من و عن اسی طرح ڈرتے ہیں۔ دیکھیے یہاں دونوں قسم کے لوگوں کی خلقت و طبیعت تو برابر ہے مگر علم و بصیرت کی بنا پر دونوں کے افعال میں کتنا فرق ہے۔ مگر جس کا دل ناواقف کو تمیز نہ کر سکا علم تو ضرور وہ اس سے اجتناب کرتا اور اس واقف آدمی کو مذکورہ آمیزش کا پتہ نہ ہوتا تو وہ اس بے خبر شخص کی طرح ناواقف سب حلوہ ہڑپ کر جاتا۔ غرض اس بیان کردہ مثال سے اچھی طرح معلوم ہو گیا کہ یہ فرق طبیعت و خلقت کی وجہ سے نہیں بلکہ علم و بصیرت کی بنا پر ہے۔ یہ فرق ایک محسوس اور پختہ چیز ہے۔ سو اس کے خلاف اعتقاد رکھنا کس کی دشمنی کا نتیجہ ہے گا ——— واللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہدایت و توفیق کا مالک ہے۔

سوال: کیا نہ پینا دنیا کا ہونا ضروری ہے۔ جس سے تمباکو اور ہمارے اہل وعیال کی

زندگی قائم رہ سکے۔ تو دنیا سے کُلّی طور پر علیحدگی کیسے ہو سکتی ہے؟

جواب:

زہد سے مقصود یہ ہے کہ فضول، زائد اور غیر ضروری اشیاء سے اجتناب کیا جائے۔ بایں طور کہ صرف اس قدر طاقت و قدرت موجود رہے جس سے عبادت و طاعت خداوندی دائم ہو سکے۔ تعیش کی تابینا اور لذت گیر قوتیں مقصود نہ ہوں۔ اور خدا تعالیٰ کو اس پر بھی قدرت ہے کہ تمہیں سبب و ذریعہ سے زندہ رکھے یا بغیر کسی ظاہری سبب کے۔ جیسے ملائکہ کہ ان مادی اسباب و ذرائع کے بغیر ہی زندہ ہیں۔ خدا تعالیٰ کو اس کی بھی طاقت ہے کہ تمہیں تمہارے پاس موجود شئی کے ذریعہ زندہ رکھے یا ایسی شئی مہیا فرما دے جس کا تمہیں وہم و گمان تک نہ ہو۔ جیسا کہ رب تعالیٰ نے ایک جگہ فرمایا:

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا	جو تقویٰ و پرہیزگاری کو اختیار کرے تو
وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ	تعالیٰ اسے اس جگہ سے روزی دیتا ہے جہاں
	اسے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

اس لیے اگر تم تقویٰ پر کاربند ہو جاؤ تو تمہیں بقاء حیات کے لیے طلب دنیا وغیرہ کی حاجت نہیں۔ اور اگر زہد کا یہ درجہ تمہیں حاصل نہ ہو تو زادِ آخرت و تقویٰ کی نیت سے تلاش کرو۔ شہوت و لذت کی غرض سے تلاش نہ کرو۔ کیونکہ جب تمہاری نیت بخیر ہو گی تو یہ طلب آخرت میں ہی شمار ہو گی۔ اور اس طرح تمہارے زہد میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ اس مذکورہ بیان کو بھی رجحان ذہن نشین کرو۔ وباللہ التوفیق۔

دوسری رکاوٹ مخلوق سے میل جول:

پھر مخلوق سے علیحدگی اور عزلت بھی لازم ہے اور اس کے دو سبب ہیں:

ایک یہ کہ تم میل جول میں مبتلا ہو کر عبادت سے محروم ہو جاؤ گے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میں ایک جماعت کے پاس سے گزرا جو بحث و مباحثہ میں مشغول تھی اور ایک شخص ان سے تھوڑی دور ہٹ کر بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے اس سے قریب ہو کر اس سے گفتگو کرنی چاہی تو اس نے جواب دیا "میں ذکر خدا میں مشغول ہوں۔ تم گفتگو کرنے سے زیادہ محبوب سمجھتا ہوں"۔ میں نے کہا تم یہاں کیسے بیٹھے ہو۔ تو اس نے کہا "میں یہاں نہیں ہوں میرے

ساتھ کہ تیرا رب ہے اور کوئی نہیں۔ اس کے بعد میں نے اس سے سوال کیا۔ مخلوق میں سے
کرنے والوں میں بہتر کون ہے؟ تو اس نے جواب دیا۔ جس کو خدا نے بخش دیا ہو۔ میں نے پوچھا یہ بھی بتا کہ کونسی
ہے؟ تو اس نے ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارہ کیا اور کہا اور چل پڑا۔ چلتے وقت وہ یہ کہہ رہا تھا کہ
تیری شر مخلوق سے تیرے ذکر سے غافل رکھنے کی کوشش ہے۔

تو معلوم ہوا کہ مخلوق کے ساتھ تعلقات عبادت سے غافل کر دیتے ہیں بلکہ عبادت سے روک دیتے
ہیں بلکہ جس کو فالتو وقت مل جائے اور آخرت میں ڈال دیتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے
فرمایا ہے:

میں نے مخلوق سے بڑی چیزیں طلب کیں مگر نہ مل سکیں۔ میں نے ان سے کمانا بدرجہ بہتر
سمجھا مگر وہ نہ کر سکے۔ میں نے کمانا بدرجہ بہتر سمجھا تو یہ کام بھی نہ کر سکے۔
میں نے کہا کہ بدرجہ بہتر کے لیے تم سے کشتی کروں تو نہ لڑ سکو۔ فن تو نہ کر سکو کہ کشتی پر نازل ہو گئے۔
میں نے کہا کہ بدرجہ بہتر کے حاصل کرنے میں تم ہمت نہ ہارو، مگر وہ روکنے سے باز نہ آئے۔ آخر میں نے
کہا کہ خدا کی نافرمانی کی طرف تو نہ بڑھو۔ مگر انہوں نے میری اس بات کو بھی تسلیم نہ کیا۔ جب لوگوں سے
یہ کوئی مدد بھی پوری نہ ہوئی تو میں ان سے کنارہ کش ہو گیا اور خلوت نشینی میں مشغول ہو گیا۔

سے معلوم ہوا کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشہ نشینی کی حقیقت، گوشہ نشینی کے زمانے اور اس
زمانے کے لوگوں کی وضاحت فرما دی ہے۔ وہ حکم دیا ہے کہ جب وہ وقت اور زمانہ آئے تو مخلوق سے
بالکل کنارہ کش ہو جانا اور نہ تمہارا دین تباہ اور آخرت برباد ہو جائے گی۔ اور یہ واضح ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وسلم کے صحابہ ہم سے زیادہ اچھے تھے اور آپ تو ہم سے زیادہ ہمارے خیر خواہ تھے۔ تو ہم
اور زمانہ پاتے ہیں آپ نے عزلت کا حکم دیا ہے تو آپ کے حکم کی ضرور تعمیل کرو اور آپ کی نصیحت پر عمل کرو
اور یہ دلیل نہ کرو کہ ہم نبیوں کو حضور سے بہتر جانتے ہیں۔ اور عزلت و گوشہ نشینی کے لیے
یہ دلیل نہ کرو۔ اور دینی حیلوں کے ذریعہ اپنے دل کو نہ بہلاؤ۔ اگر اس نازک وقت میں حضور کے
حکم کی تعمیل نہیں کرو گے تو ملک و مال برباد ہو جائے گا اور آخرت میں تمہارے لئے کوئی چیز نہیں بچے گی۔

ایک مشہور حدیث میں جو حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے زمانہ گوشہ نشینی
کے وقت کی نشاندہی کی گئی ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں ایک دفعہ ہم حضور کی خدمت میں حاضر

تھے۔ قنوت کا ذکر ہوا تھا۔ تو آپ نے فرمایا:

ذا رایتہ ان من حجت	جب تم دیکھو کہ [illegible]
عہود حدہ وخفت ان تنتہ	وہ [illegible]
وکانوا ھکذا و تشبک بین	ہیں [illegible]
اصابعہ فی نزد بیتہ اصبت	[illegible]
علیت سانت۔ وخذ ما تعرف	[illegible]
ودع ما تنکر وعلیک بامر	[illegible]
خاصۃ وایاک وعامۃ	[illegible]
وعلیک بمنزلک	[illegible]

ایک اور حدیث میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زمانہ نزاہت کی یہ نشانی بیان فرمائی ہے:

[illegible] یعنی اس وقت گوشہ نشینی لازم ہے جب حاجیوں سے [illegible] سے کیا مراد ہے، تو آپ نے فرمایا جب کوئی شخص اپنے ہمنشینوں سے بے خوف و [illegible] ہو۔

اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث مروی ہے کہ حضور علیہ السلام نے [illegible] بن عمیرہ کو فرمایا:

[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

حضرت حرث بن عمیرہ سے یہ سن کر [illegible] تو آپ نے فرمایا:

اذا [illegible]	جب [illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

[illegible] حضور ﷺ زمانہ سعادت کی جو علامات بتائی ہیں وہ سب کی سب ہمارے زمانے
میں موجود ہیں۔ امام صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ پانچویں صدی کی حالت بیان کر رہے ہیں آج
چودھویں صدی کا اختتام ہے۔ [illegible] کی ہیبت و صورت کا خود اندازہ لگائیں۔

پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور قریب کے لوگوں نے علیحدہ رہنے کی سخت تاکید فرمائی
تھی۔ وہ خود ہمارے سامنے ہیں اور اختلاف ہونے کے باوجود [illegible] کی تاکید فرماتے ہیں۔
اور بلاشبہ وہ لوگ ہم سے بہت زیادہ صاحب بصیرت تھے۔ ان کے بعد کا زمانہ ان کے زمانے سے
بہتر نہیں بلکہ دین غلبہ سے زیادہ دور اور غائب ہے۔

حضرت یوسف بن اسباط نے فرمایا کہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مجھ سے قسم کھا کر
فرمایا کہ تنہائی کے زمانے میں گوشہ نشینی جائز ہوتی ہے۔ میں نے عرض کی کہ کتابوں کے پڑھنے کے
زمانے میں بھی؟ فرمایا ہاں بھی۔ میں نے حضرت سفیان ثوری رضی اللہ عنہ سے یہ بھی منقول ہے
کہ آپ نے حضرت عبداللہ خواص رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو تحریر فرمایا:

اما بعد فانت فی زمان کان	امابعد تو ایسے زمانہ میں ہے جس سے
الحق فیہ مستصغی الذلیل	کہ حق میں ذلیل [illegible]
تعالی علیہ وسلم بفعل ذوی	زیادہ [illegible]
بالملوک فی بلادھم کوفیہ	جبکہ تم کسی [illegible]
الف وشبہ من العوام رئیس	بلکہ [illegible]
الناقیہ بناصبین ادرکتہ	[illegible]
علی القول فالحاضر فیہ	[illegible]
فالداعی الی الشر وکذا	زیادہ شر ہے۔ [illegible]
من الناس وقد دعی الناس	کبھی [illegible]
قال سفیان بن عیینۃ رضی اللہ	[illegible]
تعالی عنہ قال: فی تعزلہ	[illegible]
من خشیۃ اللہ۔	[illegible]

یہ مندرجہ ذیل عربی اشعار بھی اسی سلسلے میں کہے گئے ہیں:

(۱) هذا الزمان الذی کنا نحاذره — فی قول کعب وفی قول ابن مسعود

(۲) فنعم به الحق مردود باجمعه — والغض والسعی فیه غیر مردود

(۳) اعمی اصم عن الاوزار ملتبس — قد لابلیس تصویب وتصعید

(۴) ان دام هذا لم تحدث له غیر — حدیث میت وبعد بعض موجود

(۱) ترجمہ: ہمارا یہ زمانہ وہی ہے جس سے ہمیں حضرت کعبؓ و حضرت ابن مسعودؓ کے قول میں ڈرایا گیا ہے

(۲) یہ ایسا زمانہ ہے جس میں حق مردود ہے، اور فسق و بغاوت قبول و محبوب ہے۔

(۳) اس وقت دین سے اندھے اور بہرے مسلمانوں میں رل مل گئے ہیں، اور اس وقت ابلیس کو صحیح اور بلند خیال کیا جاتا ہے۔

(۴) اگر اس زمانے کی نازک حالت یہی رہی اور اس میں کوئی بہتر تبدیلی رونما نہ ہوئی تو اس کے مرنے والوں پر نہ افسوس لائق ہوگا اور نہ نئے پیدا ہونے والوں پر اظہار مسرت مناسب ہوگا۔

اور میں (امام غزالی) نے سنا ہے کہ ایک دفعہ حضرت سفیان بن عیینہ نے حضرت سفیان ثوری سے کہا "مجھے کوئی نصیحت کیجیے۔ تو آپ نے فرمایا: "اقلل من معرفة الناس" یعنی لوگوں سے میل جول اور تعارف کم رکھو۔ تو سفیان بن عیینہ نے کہا "اللہ آپ پر رحم کرے حدیث میں تو آیا ہے اکثروا من معرفة الناس فان لکل مؤمن شفاعة" یعنی لوگوں سے تعارف بڑھاؤ۔ کیونکہ ہر واقف مومن دوسرے مومن کی شفاعت کرے گا۔ تو حضرت سفیان ثوری نے اس کے جواب میں فرمایا "میرا غالب گمان یہی ہے کہ جتنے جو کیفیت و زیادہ آپ کی ہوگی وہ کسی واقف کار ہی سے پہنچی ہوگی" حضرت سفیان ثوری نے یہ فرما کے اور رفوت ہو گئے۔ سفیان بن عیینہ کہتے ہیں کہ میں نے آپ کو بعد وفات خواب میں دیکھا کہ آپ بلند مرتبہ پر فائز ہیں میں نے عرض کیا کہ کوئی نصیحت کیجیے۔ تو آپ نے فرمایا:

اقلل من معرفة الناس — جتنا تک ہو سکے لوگوں سے تعارف و تعلق

فان التخلص منهم شدید۔ — کم رکھو کیونکہ مخلوق سے خلاصی پانا بہت مشکل ہے

ایک عربی شاعر نے اس مضمون کو اس طرح ادا کیا ہے:

۱۔ وما زلت من لیب بمفترق — اقتش من هذا الوری واکتشف

۲۔ فما ان عرفت الناس الا ذممتهم — جزی اللہ خیرا کل من لست اعرف

۳۔ وما لی ذنب استحق به الجفا — سوی انني احببت من بیس بینصف

(۱) میں لوگوں کے درمیان گھومتا رہا اور ان کو اچھی طرح پرکھتا رہا یہاں تک کہ میں بڑھاپے کی عمر کو پہنچ گیا۔

(۲) تجربہ کی جس سے بھی واقفیت ہوئی میں نے اس کو برا ہی پایا۔ اللہ تعالیٰ ہر اجنبی کو بہتر سے بہتر بدلہ دے جس کو میں نہیں جانتا۔

(۳) وہ شخص جس کے ساتھ میں زیادہ تر اپنے زمانہ میں رہا ہوں کہہ سکتا ہے کہ میں نے اس کو درست نہیں پایا ہو انصاف سے۔

ایک محدث کے بارے میں یہ اشعار کہے گئے ہیں:

جزی اللہ عنا کل خیر ولا — اللہ تعالیٰ ان کو ہر بھلائی دے جن کو ہم نہیں جانتے

جزی بنات الصدق عنا فانها — سچائی نہیں ہے جو ہمارے دوست ہیں کیونکہ

فقد لامنهم۔ ہمارے ہر قریب سے قریب دوست نے ہی ہمیں ملامت کی ہے۔

عربی کے یہ دو شعر بھی اسی سلسلہ میں کہے گئے ہیں:

۱۔ جزی اللہ عنا کل من لیس بیننا — وبینه ود ولا نتعارف

۲۔ فما مسلمه ولا ابن ذی — من الناس الا من نود ونعرف

(۱) اللہ اس کو اچھا بدلہ دے جس کی ہم سے کوئی دوستی و تعارف نہیں۔

(۲) کیونکہ ہمیں کوئی مسلمان یا ذمی نہیں ملا جو ہمارے دوست اور واقف کاروں میں سے نہ ہو۔

حضرت فضیل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے:

خذ الزمن حفظ الله واخف — اس زمانہ میں اللہ کی حفاظت کو اختیار کر اور

وعن ما ریبک فاعدل وانصرف — جو کچھ تجھے شک میں ڈالے اس سے عدول کر اور

وعن کل من لا یعرف الله واعرف۔ ہر اس شخص سے جو اللہ کو نہ پہچانتا ہو اجتناب کر۔

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اپنے زمانے کے متعلق فرمایا:

هذا زمان السكوت والمزوم	یہ خاموشی اختیار کرنے کا زمانہ ہے، اور ذلت
الابيوت والرضاء بالقوت۔	کے ساتھ گھروں کے اندر رہنے اور روکھی
الی ان تموت۔	سوکھی معاش پر گزارہ کرنے کا زمانہ ہے یہاں تک
	کہ موت آجائے

اور حضرت دوردانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے:

صم عن الدنيا واجعل فطرك	دنیا سے روزے رکھ آخرت میں افطار کرے
الآخرة وقم من الناس فرارك	اور لوگوں سے بھاگ کر ڈوبے رہ
من الاسد	جیسے شیر سے بھاگتے ہیں

حضرت ابو عبید نے فرمایا:

ما رأيت حكيما قط الا تراه في	میں نے کبھی دانا کو نہیں دیکھا اور نہ کسی
عقب كل امر ان احببت ان	دانا نے آخر ہی میں گفتگو کرنے کو پسند کیا
تعرف فانت فهيم	تو تو بھی جان لے کہ تو بھی سمجھدار ہے
	کیونکہ تو نے بھی آخر ہی میں گفتگو کی ہے۔

اس قسم کی روایات اس قدر زیادہ ہیں کہ اس مختصر کتاب میں ان کے بیان کی گنجائش نہیں۔ ہم نے اس قسم کی روایات کو بیان مستقل کتب میں جمع کر دیا ہے جس کا نام ہم نے "اخلاق العلماء والعباد" رکھا ہے، اس کا مطالعہ کرو۔ تمہیں اس میں عجیب غریب معلومات ملیں گی اور تمہارا توشہ بھی کافی ہے۔ وباللہ التوفیق۔

دوسرا سبب جس کے باعث مخلوق سے علیحدگی ضروری ہے یہ ہے کہ لوگوں میں مخلوط رہنے کی عبادت میں سخت تباہ و برباد ہو جائے گی۔ حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے کیا خوب فرمایا ہے:

ما اعلم ان احدا استراح	میں نہیں جانتا کہ کسی نے آرام پایا

بزرگوں نے رب کے خوف سے ان سے دعا کی اور ایاب دوست کی زیارت ترک کر دی

تھی۔ روایات میں مذکور ہے کہ حضرت ہرم بن حیان نے حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ سے

عرض کی ہمیں دعا کے لئے زیارت کے ذریعہ اپنے سے دور کر دیا گیا ہے۔ تو آپ نے فرمایا میں نے

تجھے ان دونوں سے بھی زیادہ نافع تر کے ذریعہ اپنے سے قریب کر دیا ہے۔ اور وہ تیرا عدم موجودگی میں

تیرے حق میں دعا کرنے کی زیارت و ملاقات نیک نہیں۔ کیونکہ اس سے ریا اور زینت پیدا

پیدا ہوتے ہیں۔

جب حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے شہر میں ملاقات

کرنے آئے تو لوگوں نے حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ کو کہا "آپ حضرت ابراہیم سے ملاقات کو نہیں جاتے" تو

آپ نے جواب دیا "ابراہیم بن ادہم کی بجائے مجھے شیطان سے ملاقات کرنے کو میں زیادہ پسند

کرتا ہوں" لوگوں نے اس جواب پر تعجب کیا تو آپ نے فرمایا "مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ جب میں ان سے

ملوں گا تو ان کی گفتگو اور نیک مشورے میں تکلف اور تزئین کروں گا لیکن اگر شیطان

کو دیکھ پاؤں تو اس سے بچنے اور اپنا دفاع کی تدبیر کروں گا۔

ایک دفعہ یہ سے ابو عبید غزنی رحمۃ اللہ علیہ کی ملاقات ہو گئی۔ دیر تک

دونوں ایک دوسرے سے گفتگو کرتے رہے۔ پھر جب ہر ایک دوسرے سے جدا ہونے لگا

تو ابو عبید نے اس وقت ہرمز سے اس عبارت سے مخاطب ہو کر کہا "میں آج کی ملاقات کو بہت مبارک

سمجھتا ہوں" اس عبارت نے ہرمز کے دل میں ایک خطرناک قسم کا تصور پیدا کر دیا اور گفتگو

کے دوران اپنے دل میں کہنے لگا "میں سے ایک ظالم ہے" اور اپنے دل میں اس کے قتل کرنے کا

ارادہ کر لیا۔ جب ابو عبید نے اپنے گھوڑے پر سوار ہونا چاہا تو ہرمز نے اس کے گھوڑے کی

رکاب پکڑ لی اور اس کے پاؤں کو بوسہ دینے لگا۔ ابو عبید نے اس سے پوچھا "تم کیا کرتے ہو؟"

ہرمز نے جواب دیا "میں آپ کے پاؤں کو بوسہ دیتا ہوں" ابو عبید نے کہا "میں تو تمہارا

دشمن ہوں" ہرمز نے کہا "میں جانتا ہوں" ابو عبید نے کہا "پھر تم ایسا کیوں کرتے ہو؟"

ہرمز نے کہا "میں آپ کے اخلاق سے متاثر ہوا ہوں" ابو عبید نے کہا "تم نے میرے

ساتھ کیا سلوک کرنا ہے؟" ہرمز نے کہا "میں آپ کو قتل کرنا چاہتا تھا" ابو عبید نے کہا

"تم نے ایسا کیوں نہیں کیا؟" ہرمز نے کہا "میں آپ کے اخلاق سے متاثر ہوا ہوں"

ابو عبید نے کہا "

۴۔ یقول فی لیلۃ ذات ندی أهل لي نسب ستر الحسب

(۱) ہمارے موقف ورد ہے ہر محسوس کہ مشکل مدد سے وقت پہ اللہ کی خوف کا تقاضا موجب

(۲) ہیں شہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے اس کے عذاب و پوچھ نہ ہو گا اس خطرہ آپ سے

سزا مجھ پہ کوئی رحم ہے نہ کبھی نہیں۔

(۳) اے لقمان ہیں اپنے بیٹوں کی معافی کا خوف ہے ہیں سے گر چہ نہ ہو اللہ کی زیادتی

کی سے گر ہیں ہیں پہ نادم ہو رہے ہوں۔

(۴) جب اندھیری رات کا گھٹا ہیں تاریکی ہیبت ہے اس وقت ہیں ہو فرمان کی ہیں

ہماری شہ دے دیتا ہوں ہیں سے میرے گناہوں پہ پردہ ڈال رکھا ہے۔

مندرجہ بالا ان مومنوں کی صفات کا حال ہے جو زہد و ریاضت ہیں پڑی مثال آپ تھے تو

دنیا دار اور فتنوں ربیعہ وہ لوگوں کی آپس ہیں محبت سے نہ تھی جو ہموں سے ان کا قیاس تو خود کرو۔

اسے عزیز زمانہ اعتقاد ہی وہی فساد ہے کہ گھر گھر بن چکا ہے۔ لوگ خدا رسانی ہیں صدیوں

سے رہ گئے ہیں وہ بچے ہیں دست سے ہار رہنے کی پوری کوشش کریں گے۔ ان ہیں رہتے ہوئے تو

آخرت سے بے پروا نہیں کر سکتے تھا۔ بلکہ تیرہ سو برس تک ہیں سب کی سب صالح ہوئی ہیں ان کی

عادت و گوشہ نشینی کے سوا بچنے کا راستہ نہیں۔ خدا اس زمانے کے شر سے بچائے۔

سوال:

کہ کن لوگوں پر عزلت واجب ہے؟ اور عزلت کے کتنے درجے ہیں؟ کیا

صحبت میں تبدیلی کیے جا سکتے ہیں؟ اور عزلت کی حد کیا ہے جس کا ہونا ضروری ہے؟

جواب:

اے عزیز تو جان کہ عزلت کے کتنے درجے ہیں دو حصوں ہیں تقسیم ہو سکتے ہیں:

ایک وہ جو نہ ہو ہیں اور نہ ہو۔ بچے لوگوں کی حرص تفرق محتاج نہیں۔ تو بچے لوگوں کو

چاہیے کہ مخلوق سے الگ اور بیگانہ رہیں۔ صرف جمعہ جماعت عید حج یا دینی مجلس ہیں شرکت

کریں یا معیشت کے لیے بقدر ضرورت ہیں جائیں۔ اس سے زیادہ لوگوں سے نہ ملیں۔

سی سے معرفت اور محبت پیدا نہ کریں۔ اور ان کی ہر بات کو تحقیق صداقت کی بنا پر نہ مانیں۔

[illegible] ہے تو اس شخص کے عزلت اختیار کرنے کے پیچھے مندرجہ ذیل امور میں سے کسی ایک امر کا ہونا ضروری ہے:

(۱) یا تو آبادی سے اتنا دور رہے کہ معہ جمعہ جماعت وغیرہ کے کام اس پر لازم نہ رہیں جیسے پہاڑوں کی چوٹیوں یا دور دراز جزیروں میں بعض بزرگ جو بغاوت کے بعد دور دراز مقامات پر چلے گئے ان کے جانے کی یہ وجہ شاید یہی تھی۔

(۲) دوسرا امر یہ ہے کہ یہ شخص کو اس درجہ یقین ہونا چاہیے کہ لوگوں سے معمولی مخلوط سے بھی نقصان پہنچے گا تو اس بنا پر کہ وہ معہ جماعت وغیرہ میں بھی شریک نہ ہو تو وہ معذور ہے۔ اور یہ خود کہ تعالیٰ اللہ اسے بہت سے فوائد سے محروم کر دیتا ہے جو بیت اللہ شریف کے حاضر ہونے اور تقرب حاصل کرنے سے اور خود نماز کی جماعت میں شریک ہونے سے۔

[illegible] ایک بزرگ سے اس کی وجہ دریافت کی تو اس نے وجہ یہی بیان کی جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے کہ اس وقت لوگوں میں کہتا ہوں معذور پر کوئی ملامت نہیں۔ اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں کہ کون معذور ہے۔ کیونکہ وہ بینوں کے دلوں کا حال جانتا ہے لیکن زیادہ بہتر اور مناسب یہی ہے کہ جب تک ہو سکے جماعت اور جمعہ میں شریک ہوتا رہے اس کے سوا جو شخص دور رہے [illegible] میں بھی شریک ہونا نہیں چاہتا تو اس کی سزا یہ ہے کہ اس کی شہادت [illegible] اس پر لازم ہے کہ [illegible] میں شریک ہو تو اس شخص سے [illegible] کی شہادت قبول نہ کی جائے۔

[illegible] جو لوگ جمعہ جماعت سے [illegible] ان کی تردید اور [illegible] ان میں [illegible] اور بیشتر فقہاء و محدثین [illegible] ان علماء کے [illegible] کہ [illegible] جماعت نہیں بلکہ [illegible] کہ [illegible] اور [illegible] کی [illegible] [illegible] ان [illegible] ان [illegible] ان

خلاصہ یہ کہ دینی پیشوا کے لیے کسی صورت میں عزلت روا نہیں۔ اُستاد بوبکر بن فورک رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق منقول ہے کہ جب آپ نے عبادت کی غرض سے لوگوں سے علیحدگی کا ارادہ فرمایا تو پہاڑوں میں پہنچ گئے، تو ایک آواز دینے والے نے غیب سے آواز دی "اے بوبکر جب تو مخلوق کے لیے اللہ تعالیٰ کی حجت اور دلیل ہے تو تو انہیں چھوڑ کر کیوں یہاں آیا ہے؟

اور مجھ سے مامون بن احمد نے بیان کیا کہ اُستاد ابو اسحاق اسفرائنی رحمۃ اللہ علیہ نے جبل لبنان کے گوشہ نشینوں کو فرمایا "اے گھاس پھونس پر گزارہ کرنے والو تم سے کہا رسول صلعم کی اُمت کو گمراہوں کے چنگل میں چھوڑ کر خود یہاں آ گئے ہو"؟ تو انہوں نے جواب دیا ہمیں لوگوں میں رہنے کی تاب نہیں اور خدا نے آپ کو قوت دی ہے۔ اس لیے آپ رہ سکتے ہیں ——— اس کے بعد آپ نے ایک کتاب تصنیف فرمائی جس کا نام "جامع بحقی والجلی" رکھا۔

لیکن یہ علمائے کرام جس طرح علم میں بے مثل تھے عمل اور امورِ آخرت کی معرفت میں بھی سب سے آگے تھے۔ اے عزیز جان لے کہ ایسے عالم میں دو چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔ ایک تو صبر جمیل، اپنے نفس کا محاسبہ اور ہمیشہ خدا تعالیٰ سے سچی محبت کا طلب گار رہنا۔ دوسری یہ کہ باعمل کے اعتبار سے اولوں سے بڑھ رہے۔ گرچہ ظاہری جسم کے اعتبار سے وہ ان کے ساتھ رہے۔ اگر لوگ اس سے کلام کریں تو ان سے کلام کرے۔ وہ اس کی زیارت کو آئیں تو حسب مراتب ان کا شکریہ اور احترام کرے۔ اور اگر لوگ اس سے اعراض کریں اور خوشی برتیں تو وہ اسے غنیمت شمار کرے۔ نیک بات میں ان کا ہاتھ بٹائے اور برائی اور شرارت کی طرف مائل ہوں تو ان کی مخالفت کرے اور ان سے الگ رہے اور اگر لوگ اس کی ڈانٹ ڈپٹ سے برائی سے باز آ سکتے ہوں تو انہیں نہ سہی ڈانٹ ڈپٹ بھی کرے۔ اور جو حقوق ان میں رہنے کے باعث اس پر لازم آتے ہیں ان کو ادا کرتا رہے۔ جیسے وقتاً فوقتاً ان سے ملنے جلنے کی عیادت اور جب استطاعت ان کی حاجات پوری کرنا اگر ان سے کسی قسم کا مطالبہ نہ کرے۔ اور نہ ان کی امید رکھے جتنی وسعت ان پر خرچ کرے مگر ان سے کوئی چیز نہ لے بلکہ تکلیف یا ایذاء ان سے پہنچے اسے برداشت کرے۔ اور ہر ایک کو خندہ پیشانی سے ملے۔ اپنے آپ کو ان کے ساتھ ملنے پر آمادہ کرے۔ اپنی حاجات ان سے پوشیدہ رکھے اور ان کا محتاج نہ کرے۔ پھر ان باتوں کے ساتھ ساتھ تھوڑا تھوڑا وقت عبادت کے لیے بھی چوبیس گھنٹوں میں کوئی وقت خاص کرے تاکہ اپنے ظاہر و باطن کی اصلاح بھی جاری رکھ سکے۔ یہ بہتر

فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ان لست اتحمل لاضعین نفسی و ان لست اتحمل لاضعین الرعیۃ فکیف بین ھاتین۔

اگر میں اپنے کو ہلاک کرتا ہوں تو اپنی آخرت برباد کرتا ہوں اور اگر دوسروں کو ہلاک کرتا ہوں تو رعیت تباہ ہوگی تو ان دونوں باتوں کے ہوتے ہوئے میں کس طرح آرام سے وقت گزار سکتا ہوں۔

اسی مضمون کے موافق میں نے مندرجہ ذیل چند اشعار کہے ہیں۔

(۱) افان کنت فی ھدی الکتاب تراغبا فوطن علی ان تستجیب الی الورع

اگر تو اپنے مددگاروں کی بہبودی کرنے کا آرزومند ہے تو ان کے ساتھ سب و حرارت برداشت کرنے اپنے نفس کی مرضی کو ختم کر دے۔

(۲) تنفس وقورا عند کل ملمۃ وقلب صبورا ھو فی الصدر قانع

تحقیق کے وقت نفس میں سنجیدگی اور فوت برداشت پیدا کرو۔ دل کو صابر بناؤ کہ یہ وہ شے ہے جو سینہ میں قانع ہے۔

(۳) لسانک لا تحزون وھو فکہ مرجہ ویبرئ کسو مرلدی القلب ذائعہ

تمہاری زبان غیبت بند رہنی چاہیے اور تمہاری آنکھیں آنسو بہانی چاہئیں۔ تمہارا معاملہ نرمی سے ستور رہے۔ صفت خدا ترسی کو اس کا علم ہو۔

(۴) وذکرک مغمور و بیتک مغلق وثغرک مسرور وبیضتک جائعہ

تمہارا کوئی پرچا نہ ہو۔ تمہارا دروازہ بند ہو۔ تمہارا منہ خوش ہو اور پیٹ بھوکا ہو۔

(۵) وقلبک مجروح وسوطک قاصد وبیتک مصفون وضیفک ضائعہ

تمہارا دل خشیت الٰہی سے زخمی ہو تمہارا بازار بے رونق ہو۔ تمہارے کمرشت مدفون ہوں اور تمہارے مہمان طعام و شراب سے محروم ہوں۔

(۶) وفی کل یوم انت جزع غصۃ من الدھر والحزن والقلب طائعہ

ہمیشہ زمانہ کے حوادث و نکایف کے صدمات پہنچتے رہیں۔ درانحالیکہ تمہارا دل خشیت سے لبریز ہو۔

(۷) نهارك شغل الناس من غير منة وليلك شوق غاب عنه طرائفه

دن کو بغیر احسان جتائے نیک کاموں میں لوگوں کے ہاتھ بٹاتے رہو۔ اور رات اللہ کے شوق میں کاٹ دو۔ اور اس ذوق و شوق کا کسی کو پتہ نہ ہو۔

(۸) فدونك هذا الليل خذه ذريعة يوم عبوس عرفيه الذرائع

تم ان موجودہ راتوں کی قدر کرو۔ ان کو اس سخت دن کا ذریعہ بناؤ جب ہر قسم کے ذرائع کالعدم مفقود ہوں گے۔

تو عالم دین پر لازم ہے کہ ظاہر میں تو لوگوں سے ملتا رہے۔ مگر دل سے ان سے بالکل الگ رہے۔ اور خدا کی قسم یہ بہت مشکل و تلخ ہے۔ اسی کے متعلق ہمارے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

یا بنی عش مع اهل زمانك ولا اے میرے عزیز بیٹے! اہل زمانہ کے ساتھ زندگی

تقتد بهمه تو زنہار کسی بات میں ان کی اقتداء نہ کر

پھر یہ سے شیخ نے فرمایا: اس طرح کی زندگی بسر کرنا انتہائی تلخ و مشکل ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے:

خالطوا الناس وزايلوهم۔ لوگوں سے حسب ضرورت ملو جلو اور اپنے دین کو ضرر سے بچائے رکھو۔

میں کہتا ہوں سب فتنوں کی موجیں تلاطم میں ہوں۔ سب حق ناحق پر ہو۔ جب لوگ دین سے منہ پھیر کر دوسری طرف متوجہ ہو جائیں اور کسی مومن کی قرابت یا عہد کا پاس لحاظ نہ کریں۔ سب لوگ عالم دین سے متنفر ہوں اور اسے نہ پائیں۔ اور نہ دین کے معاملہ میں اس کی اعانت کریں۔ اور فتنے عوام و خواص میں پھیل جائیں۔ تو ایسے حال میں عالم اگر عزلت و علیحدگی اختیار کرے اور اپنے علم کو پھیلانا ترک کر دے تو وہ معذور ہے۔ اور میں تو یہی کہتا ہوں کہ ضرور نے جس زمانے میں عزلت کا حکم دیا تھا وہ ہمارا ہی زمانہ ہے۔ کیونکہ اس زمانے میں وہ سب امور موجود ہیں جن کی وجہ سے عزلت لازم و ضروری ہو جاتی ہے۔ اور حقیقی مددگار اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ اسی پر توکل کرنا چاہیے۔

یہ ہے عزلت و گوشہ نشینی کا خلاصہ و ضروری بیان۔ اس کو اچھی طرح ذہن نشین کر لو۔ کیونکہ اس میں غلط فہمی کا عظیم خطرہ ہے۔ اور زمانہ عزلت میں اس سے گریز کرنے میں سخت نقصان

ہے (وباللہ التوفیق)

سوال :

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو یہ حکم دیا ہے :

علیکم بالجماعۃ وان الشیطان	تم پر جماعت میں رہنا لازم ہے کیونکہ شیطان
ذئب الانسان یاکل الشاذۃ	کا دست غریت جماعت پر ہی ہے۔ وہ
والناجیۃ والقاصیۃ و	بلاشبہ شیطان انسان کے حق میں بھیڑیے کی مانند
الفاذۃ۔	ہے جو ریوڑ سے جدا ہونے والی یا آگے نکل
	جانے والی یا دور چلی جانے والی یا اکیلی رہ جانے
	والی بکری کو اُچک لے جاتا ہے۔

اسی طرح آنور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے :

ان الشیطان مع الفذ وھو منہ	تنہا آدمی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے وہ جب
الاثنین ابعد۔	دو ہوجائیں تو ان کے قریب نہیں آتا۔

جواب :

جہاں سرکار دو عالم علیہ السلام نے جماعت میں رہنے کی تاکید فرمائی ہے وہاں یہ بھی فرمایا ہے :

الزموا بیوتکم۔ وعلیکم بالخاصۃ	اپنے گھروں ہی کو اپنی قیام گاہ بنائے رکھو
ودع امر العامۃ۔	میل جول سے سخت اجتناب کرو۔

تو اس حدیث میں حضور علیہ السلام نے عوام سے الگ رہنے کا حکم دیا ہے۔ اور اس حدیث اور پہلی دو کے درمیان درحقیقت کوئی تضاد یا اختلاف نہیں۔ ہم بتوفیق اللہ ان میں تطبیق پیش کرتے ہیں۔

حضور علیہ السلام کے ارشاد علیکم بالجماعۃ کے تین احتمال ہیں :

(۱) دلائل اور احکام میں جماعت سے علیحدہ راہ اختیار کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ تن تنہا رائے کا اعتبار نہیں ہوسکتی۔ تو باہمی مسائل اور تبلیغی احکام میں جمہور سے علیحدگی باطل اور گمراہی ہے لیکن اگر کوئی شخص اپنے دین کی حفاظت کی غرض سے تنہائی اختیار کرے تو اس حدیث میں اس کی ممانعت نہیں۔

(۲) عام مسلمانوں سے نماز، جماعت اور جمعہ وغیرہ میں علیحدگی اختیار نہ کی جائے کیونکہ جو لوگ نماز و جمعہ ادا کرتے ہیں دین کو تقویت پہنچتی ہے اسلام کا سماں ظاہر ہوتا ہے اور کفار و مخالفین مسلمانوں کا اجتماع دیکھ کر جلتے ہیں۔ اور جمعہ و جماعات وغیرہ اسلامی اجتماعات پر اللہ تعالیٰ کی برکتیں اور رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ اس لیے ہم نے کہا ہے کہ کوشش ہر شخص پر لازم ہے کہ وہ جماعت وغیرہ دینی اجتماعات میں عام مسلمانوں کے ساتھ شریک رہے۔ اور کسی سے تعلقات و رسم و رہ سے پرہیز کرے۔ کیونکہ عام اجتماعات میں بہت آفات و نقصانات ہیں۔

(۳) علیکم بالجماعۃ: تیسرا احتمال یہ ہے کہ حضور ﷺ کا ارشاد و بیان ان ضعیف و منتقد شخص کے لیے ہے لیکن قوی و مقتدر اور صاحب بصیرت شخص جب ایسے زمانے کو پائے جس میں فتنہ و فساد ہو اور جس سے حضور علیہ السلام نے ڈرایا ہے، اور جس میں عزلت کا حکم دیا ہے تو اس کے لیے عزلت خلط ملط اور میل جول سے بہتر ہے تاکہ آفات و فسادات سے محفوظ رہے۔ لیکن مناسب یہ ہے کہ دینی اجتماعات اور امور خیر میں شریک ہوتا رہے۔ اور اگر بوجوہ سے مکمل علیحدگی اختیار کرنا چاہے تو کسی پہاڑ کی چوٹی یا دور دراز جنگل چلا جائے جس کے باعث اپنا دین محفوظ رکھ سکے۔

میں کہتا ہوں کہ ایسے شخص کو بھی یہ چاہیے کہ نیک اجتماعات اور امور خیر میں ضرور شریک ہو۔ تاکہ اس کا یہ تو اب ضائع نہ ہو اور اسے تو اجتماعات اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ اگرچہ لوگوں میں فساد و بدیں سے خالی نہیں ہوتا ہے۔ اور ہم نے ابدال کے متعلق سنا ہے کہ وہ ہمیشہ بھی ہوں، مذکورہ اجتماعات میں شرکت کرتے ہیں۔ وہ یہ لوگ زمین پر چلتے پھرتے رہتے ہیں اور تمام زمین ان کے لیے یکساں قدم ہے۔ اخبار میں آیا ہے کہ ابدال کے لیے زمین سمٹ جاتی ہے۔ انہیں اللہ کی طرف سے معجزانہ خصوصیات عطا ہوتی ہیں اور انواع و اقسام کی روحانی نعمتیں عطا ہوتی رہتی ہیں ان ابدال کو حق تعالیٰ کا یہ بھی بڑا تحفہ ہے۔ اور ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آفت سے محفوظ رکھتے والوں کے حالات بھی پختہ کامل سے درست کرے۔ اور ہر پختہ آفت درست کرتے ہیں صرف ہیں انہیں منزل مقصود تک پہنچائے ——— میں نے اپنی اس حالت زار کے متعلق یہ اشعار کہے ہیں:

(۱) ظفر الطالبون واقصی المنی وفاز الاحباب بالاحباب

جدوجہد کرنے والے کامیاب ہو گئے۔ ان کو وصل کی سعادت نصیب ہو گئی۔ اور دوست دوستوں کی مدد و اعانت سے منزل مقصود پر پہنچ گئے۔

(۲) وبقینا لمن یذبذبنی حیرتی بین حد الوصال والاجتناب

اور ہم اسی طرح تذبذب و حیرانی کے عالم میں کبھی قرب اور کبھی وصال کے درمیان معلق ہیں۔

(۳) وترانی القرب بالبعد وھنا نفس حال المحال للالباب

تمام احوال تو یہ ہے کہ روز بروز خدا سے دور ہو رہے ہیں۔ اور امید پر رکھتے ہو کہ وہ ہمیں اپنا قرب نصیب کرے عقل انسانی ایسی امید کو بیہودہ سمجھتی ہے۔

(۴) فاسقنا منک شربۃ تذھب الغم وتھدی الی طریق الصواب

اے اللہ! ہمیں اپنی قربت و وصال کی وہ چسکی عطا فرما جو ہر غم کو دور کرتی ہے اور راہ صواب کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

(۵) یا طبیب السقام یا مرھم الجرح ویا منقذی من الاوصاب

اے ہماری ظاہری و باطنی بیماریوں کے طبیب! اے ہمارے زخموں کی مرہم! اور ہر قسم کی بیماری سے نجات دینے والے۔

(۶) لست ادری بما اداوی سقامی او بماذا افوز یوم الحساب

میں نہیں جانتا کہ میری بیماریوں کی دوا کیا ہے۔ یا کس شے کے ذریعہ روز قیامت میری نجات ہوگی۔

ہم اس بیان کو یہیں ختم کرتے ہیں اور مسائل عبادت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ترغیب دی ہے کہ:

وھی بیۃ امتی ان یجعلوا فی المساجد۔ میری امت کی عادت بھی ہے کہ وہ مسجد کو اپنی نشستگاہ بنائے۔

اس حدیث میں لوگوں سے علیحدہ ہو کر کسی پہاڑ یا جنگل میں سکونت اختیار کرنے سے روکا گیا ہے اور لوگوں سے علیحدگی اختیار کرنے پر زجر کی گئی ہے۔ ورنہ کہتے ہو کہ لوگوں سے علیحدہ ہو کر میں دور چلا جائے؟

جواب:

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد گرامی اپنے زمانے کے لیے ہے نہ کہ فتنہ و فساد کے زمانے کے لیے۔ جیسا کہ ہم ذکر کر چکے ہیں۔ مذکورہ حدیث کے یہ معنی ہو سکتے ہیں کہ جو شخص مسجد کو اپنی نشست گاہ بنا لے۔ لوگوں سے میل ملاپ چھوڑ دے اور ان کے معاملات میں مداخلت ترک کر دے۔ تو وہ اگرچہ اہل ہے مگر حقیقت میں ان سے بہتر ہے۔ عزلت و گوشہ نشینی سے مقصود بھی یہی ہے۔ کسی مکان یا جسم کی علیحدگی مقصود نہیں۔ اس نکتے کو اچھی طرح ذہن نشین کر۔ خدا تجھ پر رحم کرے۔ حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مندرجہ ذیل شعر میں اسی نکتے کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

کن واحدا جامعیا وعن الناس ہارب
ذا انس و من الناس وحشیا۔

تو لوگوں سے بہرحال جدا رہ مگر تمہاری
نسبت و محبت صرف رب تعالیٰ کے ساتھ
ہو۔ لوگوں سے تمہارا تعلق نہ ہو۔

سوال: مدارس دینیہ کے مدرسین و طلبہ جو علم دین سیکھنے سکھانے کے مشغلہ میں مصروف ہیں کیونکر وہ تو عزلت و گوشہ نشینی پر عامل نہیں ہیں؟

جواب: مدرسین کی تدریس و تصوف سے علم دین کی بڑی خدمت ہوتی ہے۔ اس میں دو فائدے ہیں:

(۱) فعلی طور پر لوگوں سے علیحدگی۔ ان کی مجالس و ان کے معاملات میں شرکت و مداخلت سے پرہیز۔

(۲) جمعہ، جماعت اور دیگر اسلامی امور میں شرکت۔

تو ان لوگوں کو دنیا سے اتنی ہی علیحدگی حاصل ہوگی جو لوگوں سے بالکل علیحدہ رہنے والوں کو حاصل ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان حضرات سے ایک اور بہت بڑا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ عوام ان کی اقتدا کرتے ہیں۔ ان کی برکات سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ اور دین کے متعلق بیش قیمت بیدار حاصل کرتے رہتے ہیں تو ان حضرات کا عمل درست رہتا ہے۔ ان کو صحیح عمل کی پختگی کی بدولت سکون و اطمینان میسر رہتا ہے۔ اسی فیض رسانی کے لیے کثر

[illegible] ہوتے ہیں۔ لوگوں کو ان کے حسن اخلاق کی وجہ سے دنیاوی تکلیف نہیں پہنچتی تھی۔ بلکہ [illegible] سے فائدہ پہنچتا تھا۔ عامۃ الناس ان کے آداب و رسوم کی اقتدا کرتے تھے۔ اس طرح صالحین کے اخلاق و عادات میں سلف صالحین کے اخلاق کو محفوظ کرنے کا ذریعہ بنے رہے۔ نیز یہ کہ قول سے حال کی تبلیغ زیادہ مؤثر و مفید ہوتی ہے۔ تو یہ بزرگ اپنے حال سے تعلیم کا فریضہ انجام دیتے رہے۔ تعمیر سیرت کے لحاظ سے بہت ہی مفید تھا۔

سوال: وہ مبتدی جو کہ ابھی تصوف سے کورا ہے ابتدائی مراحل میں کن باتوں سے بچنے کی ضرورت ہے؟

جواب: وہ مبتدی سلف صالحین کے آداب و [illegible] کی پیروی کرتے ہوئے [illegible] ان سے قریب رہتے ہوئے [illegible] دنیا کی [illegible] سے بچے۔ [illegible] ہیں۔ ایسے مبتدی کو [illegible] کہ [illegible] کی [illegible] ہیں۔ [illegible] کے [illegible] ہیں جو [illegible] کرتے ہیں اور [illegible] کی [illegible] ہیں۔ ہاں وہ مبتدی [illegible] کی پیروی کرتے ہوئے [illegible] طریقہ [illegible] ہوں اور [illegible] تعلق [illegible] سے [illegible] ہوں [illegible] سے [illegible] ہوں [illegible] سے [illegible] ہوں [illegible] کے [illegible] ہوں [illegible] کے [illegible] ہوں [illegible] ک

ڈاکوؤں اور چوروں سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ ان دروں کا ذکر اور فائدوں کے ہر کا خطہ ایسے صحرا کی مانند ہے جہاں ہر وقت شیطانی لشکر گھومتے رہتے ہیں جو قلعہ سے باہر رہنے والے کو ہلاک کر دیتے ہیں گرفتار کر لیتے ہیں۔ تو جو یہ نعمت دنیا بھر کی دولت مندی کی محفوظ قلعے سے نکل کر باہر کی طرف سے شیطانی لشکروں کے نرغے میں آ جائے اس کا جو حشر ہوگا ظاہر ہے۔ اس لیے ایسے مبتدی کے لیے ان مدارس و مجالس سے باہر قدم رکھنا کسی طرح بھی خطرے سے خالی نہیں لیکن وہ شخص جو کامل نورانی بصیرت سے بہرہ ور ہو، دینی امور پر پختہ اور مضبوط ہو اس کے لیے قلعہ اور صحرا مساوی ہے شیطانی لشکر اس پر ہرگز غالب نہیں آ سکتے اور نہ وہ ان کی شر انگیزیوں سے مرعوب ہو سکتا ہے۔ اگرچہ ایسے شخص کے لیے بھی حفاظتی قلعہ میں ہی رہنا بہتر ہے۔ اس لیے کہ دشمنوں کے اتفاقی اور اچانک حملوں سے بے خوف ہونا درست نہیں بغرضیکہ اہل اللہ کے ساتھ رہنا ان کی صحبت کی مشقتیں برداشت کرنا ہی بہتر ہے۔ ورنہ صاحب استقامت رہنا کمال پرعزیمت لازم نہیں، مگر بہتر ضرور ہے۔

ان بیان کردہ مسائل عزلت پر گر تم عمل کرو گے تو ان شاء اللہ آفت سے محفوظ رہو گے۔

سوال: دینی بھائیوں کی زیارت، اپنے مخلص احباب کی ملاقات اور ان کے ساتھ مصافحہ وغیرہ کا کیا حکم ہے؟

جواب: دینی بھائیوں کی زیارت و ملاقات بلکہ وہ نیک اور پرہیزگار بندے جن کی زیارت سے اللہ تعالیٰ کی یاد آئے ان کی زیارت سے عبادت میں قوت، معاملات میں برکت، خدا کا قرب اور دل کی اصلاح ہوتی ہے۔ اور دیگر بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ لیکن دو باتوں کا ہی خاص طور پر خیال ضروری ہے:

(۱) محبت کے بجائے فرض نہ ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا:

زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا۔ ہماری زیارت کے پیچھا نہ کرے تاکہ محبت زیادہ ہو۔

(۲) یہ کہ ریاکاری اپنے آپ کو آراستہ کرنا، لغو گفتگو، غیبت اور بے فائدہ باتوں سے

پورے غور سے سنا جائے۔ ورنہ فائدے کے بجائے نقصان ہوگا۔

حکایت:

ایک دفعہ حضرت فضیل اور سفیان ثوری رحمہما اللہ تعالیٰ کی آپس میں گفتگو ہوئی۔ دونوں بزرگ دیر تک اس گفتگو میں مشغول رہے۔ آخر میں حضرت سفیان ثوری نے کہا "میں آپ کی اس بحث کو نہایت بہتر تصور کرتا ہوں" حضرت فضیل نے فرمایا "میں تو اسے بہت خطرناک بحث خیال کرتا ہوں" سفیان ثوری نے کہا کیوں؟ حضرت فضیل نے جواب دیا: "ہم دونوں میں کوئی بات کوئی بحث ایسی نہیں کرتے تھے، جو ہمارے مطلب کی نہیں تھی"۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ یہ سن کر رو پڑے۔

تو پیارے طلباء! آپ کی زیارت و ملاقات میں بہانہ سازی، غیبت وغیرہ کو ملحوظ رکھا جائے اور ریا و تکلف وغیرہ سے بچا جائے۔ یعنی ملاقات سے ہماری عزت میں کوئی فرق نہیں آنا چاہیے بلکہ فائدہ کی امید ہے۔

سوال: کن چیزوں سے عبادت کی لذت اور تاثیر میں کمی پیدا ہوتی ہے؟

جواب: تین چیزوں سے:

(۱) دنیا کے چند بیکار مشغولیتیں کہ اوقات ہی عبادت میں مشغولیت و حضوریت سے کیونکہ نفس کو فرصت کی ہمیشہ تلاش رہتی ہے اور لوگوں سے بے ضرورت میل جول اور غیبت لغو کی عادت سے۔ جب نفس کو فرصت ضرورت، میل جول لوگوں سے وقت کی زیارت و ملاقات میں کوئی فرق نہیں آتا تو نفس کو دھوکہ دیتا ہے کہ فضولیات میں مبتلا ہونے سے بہتر ہے کہ عبادت کی جائے۔ اس لئے بعض بزرگوں نے فرمایا ہے:

ز صحبت ای سلامت کم دیدم — وز بسیار گفتن غصہ ہا خوردم۔

یعنی بہت سے فرصت کی جگہوں سے سلامتی کے ساتھ علیحدگی کرنے آیا ہوں۔ و فعلی ہذا القیاس آدمی بہت سے فضولیات کام کر بیٹھتا ہے۔

جب تم صحیح معنوں میں عبادت خداوندی میں مشغول ہو جاؤ گے اور اس بات کا تجربہ کرو گے تو تمہارے دل میں ان سے علیحدہ رہنے میں

راحت محسوس کرے گا اور تمہیں لوگوں کی آواز اور ان سے گفتگو کرنے سے نفرت آئے گی۔

مروی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور سے جب واپس آتے تھے تو آپ کو لوگوں سے وحشت آتی تھی۔ آپ کانوں میں انگلیاں ڈال لیتے تھے تاکہ کسی کی آواز سنائی نہ دے۔ اور آپ لوگوں کی آواز کو نفرت و وحشت کے غبار سے گدلے کی نشاندہی کرتے تھے۔ اس لیے تمہیں چاہیے کہ تم شیخ رحمہ اللہ کے مندرجہ ذیل ارشاد پر عمل کرو۔ آپ نے فرمایا:

(۱) ـــــ اِجْتَنِبْ مُخَالَطَةَ صَاحِبٍ! وَذَرْ مُنَاسَبَةَ جَانِبٍ

تم لوگوں سے بالکل کنارہ کش ہو جاؤ۔ وہ شخص جو تمہیں نیا نیا دوست بنانے میں خوشی محسوس کرے

(۲) ـــــ صَادِقُ الْوُدِّ مُنْتَهَزٌ كُنْتَ فِيهِ وَغَائِبٌ

تم لوگوں کے پیٹھ پیچھے مخلص دوست بنو اور ان میں رہو یا ان سے غائب۔

(۳) ـــــ قَلَّبَ الْكَفَّ مِنْ كَفٍّ تَشَتَّتْ تَجِدْهُمْ عَقَارِبْ

جب تمہیں ان سے واسطہ پڑے گا تو اپنے حق میں ان کے دل بچھوؤں کی مانند پاؤ گے۔

(۲) گوشہ نشینی کی رغبت پیدا کرنے والی دوسری چیز یہ ہے کہ تم لوگوں سے ہر قسم کا تعلق منقطع کر لو۔ اس طرح تم ان سے بآسانی کنارہ کش ہو سکو گے۔ کیونکہ جب تمہیں کسی شخص سے کسی قسم کا تعلق نہ ہو تو تمہارے لیے اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہوگا۔

(۳) اور تیسری چیز یہ ہے کہ تم لوگوں میں رہنے کی عادت پختہ کرو۔ ان کو وقت بانٹ کر دو۔ جب تم ان میں معمول پابندی کرو گے تو تمہارے دل مخلوق سے ایک نوع کا تعلق محسوس کرنے لگیں گے۔ جب تمہیں مدرسہ جانے کی عادت ہو جائے گی تو تمہیں مدرسہ جانے میں تکلیف نہیں ہوگی۔ اور یہ کٹھن منزل تمہیں دل پسند لگنے لگے گی۔ مدرسہ کے ذریعہ تمہیں دربار خداوندی میں لگنے کی توفیق نصیب ہو جائے گی۔ وباللہ التوفیق والعصمۃ

عبادت میں تیسری بڑی رکاوٹ شیطان:

اے برادر عزیز! عبادت میں ترقی اور تابانی حاصل کرنے کے لیے شیطان سے بچنا بہت ضروری ہے۔ یہ بھی لازم اور ضروری ہے۔ اور یہ دو وجہ سے ضروری ہے:

(۱) وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور ہر وقت تمہیں گمراہ کرنے کے منصوبے بناتا رہتا ہے اس سے صلح یا رحم کی امید ہرگز نہیں کی جا سکتی۔ بلکہ وہ تمہیں ہلاک کر کے ہی دم لے گا۔ اس لیے ایسے خطرناک دشمن سے بے خوف یا غافل رہنا انتہائی خطرناک ہے۔ مزید برآں مندرجہ ذیل آیت قرآنیہ میں تو غور کرو:

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝	اے اولاد آدم کیا میں نے تم سے یہ عہد نہیں لیا تھا کہ شیطان کی عبادت نہ کرنا کیونکہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

دوسری آیت یہ ہے:

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا۔	بیشک شیطان تمہارا دشمن ہے تو تم بھی اسے دشمن کرو۔

(۲) شیطان پر اعتماد کرنے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ اس کا تم سے دشمنی کرنا اس کی فطرت میں ہے۔ وہ ہمیشہ تم سے محاربہ میں مشغول ہے۔ اور ہمیشہ تمہیں گمراہ کرنے اپنی شیطنت کے جال میں پھنسانے کے درپے ہے اور تم اس کی عداوت اور فتنہ انگیزی سے مستقل غافل ہو۔ اس غفلت کا جو انجام ہو گا وہ ظاہر ہے۔

اور شیطان کو انسان کی عداوت کے خوف زیادہ ہونے والے چند اسباب یہ ہیں کہ تم اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں مشغول ہو۔ اور مخلوق خدا کو اپنے قول و فعل سے دعوت اسلام دیتے ہو۔ تم نیکی کے کام کرتے ہو۔ اور شیطان کے پیروکاروں کی تعداد اس کے شر کے ذریعہ کم کرتے ہو۔ لہٰذا اس طریق سے شیطان کو مغلوب کر کے اس کی شرارت اس کی عداوت اور اس کی مخالفت کو اور زیادہ بھڑکانے میں مصروف ہوتے ہو۔ جب تمہارا رویہ ان کے ساتھ یہ ہے تو وہ بھی اپنے تمام تر وسائل کے ساتھ تمہاری عداوت، تم سے جنگ اور تمہیں گمراہ کرنے پر کمربستہ رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ تمہارے حال پر چھوڑ دیتا ہے۔ بلکہ وہ یہ کوشش کرتا ہے کہ تمہارے ایمان کی جڑ ہی کٹ جائے کیونکہ وہ تم سے کسی وقت بھی بے خوف نہیں ہوتا۔ شیطان تو ان کے ساتھ بھی عداوت رکھنے سے باز نہیں آتا جو اس کے ساتھ عداوت اور مخالفت نہیں کرتے۔ جیسے کفار، مرتد اور فاسق و

فاجر لوگ۔ تو ان کے ساتھ اس کی عداوت کا کیا حال ہوگا جو ہر وقت اس کی مخالفت اور اس کو غصہ کرنے اور گمراہ کن منصوبوں کو تحلیل میں لانے میں مصروف رہتے ہوں؟ ——— تو اسے عداوت اور دعوتِ حق میں سرگرمی کا مظاہرہ کرنے والو! عام لوگوں کے ساتھ اس کی عداوت عمومی ہوگی اور تمہارے خصوصی۔ اس لیے تمہارا معاملہ نہایت اہم ہے۔

پھر تمہاری عداوت و مخالفت میں ابلیس صرف اکیلا نہیں، بلکہ اس کے ہمراہ شیاطین کی متحد جماعت ہے۔ اس کی جماعت میں تمہارا نفس و تمہاری خواہشات بھی شامل ہیں جو تمہارے ازلی دشمن ہیں، اور تم پر غالب آنے کے لیے ان کے پاس ہزاروں ایسے اسباب ہیں جن سے تم کہ غافل ہو

حضرت یحییٰ معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ بہت ہی خوب فرمایا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

الشیطان فارغ وانت مشغول۔	شیطان فارغ ہے اور تو مشغول ہے۔ وہ تجھے
الشیطان یراک وانت لا تراہ۔	دیکھتا ہے مگر تو اسے نہیں دیکھتا۔ وہ تجھ
انت تحسد وھو لا یشتک	بھی برا ہے مگر تو نے تجھے نہیں بھیجا۔
ومن نفسک شیطان تعبث	تیرے اندر بھی شیطان کئی بار دوڑتا
اعوان قد لا یرمن محاربتہ	ہیں۔ ان جیسے دشمن سے تو ہر لمحہ
وقھرہ واکثر من عدد	مغلوب کرنے میں مصروف ہے۔ وہ تو
ابدا۔	کبھی تجھ پر اور اپنے ساتھیوں سے غافل نہیں ہوتا۔

سوال: کس طرح ابلیس سے عداوت کا حق ادا ہو سکتا ہے۔ اور کونسی چیز اس کو زیادہ مغلوب کرنے والی ہے؟

جواب: اہل عبادت و محبت کے ہاں اس کے دو طریقے ہیں۔

ایک تو شیخ محمد بن فضل رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ابلیس کو دفع کرنے کے لیے سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ تم اس کے ساتھ اس طرح رہو جیسے وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے۔ اس کے ساتھ اس طرح دشمنی رکھو جس طرح وہ تمہارے ساتھ دشمنی رکھتا ہے۔ اور اس کے ساتھ اس طرح جنگ کرو جس طرح وہ تمہارے ساتھ جنگ کرتا ہے۔ وہ تمہارے ساتھ ہر وقت جنگ کرتا ہے۔ اس لیے تم بھی اس کے ساتھ ہر وقت جنگ کرو۔ اور تم اس کے ساتھ جنگ کرنے میں کبھی سستی و کاہلی نہ کرو۔ اور نہ کبھی اس کے ساتھ صلح کرو۔ اس لیے کہ اس کے ساتھ صلح کرنا ہی اس کی ہلاکت ہے۔ جو اسے ہلاک کرنے کا

ہٹا دے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس سے مقابلہ کیا جائے۔ اس کو مٹانے اور اس کی مخالفت کے لیے ہر وقت کمر بستہ رہا جائے۔ ہمیں امام غزالیؒ کہتے ہیں کہ ہمیں ان دونوں طریقوں میں سے زیادہ مناسب اور بہتر یہ ہے کہ دونوں طریقوں پر عمل کیا جائے۔ اول تو اس کی شرارتوں سے رب تعالیٰ سے پناہ مانگی جائے جیسے کہ حدیث میں آیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کی ذات سے ہمیں محفوظ رکھنے کی توقع ہے۔

پھر ہمیں یہ محسوس کرنا کہ شیطان اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگنے کے باوجود ہمارا پیچھا نہیں چھوڑتا اور ہمارے آگے کی کوشش کرتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ہمارے جہاد سے ہماری قوت اور ہمارے صبر کا امتحان مطلوب ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ تم شیطان سے مقابلہ و مجادلہ کرتے ہوئے اس سے مغلوب ہو جاتے ہو۔ جیسے کہ اس سے ہر انسان دوچار ہوتا ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ — اور بیشک ہم نے ان لوگوں کا امتحان لیا جو ان سے پہلے تھے

فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ صَدَقُوا — پس اللہ ضرور ان لوگوں کو جانتا ہے جو سچے ہیں

وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِينَ ۝ — اور ضرور ان لوگوں کو جانتا ہے جو جھوٹے ہیں

یعنی اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ ظاہر کرتا ہے۔ اور فرمایا:

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ — کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ تم جنت میں داخل

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا — ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے

مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ ۝ — جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو نہیں جانا

یعنی ان کے ذریعہ ظاہر نہیں کیا۔

تو اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں جہاد اور ہماری کوشش کا حکم دیا ہے۔ اور ہمارے صبر کو آزمانے کے لیے شیطان کو مقرر کیا ہے۔ اور اس سے مقابلہ کرنے کے لیے تین چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔

پہلی چیز یہ ہے کہ قرآن کے حقوق و آداب کو معلوم کرے اور جو چیز نہیں جانتا اس کو سیکھ لے۔ جب تک ان باتوں کا علم نہ ہو جائے گا تو پڑھنے والا قرآن کو نہیں سمجھ سکے گا۔ جیسے چور کو جب حکم ہوتا ہے تو حاکم کو یہ علم ہو جاتا ہے کہ چور کو کیا سزا دینی ہے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ قرآن شیطان کی وساوس دعوت کو ہرگز منظور نہ کرو۔ اور نہ ہی اس سے متاثر ہو۔ اور قرآن سے کسی طرح کی طرف توجہ نہ دو۔ کیونکہ ابلیس ایک سوکھے درخت کی طرح ہے اگر قرآن کو پڑھنے والے توجہ نہ دیں گے تو وہ بھی خشک ہو جائے گا۔

ابلیس سے حفاظت کی تیسری تدبیر یہ ہے کہ ذکر الٰہی کی کثرت کی جائے۔ جیسا کہ رسول معظم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

ان ذکر اللہ تعالیٰ فی جنب شیطٰن	شیطان کے لیے اللہ تعالیٰ کا ذکر
کالزکیۃ فی حنب ابن آدم۔	جیسے انسان کے لیے زکوٰۃ

سوال: شیطان کے مکر و فریب کس طرح معلوم ہو سکتے ہیں؟

جواب: شیطان کے مکر و فریب تین طرح کے ہیں۔ اول تو ان کے وسوسے ہیں جو ان کے ذریعہ ہوتا ہے لوگوں کے قلوب میں ڈالتا ہے۔ قرآن و حدیث کا علم نہ ہونے کی وجہ سے ان وساوس کو معلوم کرنے سے عاجز ہوتے ہیں۔

دوسرے ان کے وہ فریب ہیں جو ان کے دوستوں کے ذریعہ ہوتے ہیں۔ ان دوستوں کے دل میں شیطان کی محبت ڈالتا ہے اور ان کی محبت شیطان کے دوستوں کے ساتھ ہوتی ہے۔ قرآن و حدیث کے علم نہ ہونے کی وجہ سے ان کو معلوم کرنے سے عاجز ہوتے ہیں۔ تیسرے ان کے وہ فریب ہیں جو ان کے ذریعہ ہوتے ہیں۔ ان کتابوں کی تصنیف کی ہے۔ قرآن و حدیث کے علم نہ ہونے کی وجہ سے ان کتابوں کی تصنیف کی حقیقت کو معلوم نہیں کر سکتے ہیں۔ ہر باطل پرست اپنی کتاب میں اپنے مذہب کی تائید میں آیات و احادیث کو پیش کرتے ہیں۔ قرآن و حدیث کے علم نہ ہونے کی وجہ سے ان کتابوں کی حقیقت کو معلوم نہیں کر سکتے ہیں۔

چوتھا اُصول:

دل بندے کے نفیس و قیمتی جواہر کا خزانہ ہے۔ ان اعلیٰ جواہروں میں سے ایک جوہر اعلیٰ و عمدہ ہے وہ معرفت خداوندی ہے جو دونوں جہان کی سعادت کا ذریعہ ہے۔ اور وہ قلبی بصیرت ہے جس کی وجہ سے دربار الٰہی میں انسان کو وجاہت اور بزرگی حاصل ہوتی ہے۔ پھر دل سے تعلق رکھنے والی عمدہ چیزوں میں سے ایک عمل و چیز عبادت و طاعات میں نیت خالص ہے جس کے ساتھ ثواب و جزاء کا تعلق ہے۔ اس کے علاوہ دل کے متعلقات میں سے علوم اور حکمت کی باتیں ہیں جو بندے کے لیے شرف کا باعث ہیں۔ اور پاکیزہ اخلاق و اچھی عادتیں ہیں جن سے انسان کو فضیلت، عظمت اور عزت حاصل ہوتی ہے ہم نے اپنی کتاب "احیاء علوم دین" میں اس بات کو پوری شرح و تفصیل سے لکھا ہے۔

تو جب دل ایسے گراں قدر اور بیش بہا جواہر کا خزانہ ہے تو ایسے خزانے کی ہر قسم کی بھرپور حفاظت اور چوروں و ڈاکوؤں وغیرہ سے حفاظت و نگہداشت ضروری ہے۔ یہ ایسا خزانہ ہے جس کی حفاظت ہر حال ضروری ہے تاکہ اس کے گراں قدر موتی خراب نہ ہوں اور نہ کوئی دشمن ان پر قبضہ کر سکے۔

پانچواں اُصول:

میں نے دل کے حالات پر غور کیا تو مجھے اس کے پانچ حالات ایسے ملے جو دوسرے کسی عنصر میں نہیں پائے جاتے:

(۱) یہ کہ دشمن ہر وقت اس کی طرف متوجہ ہے اور اسے تباہ کرنے کا قصد کیے ہوئے ہے۔ کیونکہ شیطان انسان کے دل کے ساتھ ہر وقت لگا رہتا ہے۔ تو قلب اس لحاظ سے دونوں کی منزل ہے۔ شیطان اور فرشتہ دونوں سے پیغام دعوت دینے میں مصروف رہتے ہیں۔

(۲) اس کی دوسری حالت یہ ہے کہ قلب کی مصروفیت بہت زیادہ ہے۔ کیونکہ عقل و شہوت دونوں اپنے اپنے لشکر اس میں دوڑاتے رہتے ہیں۔ گویا یہ عقل و شہوت دونوں کے لشکروں کا میدان کارزار ہے۔ اس تشریح سے دل دونوں کی جنگ اور دونوں کے مقابلے کا مقام بنا رہتا ہے۔ تو جو مقام دونوں دشمنوں کے درمیان حد کی حیثیت رکھتا ہو اس کی نگہداشت بہت ضروری امر ہے۔

(۳) اس کی تیسری حالت یہ ہے کہ اس کے عوارض و لواحقات بہت زیادہ ہیں۔ اس لیے کہ وسوسے و خطرات تیروں کی مانند ہیں جو ہمیشہ اس پہ برستے رہتے ہیں۔ یا بارش کی طرح ہیں کہ ہمیشہ اس پر گرتے رہتے ہیں۔ کبھی بند نہیں ہوتے۔ اور انسان کو یہ طاقت نہیں کہ انہیں روک یا بند کر سکے۔ وہ دل کوئی آنکھ کی طرح تو ہے نہیں کہ خطرے کے وقت اسے بند کر لیا جائے اور بوقتِ امن کھول لیا جائے۔ نیز یہ قلب کسی تنہا مقام میں بھی نہیں اور نہ یہ کہیں رات کی تاریکی میں مخفی ہے کہ دشمن اسے نہ پا سکیں۔ اور نہ یہ زبان کی مانند دانتوں اور ہونٹوں کی حفاظت میں ہے کہ تو اسے بچا سکے اور محفوظ رکھ سکے۔ بلکہ دل تو خطرات و وساوس کا نشانہ ہے۔ اور تم میں ان خطرات و وساوس کو روکنے کی پوری قوت نہیں کہ صحیح معنی میں اس کی نگہداشت کر سکو۔ لہٰذا خطرات و وساوس کو مزید تقویت پہنچاتا رہتا ہے۔ اس بنا پر قلب سے تعلق رکھنے والے خطرات کا مقابلہ سخت کوشش اور محنت چاہتا ہے۔ اور ان خطرات کا دفاع عظیم جدوجہد کا متقاضی ہے۔

(۴) اس کی چوتھی حالت یہ ہے کہ اس کا علاج اس بنا پہ بھی مشکل ہے کہ یہ انسان کی نظر سے غائب ہے۔ اس بنا پر بہت بعید ہے کہ تم اس کی آفات اور اس کے لیے نقصان رساں اشیاء کو جان سکو اور ان پر اطلاع پا سکو۔ اس لیے اصلاحِ قلب کے لیے طویل مجاہدوں، کوششوں اور ریاضتوں کی ضرورت ہے۔

(۵) اس کی پانچویں حالت یہ ہے کہ آفت اس پر جلدی حملہ آور ہوتی ہیں اور یہ ہر وقت تغیر و تبدیلی کے لیے تیار رہتا ہے۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ دل ہنڈیا کے اُبلنے سے بھی جلدی تغیر میں آجاتا ہے۔ کسی شاعر نے کہا ہے:

ما سمی القلب الا من تقلبہ ورمی بضرب بالانسان اطوارا

(ترجمہ) قلب کا نام اسی بنا پر قلب رکھا گیا ہے کہ یہ ہر آن اول بدل ہوتا رہتا ہے۔ اور اس میں مختلف رائیں پیدا ہوتی رہتی ہیں۔

پس اگر دل کو غرش کہا جائے تو اس کی لغزش بہت بڑی لغزش ہوگی اور اس کا بگڑنا نہایت پریشان کن امر ہوگا۔ اس لیے کہ دل کی غرش کا ادنیٰ درجہ قساوت اور غیر اللہ کی طرف میلان ہے۔ اور اس کی لغزش کا آخری درجہ یہ ہے کہ اس پہ کفر کی مُہر لگ جاتی ہے۔ کیا تم نے اللہ تعالیٰ

کا یہ ارشاد گرامی نہیں سنا:

اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ۔ (میں نے سجدہ سے انکار کیا اور تکبر کی وجہ سے کافروں میں سے ہو گیا۔

اس کے دل میں تکبر تھا جس کے باعث وہ حکم ربی سے منکر اور کافر ہو گیا۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

وَلٰکِنَّہٗ اَخْلَدَ اِلَی الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ ھَوٰہُ۔ (لیکن وہ تو زمین سے چمٹ گیا اور اپنی خواہش کا پیروکار بن گیا۔

تو ان دونوں کی طرف میلان اور خواہش کی پیروی چونکہ اس کے دل میں تھی اس کے باعث وہ ایک متکبر گناہ گار بن گیا۔ قرآن مجید میں فرمایا ہے:

وَنُقَلِّبُ اَفْئِدَتَھُمْ وَاَبْصَارَھُمْ (اور ہم ان کے دلوں اور آنکھوں کو الٹ دیں گے

کَمَا لَمْ یُؤْمِنُوْا بِہٖٓ اَوَّلَ مَرَّۃٍ وَّ (جیسے اس قرآن پر پہلی بار یقین نہ لانے کی طرح

نَذَرُھُمْ فِیْ طُغْیَانِھِمْ یَعْمَھُوْنَ۔ (پھر بھی یقین نہیں لائیں گے۔ اور ہم ان کو چھوڑ دیں گے

کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے پھریں۔

اے عزیز! انسان اللہ تعالیٰ اسی بنا پر دل کے معاملے میں نہایت حساس بنایا گیا ہے اور گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ اس کی حساسیت اور بڑھتی جاتی ہے اور اپنی بڑی کوشش اس کی اصلاح و درستی میں صرف کر دیتے ہیں۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے:

یَتَّقُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْہِ الْقُلُوْبُ (وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس دن خوف کے مارے

وَالْاَبْصَارُ۔ دل اور آنکھیں الٹ جائیں گی۔

اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو عبرت پکڑنے والوں، ہدایت یافتہ لوگوں اور صحیح قلب کی طلب و دعا کرنے والوں میں شامل فرمائے ——— وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

سوال:

بیشک دل کی اصلاح کا معاملہ نہایت ہی اہم ہے اس لیے ہمیں وہ امور بتائیے جن کو اختیار کرنے سے اس کی اصلاح ہو سکتی ہے۔ اور ان آفات و مہلکات کی بھی نشان دہی کر دیجیے جو خرابی قلب کا باعث بنتی ہیں۔ ممکن ہے ہمیں بھی اللہ تعالیٰ ان پر عمل پیرا ہونے کی توفیق دیدے۔ اس طرح ہم آپ کے

بتائے ہوئے اصولوں کی روشنی میں دل کی اصلاح کر سکیں؟

جواب:

اصلاحِ قلب کے اسباب و ذرائع کی تفصیل نیا صی طویل ہے۔ یہ مختصر تالیف اس پوری تفصیل کی متحمل نہیں۔ علمائے آخرت نے اصلاحِ قلب کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے ایک جامع نکتہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ اور انہوں نے دل کو درست کرنے والے نوّے خصائل حمیدہ اور اتنی تعداد میں خصائل رذیلہ بیان کیے ہیں جو فسادِ قلب کا باعث ہیں۔ پھر اصلاح سے تعلق رکھنے والی اور اس سلسلہ میں کوشش کا طریقہ اور لائق اجتناب امور کو مفصل طور پر بیان کیا ہے۔ اگرچہ قلب سے تعلق رکھنے والی ابحاث بظاہر طویل معلوم ہوتی ہیں۔ مگر خدا کی قسم جو شخص دین کی اہمیت سے واقف نہ ہو وہ احمقوں کی طرح خوب غفلت میں نہیں پڑا ہوا بلکہ بیدار ہے اور اپنی بھلائی کے امور میں غور و فکر کرتا رہتا ہے۔ تو ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی توفیق و اعانت سے ان تمام تفصیلات کو پڑھنے اور ان پر عمل پیرا ہونے کو زیادہ تصور نہیں کرے گا۔

اور ہم نے ان تفصیلات کا کچھ تھوڑا حصہ اپنی کتاب "احیاء العلوم" کے باب شرح عجائب قلب میں بیان کیا ہے۔ لیکن پوری تفصیل اور کیفیت علاج وغیرہ کا بیان ہم نے اپنی کتاب "مہمات الدین" میں کیا ہے۔ اور وہ ایک مستقل کتاب ہے جو فوائد عظیمہ پر مشتمل ہے۔ لیکن ان تفصیلات سے بیدار راسخ علم ہی کما حقہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اور اس کتاب منہاج العابدین میں ہم نے وہ اسباب بیان نہیں کیے ہیں جس سے مبتدی متنبی قوی و ضعیف نفع حاصل کر سکے یعنی اس کتاب میں ہم گہرائی اور باریکی میں نہیں گئے۔

جب ہم نے ان امور پر غور کیا جو اصلاحِ قلب کے سلسلہ میں کام آتے ہیں اور جن کی بہت ضرورت ہے اور کوئی بھی شخص ان سے بے نیاز نہیں ہو سکتا تو چند فنون ہمارے سامنے آئے۔ جن سے اصلاحِ قلب پیدا کرنے والے بھی چند امور سامنے آئے۔ جو عابدین کے لیے سخت پیچیدگی پیدا کرنے والے اور دل مجاہد کے لیے آفت ہیں۔ دلوں کے لیے فتنہ نفس کے لیے بڑا اندیشہ ہیں۔ کہ وہ پیدا کرنے والے ہیں بیزاری کو عیب ناک اور برباد کرنے والے ہیں۔ ان کے مقابلہ میں چند امور ہیں جن سے عبادت کا معاملہ زیادہ اختیار کرتا ہے اور قلوب اصلاح پذیر ہوتے ہیں۔

فسادِ قلب کا باعث یہ چار چیزیں ہیں :

(۱) دنیا کی اُمیدیں۔ (۲) عبادت میں جلد بازی۔ (۳) حسد۔ (۴) تکبر۔

اس کے مقابلے میں اصلاح کرنے والی یہ چار چیزیں ہیں ہیں :

(۱) امیدیں کم کرنا۔ (۲) عبادات میں تحمل و آہستگی۔ (۳) مخلوق کے ساتھ خیر خواہی۔

(۴) خشوع اور تواضع سے پیش آنا۔

یہ ہیں وہ آفات جن کے ساتھ قلب کی اصلاح یا خرابی وابستہ ہے اور انہیں پر صلاح و فساد کا دار و مدار ہے۔ اس لیے اسباب فساد سے بچو۔ اور مفید قلب باتوں کو اختیار کرو۔ تاکہ آخرت کی شقاوت سے محفوظ رہو اور اپنے مقصود کو حاصل کر سکو۔ میں تمہارے آگے مختصر مگر جامع طریقہ سے ان آفات کی وضاحت کرتا ہوں۔

طولِ امل کا بیان :

لمبی امیدیں نیکی و طاعت کی راہ میں رکاوٹ ہیں، نیز ہر فتنے اور شر کا باعث ہیں۔ لمبی امیدوں میں مبتلا ہونا ایک لاعلاج مرض ہے، جو لوگوں کو دہبت سی مختلف امراض میں مبتلا کرتا ہے۔

اے عزیز! جب تو لمبی امیدوں میں مبتلا ہو جائے گا تو اس سے چار چیزوں میں اضافہ ہوگا :

ایک ترک طاعت میں زیادتی، دنیا کی دلچسپی میں سستی میں اضافہ ہوگا۔ اور عبادت و نیکی بجا لانے کے وقت تم اپنے دل میں کہو گے بھی تھوڑی دیر بعد کروں گا۔ ابھی کافی وقت ہے۔ عبادت کا موقع فوت نہیں ہونے دوں گا۔ حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ نے بالکل سچ فرمایا ہے :

من خافت الوعید قرب علیہ	جو اللہ تعالیٰ کی وعید سے ڈرتا ہے وہ دور کو بھی
البعید۔ و من طال امله ساء	نزدیک بیان کرتا ہے۔ اور جو لمبی امیدوں میں مبتلا
عمله۔	ہو جاتا ہے وہ بداعمالی کا شکار ہو جاتا ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے :

الامل قاطع عن کل خیر والطمع	دنیا کی امیدیں انسان کو ہر نیک کام سے کاٹ
مانع من کل حق۔ والصبر صائر	دیتی ہیں اور طمع و لالچ ہر حق سے انسان کو روک

الی کل خیر۔ والنفس داعیۃ — دیتا ہے اور ہر بھلائی کی طرف رغبتی کرتا ہے

الی کل شر۔ — اور نفس امارہ ہر شر اور برائی کی طرف بڑھتا ہے۔

دوسری چیز جس سے طول امل میں زیادتی ہوتی ہے ترک توبہ ہے۔ طول امل کی وجہ سے انسان توبہ کرنے سے ٹال مٹول شروع کر دیتا ہے اور دل میں کہتا ہے ابھی توبہ کر لوں گا۔ ابھی دنیا میں جی جان جوان ہوں۔ میں ابھی کم عمر ہوں۔ توبہ ہر وقت میرے اختیار میں ہے جب چاہوں گا کر لوں گا۔ اسی طرح بیہودہ خیالات میں پڑ جاتا ہے اور صلاح امور سے پہلے ہی موت چپکے سے آ دبوچتی ہے۔ اور وہ خسر الدنیا والآخرہ ہو جاتا ہے۔

تیسری چیز مال جمع کرنے کی حرص ہے جو طول امل سے اور بڑھ جاتی ہے۔ یہ حرص کے نشہ میں انسان آخرت سے غافل ہو جاتا ہے اور اشغال دنیا میں ڈوب جاتا ہے۔ اور حرص میں مبتلا ہو کر اپنے آپ سے یوں کہتا ہے شاید میں بڑھاپے میں جا کر محتاج ہو جاؤں ضعف پیری اور ناتوانی کے باعث شاید خود نہ کما سکوں لہٰذا میرے پاس فاضل ذخیرے کا ہونا ضروری ہے تاکہ بیماری یا بڑھاپے یا تنگ دستی کے وقت کام آ سکے۔ اسی طرح کے ہزاروں خیالات اسے دنیا کی حرص کی طرف روز بروز راغب کرتے رہتے ہیں۔ ایسا انسان کھانے پینے کی چیزوں کا بڑا اہتمام کرتا ہے۔ کبھی کہتا ہے میں کیا کھاؤں، کبھی کہتا ہے کیا پیوں، کبھی لباس کی فکر میں ہوتا ہے۔ کبھی کہتا ہے گرمی سردی سر پر ہے اور میرے پاس کوئی شے نہیں۔ کبھی یہ سوچتا ہے شاید میری عمر تھوڑی ہو۔ اور آخر عمر میں جا کر تنگدست ہو جاؤں اور پچھلی عمر میں محتاجی زیادہ غلبہ کرتی ہے۔ ایسے نازک وقت کے لیے کچھ نہ کچھ پاس ہونا ضروری ہے تاکہ اس وقت لوگوں کا دست نگر نہ ہونا پڑے۔ یہ اور اسی قسم کے بیہودہ خیالات اس کو حب و رغبت دنیا موجود سامان دنیا میں تحصیل کرنے اور مزید جمع کرنے پر ابھارتے رہتے ہیں۔ ایسے بیہودہ خیالات کا کم از کم اثر یہ ہوتا ہے کہ یہ انسان دنیا کی محبت و حرص میں پھنس جاتا ہے۔ اس کا قیمتی عمر اور اس کا وقت عزیز ان امیدوں کی نذر ہو جاتا ہے۔ بے فائدہ اور لغو غم و فکر میں مبتلا رہتا ہے۔ حضرت بوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

تمسی وھم یوم لم تدرکہ تیس — آئے دن کی تکلیف تجھے پریشان رکھتی ہے

وکیف ذہبت اباذر قال ان — کسی نے عرض کیا وہ کیسے، تو آپ نے فرمایا کہ

اصلی جواب یہی ہے کہ ہمیں یہی حکم دیا گیا ہے۔

یہ دعا جس وقت قلب اور نفس آخرت سے بھر جاتی ہے تو اس وقت ہو جاتی ہے کیونکہ جب انسان کے دل میں آخرت کی محبت بس جاتی ہے تو دنیا ہموم بن جاتی ہے۔ چنانچہ آخرت کی رغبت کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ان خوف ما تخاف علیکم ۔ تمہارے بارے میں جس چیز کا خوف ہے

الفتنۃ ان تصیب الامر الذی ہو ۔ وہ فتنہ یہ ہے کہ دنیا کی خوشحالی

الامر الذی تصیب الاخرۃ ۔ جس سے آخرت کو نقصان پہنچتا ہے

والتباغض الذی یصیب الحلق ۔ اور باہمی بغض جو حلق کو کاٹ دیتا ہے۔

(اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ دنیا کے بارے میں ایک دوسرے کی رقابت)

دنیا میں آخرت کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ لوگوں سے پہلے ہوں اور خصوصاً مدعی ہونا

دوسروں کے دل پر قساوت چھا جاتی ہے کیونکہ رقت اور روحانی قلب تو موت کو یاد رکھنے

قبر کی وحشت اور اس کی تنہائی آخرت کے تو سے اور عذاب اور وہ ہول کہ خوفناک مناظر دیکھ کر

یاد رکھنے سے ہوتی ہے۔ اور جب ان میں سے کوئی بات بھی نہ ہو تو خوف کیسے پیدا ہو۔ اللہ تعالیٰ

فرماتا ہے:

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الظَّالِمِينَ

پس ان دونوں کا انجام یہ ہوا کہ دونوں جہنم میں جائیں گے اور ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ اور یہی

ظالموں کی سزا ہے۔

تو جس کو اپنی موت کا یقین ہو جائے گا۔ قبر کی تنہائی سے ڈر جائے گا۔ اس کی وحشت کو یاد رکھے گا۔ حشر کی ہولناکی سے خوف کھائے گا۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑے ہونے سے ڈرے گا۔ اور جس کو یہ یقین نہ ہو تو اس کی آخرت برباد ہو جائے گی۔ تو اس سے بڑھ کر اور کیا خرابی ہوگی۔ اور یہ سب خرابی وہاں سے پیدا ہوگی کہ باطن پر غفلت چھا گئی۔ اپنی بیماریوں کو نہ دیکھا۔ موت کے قریب تصور کرو اپنے قلب اور نفس کو ہر وقت آخرت کے لیے تیار رکھو جبکہ انہیں کوئی وہم و گمان نہ تھا اور وہ بالکل بے خبر تھے۔ اور اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈراؤ۔ اور عوف بن عبداللہ کا یہ قول یاد کرو:

لہ من مستقبل یوما لہ یستکمنہ و منتظر غدا لہ تحریدرکہ۔

کتنے ایسے ہیں جو آج کو پاتے ہیں گزشتہ سے قبل موت کی آغوش میں جا سوتے ہیں۔ درکتنے ہی آئندہ کل کی انتظار میں ہوتے ہیں مگر وہ انہیں نصیب نہیں ہوتا۔

اگر تمہیں فی الواقع موت اور اس کے شدائد کا حساس ہوتا تو تم کو اس کی فریب دہ سستی اور تغافل کرتے۔ تم نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قول نہیں سنا؟ آپ نے فرمایا ہے:

لہ یا ثلاثۃ ایام امس مضی ما یبقی منہ شیء وغدا لا تدری لعلک لا تبلغہ ویوم انت فیہ فاغتنمہ۔

دنیا تین روز ہے۔ ایک وہ جو گزر گیا۔ اس کا کچھ بھی تیرے قبضہ میں نہیں۔ ایک آئندہ کل جس کے متعلق کوئی علم نہیں کہ وہ تجھے نصیب ہو یا نہ ہو۔ اور ایک آج کا دن جس میں تم موجود ہو تو اس کو غنیمت جانو۔

نیز کیا تم نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول نہیں سنا؟ آپ فرماتے ہیں:

لہ انما انت ثلاث ساعات۔ ساعۃ مضت وساعۃ انت فیہا وساعۃ لعلک لا تدرکہا۔

دنیا تین ساعت ہے۔ ایک وہ ساعت جو گزر گئی اور ایک وہ جس میں تم موجود ہو اور تیسری وہ جو شاید تمہیں نصیب ہو یا نہ ہو۔

تو حقیقت میں تمہارے پاس صرف ایک ہی گھڑی ہے۔ میرے شیخ قدس سرہٗ کا ارشاد ہے:

لہ انفاس الخلائق معدودۃ فکل نفس یخرج فیہ العبد طاعۃ فقد حضر اجلہ۔

مخلوق کے سانس گنے ہوئے ہیں۔ ہر سانس جو بندہ طاعت میں خرچ کرلیا ایک وہ جو اب تمہارے پاس ہے۔ ایک آئندہ جس کے پانے کا کوئی علم نہیں کیونکہ کئی ایسے سانس لینے والے ہیں جن کو موت نے دوسرے سانس کی مہلت نہ دی۔ تو درحقیقت انسان ایک ہی سانس کا مالک ہے۔ ایک دن یا ایک گھڑی کا بھی مالک نہیں۔ لہٰذا اس ایک سانس میں ہی طاعت و عبادت کی جس آدمی نے کوتاہی نہیں کرنی چاہیئے۔ ایسا نہ ہو کہ یہی فوت ہو جائے۔ روزہ کرنے میں بھی جلدی کرو۔ ایسا نہ ہو کہ وقت افطار تک تم موت آنے والے سانس کی فرصت نہ دے۔ آنے والی گھڑی کے لیے رزق کی فکر نہ کرو۔ شاید کل ساعت تک زندگی وفا نہ کرے اور خود مختار و فکر مند ہو کہ یہ وقت بھی

[illegible] ہے اور [illegible] جب جاتے ہیں لیکن انسان رزق کی تلاش و دوڑ میں اس قدر [illegible] کر اپنا وقت [illegible] ہے یہ مثال دے کر [illegible] حضرت [illegible] مسجد [illegible] متعلق فرمایا:

ما تقتنيون من سلعة تشترى	اے لوگو! تم سامان تعجب نہیں کرتے جو بیچا
يسير شهرا ان سلعة تحويل	کہ ایک [illegible] مہینہ [illegible]
ومن تقدم وضعت قدما	[illegible] ہو گیا ہے۔ فی کی قسم میں نے
فضنت انى رفعها والقمة	جب بھی اس [illegible] تو میرا یہی گمان تھا
فضنت انى سبقها حتى يدرك	کہ شاید [illegible] جائے [illegible]
الموت ما ذى نفسى بيده	[illegible] میری جان ہے [illegible]
ان هو لوسط ذلك رأيتهم	[illegible]
بمعجزين	قدرت میں [illegible]

[illegible] ہے وہ صورت [illegible] شدت کی گرمی [illegible]

[illegible] ان باتوں کو [illegible] گا اور ہمیشہ [illegible] میں [illegible]

[illegible] ان باتوں میں [illegible] اس وقت [illegible] کی [illegible] جلد [illegible]

[illegible] خیال پیدا ہو۔ توبہ سے گناہ چھوٹ جائیں گے اور [illegible] دنیا سے نفرت ہو جائے گی اور آخرت میں حساب کے [illegible] پیدا ہو جائے گی اور [illegible] نہیں ہوگی تیسرے آخرت اور اس کے [illegible] دنیا میں [illegible] سے نفس کی حالت تبدیل ہو جائے گی۔ اسی طرح جب تک یہ [illegible] آخرت [illegible] ذہن میں [illegible] رہے گا تو [illegible] قوت قلبی اور ہو جائے گی [illegible] دل میں [illegible] اور [illegible] پیدا ہو جائے گی۔ اور اس [illegible] اور [illegible] برکت سے [illegible] دنیا کی [illegible] نفسانیت [illegible] پیدا ہو جائے گی۔ اور [illegible] میں [illegible] نصیب ہو جائے گی اور اپنی [illegible] آخرت میں کامیابی کی [illegible] ہو جائے گی ——— یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے فضل اور [illegible] سے ہوگا۔

روایت ہے کہ کسی شخص نے حضرت زید بن وہب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو ان کی وفات کے بعد

خواب میں دیکھا تو ان سے پوچھا اے برزخ میں بسنے والو! تمہارے نزدیک کونسا عمل بہتر ہے؟ تو آپ نے جواب دیا "رضا الٰہی اور امیدوں کو کوتاہ رکھنا"۔

اے عزیز! تو بھی اپنے حال پر نظر کر اور یہ بلند مقام حاصل کرنے میں پوری کوشش کر کیونکہ طول امل سے بچنا بڑی نیکی کی بات ہے جس سے قلب اور نفس کی اصلاح ہوتی ہے ——— واللہ تعالیٰ ولی التوفیق بفضلہ وبرحمتہ۔

دوسری آفت، حسد:

بے شک حسد نیکیوں کو تباہ کرتا ہے اور گناہوں پر راغب کرتا ہے۔ یہ بڑا بڑا مرض ہے جس نے بڑے بڑے علماء و فقراء مبتلا کیے ہیں۔ عوام اور جہلاء کا کیا ذکر۔ اس حسد نے لوگوں کو ہلاک کر دیا اور دوزخ میں ڈال دیا۔ کیا تو نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا یہ ارشاد نہیں سنا؟ آپ نے فرمایا ہے:

ستة یدخلون النار بستة	چھ قسم کے لوگ چھ وجہ سے دوزخ میں جائیں گے
العرب بالعصبیة والدھماء	عرب عصبیت کی وجہ سے اور دہقان[2] تکبر کی وجہ سے
والدھاقین بالکبر	چودھری لوگ تکبر کی وجہ سے اور لوگ خیانت
والتجار بالخیانة والامراء بالجور	اور بدیانتی کی وجہ سے اور امراء ظلم[3] کی وجہ سے
والعلماء بالحسد	اور علماء حسد کی وجہ سے۔

بے شک بوقت موت کو بھی دوزخ میں لے جانے کا باعث اور سبب حسد سے بچنا ضروری ہے۔

اے عزیز! جان لے کہ حسد سے پانچ خرابیاں پیدا ہوتی ہیں:

(۱) دین میں خرابی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے:

الحسد یاکل الحسنات کما تاکل	حسد نیکیوں کو اس طرح برباد کرتا ہے جس طرح
النار الحطب۔	آگ سوکھی لکڑیوں کو جلا دیتی ہے۔

حسد سے دوسری چیز جو پیدا ہوتی ہے وہ گناہ اور برائیاں ہیں۔ حضرت وہب بن منبہ فرماتے ہیں: حاسد کی تین نشانیاں ہیں:

يتمدك ذا شهوة و يغتاب — جب سامنے آتا ہے تو چاپلوسی کرتا ہے۔

اذا غاب و يشمت بالمصيبة — غیبت کرتا ہے۔ اور جب دوسرے

اذا نزلت — پر مصیبت آتی ہے تو خوش ہوتا ہے۔

ہیں تمام حسد کی برائی ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حسد کرنے سے پناہ

میں رہنے کا حکم دیا ہے۔ جیسے کہ خداوند تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔ — اور حاسد کے شر سے پناہ میں رکھ جب وہ

حسد کرنے پر اتر آئے۔

اللہ تعالیٰ نے حسد کے شر کو شیطان اور جن کے ساتھ ملا کر بیان کیا اور فرمایا ان سب سے

پناہ مانگو۔ تو غور کرو کہ حسد کتنا بڑا فتنہ اور جن کا شر کتنا بڑا ہے۔ اسی لیے فرمایا کہ اس سے تحفظ کے لیے

مجھ سے مدد طلب کرو اور میری پناہ میں آؤ۔

حسد سے تمہیں کوئی چیز بے چینی اور بے قراری اور غم و فکر کی حالت میں مبتلا کرتی ہے۔ بلکہ غم و فکر کے ساتھ طبیعت پر

بوجھ اور کبیدگی کی کیفیت بھی پیدا ہوتی ہے۔ حضرت ابن سماک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

حاوی ضد اشتبه بالمضوه — میں نے حسد سے بڑھ کر کوئی غم نہیں دیکھا

من الحاسد نفس دائم وعقل — کہ وہ شخص ہمیشہ غمگین اور پریشان حال رہتا ہے

هائم وغم لازم — اور ہر وقت غم میں مبتلا رہتا ہے۔

حسد سے چوتھی خرابی یہ پیدا ہوتی ہے کہ دل اندھا ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ متقیوں کے حکم

کو سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

ہمیشہ خوش رہنا چاہتا ہے تو کسی سے حسد نہ کر کیونکہ حسد سے پہلی خرابی تو یہ ہے کہ

متقیوں کی صحبت سے محروم ہو جاتا ہے۔ حسد نہ کر تاکہ تجھے فہم کی

تیزی نصیب ہو۔

حسد سے پانچویں قسم کی خرابی یہ پیدا ہوتی ہے کہ انسان ذلت اور رسوائی کی لعنت میں گرفتار ہو جاتا

ہے۔ جس کی وجہ سے کامیاب نہیں ہوتا۔ ورنہ پیچھے کسی دشمن پر غالب آ سکتا ہے۔ آفت کی تیسری قسم

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے:

"کینہ پرور دین دار نہیں ہوتا۔ لوگوں کے عیب نکالنے والا عبادت گزار نہیں ہو سکتا۔ بخیل خوش خلق نہیں ہو سکتا۔ حریص نفیس نہیں ہو سکتا۔ وہ حسد شخص نعمتِ خداوندی سے محروم رہتا ہے۔

میں کہتا ہوں حاسد شخص اپنی مراد میں کیسے کامیاب ہو سکتا ہے؟ کیونکہ اس کی مراد تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام بندوں سے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتیں چھن جائیں اور مجھے مل جائیں۔ وہ حسد کی بنا پر دشمنوں پر کیسے غالب آ سکتا ہے۔ کیونکہ اس کے دشمن تو اللہ تعالیٰ کے پیارے بندے ہوتے ہیں۔ حضرت ابو یعقوب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

"اے اللہ! تو نے اپنے بندوں پر جو نعمتیں کی ہیں ہمیں ان کے حسد سے محفوظ رکھ۔ بلکہ ان کے حالات مزید بہتر کر۔"

"حسد ایک ایسی بیماری ہے جو عبادت کے اجر و ثواب کو تباہ کرتی ہے۔ شر و فتنہ کی آگ بھڑکاتی ہے۔ آرام و سکون کو ختم کر دیتی ہے۔ دین کی ہمدردی سے محروم کرتی ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے انسان اپنے دشمن پر غالب نہیں ہو سکتا۔ اور نہ اپنی مراد میں انسان کامیاب ہو سکتا ہے۔ تو ثابت ہوا کہ حسد سے زیادہ کوئی خطرناک بیماری ایسی نہیں جس کے علاج کی فوری ضرورت ہو۔ لہٰذا اس مرض کے علاج سے غفلت نہ کرو بلکہ جلد اس مرضِ حسد کو دور کرنے کی فکر کرو ——— واللہ تعالیٰ ولی التوفیق بمنہ وکرمہ۔

عجلت یعنی جلد بازی کے نقصانات:

جلد بازی بہت سے مقاصد کو فوت کرتی ہے اور مفاسد میں مبتلا کرتی ہے۔ اس سے چند خرابیاں پیدا ہوتی ہیں:

پہلی آفت اور خرابی یہ کہ جو شخص جب خیر اور سعادت کا مرتبہ حاصل کرنے کا قصد کرتا ہے اور اسے حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو بسا اوقات اس کے حصول میں جلد بازی سے کام لیتا ہے۔ حالانکہ ابھی اس مرتبے کے حاصل کرنے کا وقت ہم بھی نہیں ہوتا۔ تو فوری طور پر وہ مرتبہ و مقام نہ ہونے کے باعث یا تو وہ سست و پست ہو کر کوشش و جدوجہد ترک کر دیتا ہے۔ اس طرح اس مرتبہ

سے محروم ہو جاتا ہے۔ اور یہ بات بھی دیکھنے میں آئی ہے۔ اور اس افراط کے باعث اس مرتبہ کو حاصل نہیں کر سکتا۔ اور یہ دونوں خرابیاں بے پروائی کا نتیجہ ہیں۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے:

ان دینکم ھذا متین فاوغلوا فیہ برفق ولا تبغضوا الی انفسکم عبادۃ اللہ فان المنبت لا ارضا قطع ولا ظھرا ابقی۔

یہ دین بڑا مستحکم دین ہے اس کو نرمی و رفق سے حاصل کرو جس طرح فصل حاصل کرنے والا کسان زمین کو بتدریج تیار کرتا ہے اور نہ اس کی ظاہری سطح کو ہی پہلی حالت میں باقی رہنے دیتا ہے۔

اور عربی کی مشہور مثل ہے:

ان لہ تستعجل تصل۔

اگر تم جلد بازی نہیں کرو گے تو اپنی منزل مقصود کو پہنچ جاؤ گے۔

ایک عربی شاعر کہتا ہے:

قد یدرک المتانی بعض حاجتہ وقد یکون مع المستعجل الزلل

بردبار شخص تو اپنے مقاصد پا لیتا ہے۔ مگر جلد باز کو اکثر اوقات پھسل جانا ہے

دوسری خرابی وہ آفت یہ ہے کہ بعض دفعہ شخص کو کوئی حاجت اور ضرورت پیش آتی ہے تو وہ متعلقہ کے حضور میں دعا کا ہاتھ اٹھاتا ہے اور دعا میں بہت کوشش کرتا ہے۔ اور بسا اوقات اس کی فطرت میں عجلت کرتا ہے اور یہ گمان کرتا ہے کہ اس نے دعا کی قبولیت میں ابھی تاخیر ہوئی ہے تو وہ دعا مانگنے سے تنگ آ جاتا ہے اور دل برداشتہ ہو جاتا ہے۔ کوشش کرنا ہی ترک کر دیتا ہے اور دعا کرنا چھوڑ دیتا ہے اور اس طرح اپنے مقصد اور حاجت کو نہیں پا سکتا۔

عجلت کی تیسری خرابی و آفت یہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان اس پر ظلم کرتا ہے تو یہ شخص اس کے حق میں بددعا کرتا ہے تو وہ تمام مسلمان اس بددعا کے اثر سے بچ جاتا ہے۔ اور اس طرح بددعا کرنے والا بددعا سے بچ جاتا ہے اور ہلاکت و معصیت میں پڑ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

وَیَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَہٗ بِالْخَیْرِ وَکَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝

اور انسان بعض اوقات بھلائی کی طرح برائی کی بھی دعا کرتا ہے اور انسان بڑا جلد باز ہے۔

[illegible] کی چوتھی خرابی اور آفت یہ ہے کہ حسد [illegible] ہر شے کی نہ تک پہنچنے سے پیدا ہوتا ہے اور ہر چیز [illegible] انکشاف کے بعد نصیب ہوتا ہے۔ اور جب انسان جلد باز نہ ہو اور نہ تحمل [illegible] کسی کام کے اندر توقف، تحمل، بردباری اور دوراندیشی سے کام نہیں لے گا [illegible] وہی ہیں جلد بازی کا ارتکاب کرے گا۔ تو اس طرح ضرور غلطی کھائے گا اور [illegible] میں کبھی بھی جلد بازی کا وبال نہ آنے دے گا۔ اس طرح بعض اوقات حرام غذا بھی پیٹ میں [illegible] لے گا۔ تو اس جلد بازی اور عجلت کے باعث اس کا دین ضائع ہو جائے گا۔ اور اس جلد بازی [illegible] زندگی میں کوئی خوبی نہیں جس میں وہ شخص مبتلا نہ ہو تو جس آفت کے باعث انسان [illegible] تباہ رہتا ہے۔ اور جس [illegible] کرنے میں [illegible] اپنے آپ کو [illegible] حسد ہی ان کی ہلاکت کا باعث بنے اور [illegible] سے بڑھ کر کوئی [illegible] بے انتہا آفت کا [illegible] اور اتر لے کے بعد [illegible] نہیں [illegible] ہے۔ واللہ ولی التوفیق بمنہ وکرمہ۔

کبر کا بیان:

[illegible] ایک ایسی آفت ہے جو [illegible] کا ذکر [illegible] کیا [illegible] نہیں سنا؟:

أبى واستكبر وكان من	(ابلیس نے انکار کیا اور تکبر کیا
الكافرين:	اور کافر ہو گیا۔

[illegible] اور [illegible] کو [illegible] اور [illegible] آفت [illegible] اور [illegible] نہیں [illegible] کبر ہے۔ کیونکہ یہ [illegible] اور [illegible] میں [illegible] ہے۔ اور جب یہ مرض کسی [illegible] سے تو اس کا علاج مشکل ہوتا ہے اور [illegible] سے اور ہزاروں طرح کی [illegible] ہوتی ہیں۔ [illegible] خرابیاں تو [illegible] ہیں۔ ایک حق سے محروم ہو جانا [illegible] کی [illegible] سے اندھا ہو جانا [illegible] حکام [illegible] کے [illegible] کے متعلق ذہن کا [illegible] ہو جانا [illegible] قبیح:

[illegible]	ہیں قریب ہیں آیات کے فہم سے ان دلوں کو
[illegible]	پیغمبروں کا ہونا حق کبریا ہیں۔

دوسری جگہ فرمایا:

[illegible]	جس کے تمام دل پر متکبر و زبردست کے دل پر
[illegible]	مہر دیتا ہے۔

اس سے دوسری خرابی یہ پیدا ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کبر سے دور رہنے والوں سے نارض ہوتا ہے جیسا کہ فرمایا:

[illegible]	بیشک اللہ تعالیٰ کبر کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا

اور اس سے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا کہ سب سے قبیح اور بدتر کون سی چیز ہے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

[illegible]	جس کے دل میں کبر ہو جس کی زبان فحش ہو
[illegible]	جس کی آنکھوں میں حیا نہ ہو جس کے باطن
[illegible]	میں درجہ بھر خوف نہ ہو۔

اور جب یہ بات ثابت ہوگئی کہ تمام خرابیوں کی بنیاد آخر میں دنیا کی محبت ہے تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

[illegible]	تین آدمیوں پر موت آنے سے پہلے تکبر ہے۔
[illegible]	جس پر بیشمار برائیاں ہیں کہ شخص کو
[illegible]	تعالیٰ اس وقت تک موت نہیں دیتا جب تک
[illegible]	اسے بیٹے رذیل بل وجس اور ذلیل دنیا سے
[illegible]	ذلیل و خوار نہ کرے۔ اور جب تک اس وقت تک
[illegible]	موت نہیں دیتا جب تک اسے دنیا سے بیک
[illegible]	محروم نہ کر دے اور جب تک اسے دنیا کے ایک گھونٹ کے لیے نہ
[illegible]	ترسا دے۔ اور جب تک بخشش کرنے والے کو اس وقت تک

حتی یمر غلہ بیعہ ولقدرہ — موت نہیں دیتا جب تک اسے سر کے بوں د

پنجاب میں آدمی کی ذلت نہ دیکھے۔

روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ متکبر کو اللہ تعالیٰ قہر و ذلیل و خوار رکھتا ہے۔
متکبر شخص پر ہونے والی ہیبت و ذلت یہ ہوتی ہے کہ وہ آخرت میں دوزخ کی آگ میں جلے گا۔ ایک
حدیث قدسی میں یوں وارد ہوا ہے:

الکبریاء ردائی والعظمۃ ازری — بڑائی میری چادر ہے اور عظمت میری ازار ہے۔

فمن نازعنی فی واحد منھما — تو جو شخص ان دونوں میں سے کوئی ایک بھی مجھ سے

ادخلتہ نار جہنم۔ چھیننے کی کوشش کرے گا میں اسے دوزخ میں

ڈال دوں گا۔

سبب یہ ہے کہ بڑائی و عظمت اللہ تعالیٰ کی صفات مختصہ میں سے ہیں۔ کسی دوسرے کو ان میں
سے جو چیز بھی اللہ تعالیٰ کی معرفت زائل کرے احکام خداوندی کے فہم سے محروم کرے جو تمام نیکیوں کا
اصل ہے، جس کے باعث اللہ تعالیٰ اسے دنیا میں ذلت و خواری اور آخرت میں عذاب دوزخ
کے لئے میں آئے ایسی خوفناک اور مہلک آفت سے بچنا اور دور رہنا نہایت ضروری ہے۔ کسی عقلمند کو
زیبا نہیں کہ ایسی نقصان دہ چیز سے غفلت برتے۔ بلکہ اس سے پرہیز کرے اور اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آ کر
اس سے اپنے آپ کو بچائے — واللہ تعالیٰ ولی الصلاح و التوفیق منہ — یہ ان آفات
باطنی کا مختصر سا بیان ہے۔ اور عقلمند آدمی وہ ہے جو اپنے قلب کی اصلاح کی اہمیت کو جانتا ہے اس کے
نزدیک قرآن و حدیث میں سے ہر ایک آفت بھی نہایت خوفناک ہے — واللہ الموفق۔

سوال:

سب آفات و امراض قلب کی نزاکت و خطرے کا باعث ہیں اور جب ان سے بچنا اس قدر
ضروری ہے اور جب ہمارے لیے ان آفات کی حقیقت و اہمیت سے واقف ہونا نہایت
ضروری ہے تو ذرہ مہربانی ان کی حقیقت و تفصیل بیان کیجیے اور وہ تدبیر و علاج بھی بتائیے
جن کو اختیار کر کے ہم ان سے محفوظ رہ سکیں۔

جواب: ان آفات و امراض قلب کا بیان بڑی طوالت و بہت تفصیل چاہتا ہے۔ ہم نے ان کی

پوری تفصیل ہم نے علوم و اسرار معارفات دین میں لکھ دی ہیں۔ اور اس کتاب میں ہم صرف مختصر گفتگو پر ہی اکتفا کریں گے ——— وباللہ التوفیق

اَمل کی حقیقت کا بیان:

ہمارے کثر علماء فرماتے ہیں کہ امل اس پختہ خیال کا نام ہے کہ میں تادیر زندہ رہوں گا۔ اور اس پر یہ خیال ہی یہ بات جائز ہے کہ عمدہ کی زندگی اور حیات اللہ تعالیٰ کی مشیت وعلم کے ساتھ وابستہ ہے اور اس دنیا میں نیک نیک کام کرنے کے لیے رہنا چاہیے۔ تو اس طرح کی نیت اور عزم اور ارادے کا نام تو امل ہے یعنی امیدوں کو زندہ رکھنا۔ تو جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ مجھے اس سانس کے بعد دوسرے سانس کا موقع ملے گا۔ یا آئندہ دن گھڑی تک میں ضرور زندہ رہوں گا تو ایسے شخص کو امل میں گرفتار امیدوں میں گرفتار۔ ایسا عقیدہ و خیال گناہ ہے۔ کیونکہ یہ ایک پوشیدہ معاملے پر حکم لگانا ہے لیکن اگر کوئی اللہ تعالیٰ کے علم اور اس کی مشیت سے مقید کرے اور یوں کہے کہ میں زندہ رہوں گا اگر اللہ تعالیٰ کے علم میں گزری زندگی باقی ہے تو میں زندہ رہوں گا۔ تو ایسے شخص کو امل نہیں کہتے۔ بلکہ ایسے شخص نے تو اپنے امل کو کم کر لیا۔ یوں ہی اگر کوئی نیک ارادوں کے ساتھ بہت سی امیدیں رکھے تو ایسے شخص کی امل میں شمار نہیں کی جائیں گی۔ بلکہ ایسا شخص قلیل امیدیں کوتاہ رکھنے والا ہے۔ کیونکہ ایسا شخص کسی معاملے میں بھی کوئی قطعی فیصلہ نہیں کرتا۔ تو بھی یہی روش اختیار کرو۔ اور وقت کے تقاضے اور موقع پر پیش نظر رکھو۔ اور امیدیں کوتاہ رکھنے پر مضبوط اور قائم رکھو۔

امیدیں دو قسم ہے: (۱) عام لوگوں کی امیدیں۔ اور (۲) خاص لوگوں کی امیدیں۔

عام لوگوں کی امیدیں یہ ہیں: مال و زیب جمع کرنے کے لیے زندگی کی آرزو اور یہاں دیر تک زندہ رہنے کا پروگرام۔ اس طرح کی امیدیں سرگرداں ہیں۔ اس کے برعکس تارک دنیا سے متعلق معاملات میں پختہ امیدیں کوتاہ کرے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا	آپ ان غافل لوگوں کو ان کے حال پر رہنے دیں
وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ	کھائیں پئیں سامان زیست سے نفع اٹھائیں و

يَعْلَمُونَ ۔ دنیوی آزمائش اور مصیبتوں کی نعمت میں پڑے

ہیں تو نہیں عنقریب اپنے عزیز زندگی کی حقیقت معلوم ہو جائے گی۔

اور خوش قسمتی کی امید یہ ہے کہ انسان بعض نیک کاموں کی بجا آوری کے لیے دنیا میں رہنے کی آس و امید رکھتا ہے جن میں خطرے کا اندیشہ ہو اور زندگی کی امید کم ہو۔ بس وقت پس ہوتا ہے کہ ایک معین نیکی اس کے سامنے ہوتی ہے لیکن اسے بجا لانے کی اس میں صلاحیت اور استعداد نہیں ہوتی۔ وہ اس طرح کہ اسے عمل میں لانے کی صورت میں انسان عجب و ریا میں پڑ جاتا ہے اور اس نیکی کا اجر و ثواب محفوظ نہیں رکھ سکتا۔ اسی لیے یہ درست نہیں کہ جب انسان نماز یا روزہ یا کوئی اور نیک کام شروع کرے تو وہ دل میں یہ نیت و اعتقاد رکھے کہ میں اسے ضرور پورا کروں گا۔ کیونکہ یہ ایک پوشیدہ چیز پر حکم لگانا ہے جو درست نہیں۔ اس قسم کا کوئی تعہد و عزم کرنا بندے کے لیے روا نہیں۔ بلکہ درست بات یہ ہے کہ ہر نیک کام شروع کرتے وقت یہ خیال کرے کہ اگر یہ کام میرے لیے رفق اور میرے حق میں بہتر ہو تو اللہ تعالیٰ مجھے اسے کرنے کی توفیق و ہمت دے دے۔ میں اس کام کو ضرور شروع کروں گا۔ اللہ تعالیٰ پورا کروں گا۔ یا یہ اعتقاد رکھے کہ میں اس کام کو کسی صورت میں پورا کر سکتا ہوں اگر اللہ تعالیٰ کی مشیت ہو۔ یہ قیود و شرائط اس لیے ملحوظ رکھنا کہ دنیا کی بہت سی آفتوں سے بچ سکے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنے حبیب پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم دیا:

وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ۔ اس طرح ہرگز نہ کہنا کہ یہ کام میں کل ضرور کروں گا

إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ ۔ مگر یہ کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو میں یہ کام کروں گا۔

علمائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ نیکی کے مقابلہ میں مباح کی صورت پر نیت محمود کو ترجیح دینا بہتر ہے کیونکہ نیت محمودہ انسان کو عمل سے بچا لیتی ہے۔ چونکہ نیت محمودہ کی بہت ضرورت ہے اور اس کی معرفت اور پہچان کے بغیر بہت سے [illegible] علمائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے اس کی بابت جامع اور مانع تعریف بیان کی ہے۔ نیت محمودہ عبارت ہے: کسی نیک کام کو شروع کرنے کا پختہ ارادہ کرنا اور اس نیکی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کی طلب و رغبت سے ہے۔

سوال:

[illegible] دو قسم کے [illegible] کے متعلق اور تم کو اللہ تعالیٰ کی مشیت اور

یہ موقوف کرنا کیوں ضروری ہے جب کہ اس کا تعلق مرنے والے کی نیت اور مشیت پر موقوف ہے تو چاہیے کہ آخر وقت تک بھی اس کی نیت ہی موقوف رہے۔ تاکہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے۔

جواب:

آخر وقت میں پختہ ارادہ کر لینا اس لیے درست ہے کہ اس وقت کام وجود میں نہیں آیا ہوتا۔ لہٰذا ابتدا میں یہ اور عجب وغیرہ کا خطرہ نہیں۔ مگر اس مرنے والے کے وقت چونکہ تمام اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے اس لیے اس وقت دو خطرے ہیں۔ ایک یہ کہ شاید یہ وہ نہ ہو سکے اس مرنے والے کے آخری لمحے تک پہنچتا ہے یا نہیں۔ دوسرا یہ کہ درمیان میں یہ اور عجب وغیرہ اس کے اعمال کو برباد نہ کر جائے۔ اس لیے اس کے پہلے تمام کئے پر پانی پھر جائے۔ تو کہنا اور اللہ تعالیٰ سے حوصلہ کرنا ضروری ہے۔ ان شاء اللہ تو یہ کلام ان کمبخت تک پہنچے اور اللہ کے حوصلے اس پر کرے تاکہ وہ عجب وغیرہ آفات سے محفوظ رہے۔ ہر عمل خیر کے بعد اس قسم کے وسوسے کا نام نیت محمود ہے ——— اس مضمون کو خوب غور سے سمجھو۔

اسے ایک اور مثال سے سمجھیں کہ ہمیں کوئی دشمن یا قرضہ خور ہے اور موت کو یاد کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ موت آنا اٹل ہے۔ نیز یہ یقین ہے کہ موت کے بعد ہمیں ضرور ہی ان سے نجات آ جائے گی۔ اس لیے ان کا ذہن نشین رہنا بہت ضروری ہے تاکہ مبادا وقت سے پہلے ہی ان کو معاف کر دیں۔

کیا بات ہے۔ مرنے والے کے تصور میں وہ بات کی وہ ہے فافہم فتدبر۔ منہ الموفق بفضلہ۔

حسد کی حقیقت کا بیان:

ہمارے مسلمان بھائی سے یہی غلطی ہو گئی ہے کہ وہ کام حسد ہے ان میں مسلمان کے سب جذبے کی ورنہ کمی ہو۔ نہ اگر کسی چیز کا ارادہ نہ ہو بلکہ یہ ارادہ ہو کہ یہی نعمت اللہ ان سے لے لیں تو یہ حسد نہیں بلکہ اسے غبطہ کہتے ہیں۔ اور غبطہ محمود ہوتا ہے۔ اس لیے ان کو حسد سے نہیں ڈرنا چاہیے اور غبطہ کو حسد سے تبدیل کرنا چاہیے۔ کیونکہ دونوں کے لحاظ سے قریب ہیں۔

اور گر یہی نعمت کے زوال کا ارادہ ہو جس میں مسلمان کے لیے بہتری نہ ہو تو ایسے رشک کو غبطہ کہتے ہیں۔ حسد، غبطہ اور غیرت میں یہی فرق ہے جو ہم نے بیان کر دیا ہے۔

حسد کے مقابلہ میں "نصیحت" ہے۔ مسلمان کے لیے ایسی نعمت کے باقی رہنے کے خیال کو نصیحت کہتے ہیں۔

سوال:

ہم کیسے جان سکتے ہیں کہ مسلمان کے لیے کس نعمت میں بہتری ہے تاکہ اس سے نصیحت حاصل کریں یا حسد کریں۔

جواب:

بسا اوقات ہمیں ایسی غالب ہوتی ہے کہ ہم میں مسلمان کے لیے بہتری ہے۔ ایسی صورت میں نصیحت پر عمل کرنا چاہیے اور حسد سے بچنا چاہیے۔ اور اگر اس نعمت کی بہتری اور بہتری مشتبہ ہو تو اس کے زوال یا بقاء کا ارادہ نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے حضور اس کی نیکی کے لیے دعا کرنا چاہیے۔ تاکہ حسد سے پرہیز اور نصیحت پر عمل ہو سکے۔

حسد سے دور رکھنے والی چیز (نصیحت) اور نیز خوش ہونے کی صورت یہ ہے کہ انسان مسلمانوں کے ساتھ دوستی اور مودت کی تائید کرے جو اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وارد ہو چکی ہیں۔ اور اس یاد کو پختہ کرنے والی چیز یہ ہے کہ انسان مومن بھائی کے حقوق کا تصور کرے۔ اس کے رتبے کی بلندی اور اس کے ہاں کی عزت جو اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے۔ اور مومن کی ان بزرگیوں اور عظمتوں کا تصور کرے جو آخرت میں اللہ تعالیٰ اس کو عطا کرے گا۔ اس بات کا یقین کرے کہ مجھے دنیا میں مومنین کے ساتھ تعاون کی مدد اور ان کے ساتھ مجموعہ ہونے میں نعمت کے مزید کیا کیا فوائد ہیں۔ پھر اہل ایمان کے ساتھ تعاون اور ان کی مدد کا ایک فائدہ یہ ہے کہ وہ آخرت میں تمہاری شفاعت کریں گے۔

تو اس قسم کے خیالات و تصورات انسان کو اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں کے ساتھ خوش ہونے پر ابھارتے ہیں اور حسد سے بچاتے ہیں۔ [illegible] والتوفیق بفضلہ۔

عُجلت یعنی جلد بازی کی حقیقت:

عجلت دراصل دل میں ایک ناجائز وقت سے پہلے کام کرنے کا نام ہے جو انسان کو بے سوچے سمجھے اور بے غور و فکر کام کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ دراصل یہ جلد بازی کا باعث بنتا ہے اور یہ عجلت کے قابل مذمت ہونے کی وجہ ہے یعنی تحمل و بردباری سے کام کرنا۔ دراصل دل میں موجود ایک ایسے قوت کا نام ہے جو بندے کے اندر میں حقیقی غور و فکر و تحمل و بردباری پیدا کرتا ہے اور توقف کی تمام تر قابل مذمت صفت یعنی بے سوچے سمجھے کام شروع کر دینا۔

یہ ہے شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے توقف و عجلت میں یہ فرق بتایا ہے کہ کام شروع کرنے سے قبل اس کے متعلق غور و فکر اور سوچ و بچار کرنے کو توقف کہتے ہیں اور کام شروع کر کے اس میں جلدی اختیار کرنے کو عجلت کہتے ہیں جو کہ مذموم ہے۔

پھر ناجائز اور تحمل پیدا ہونے کا یہ طریقہ ہے کہ انسان جلد بازی کی آفات اور نقصانات دنیا و آخرت کو اپنے اوپر حاوی کرے۔ اور توقف یعنی بے سوچے کام کرنے اور جلد بازی کرنے سے جو مذمت و ملامت ہوگی اسے ذہن میں رکھے۔ اس طرح کرنے سے ان شاء اللہ بندے میں توقف و تحمل کی صفت پیدا ہوگی۔ یہ تفصیل عجلت سے بچنے کی ہے ——— واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

کِبر کی حقیقت:

نفس کی بلندی و عظمت کے خیال کو کبر کہتے ہیں۔ اس خیال سے تکبر پیدا ہوتا ہے۔ اور اپنے آپ کو حقیر و کمتر بیان کرنے کا نام تواضع ہے اور تواضع سے تواضع پیدا ہوتی ہے۔ پھر تواضع و تکبر ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں:

(۱) تواضع عام۔ (۲) تواضع خاص۔

(۱) تکبر عام۔ (۲) تکبر خاص

تواضع عام تو یہ ہے کہ بندہ عمومی حیثیت کے لباس، مقام، نشست و برخاست کی پرواہ نہ کرے۔ اور تکبر عام یہ ہے کہ انسان معمولی نوعیت کے لباس، مکان و سواری وغیرہ پر اکتفا نہ کرے بلکہ اس میں بلند و

رفیع حیثیت کا طالب کا رہو۔ اور تواضع خاص یہ ہے کہ ہر درجے کا انسان اپنے نفس کو حق سے تابع کرنے کی کوشش کرے۔ اور تکبر خاص یہ ہے کہ اس طرح کی کوشش نہ کرے۔ یہ تکبر گناہ کبیرہ و معصیت ہے

اور تواضع عام کو اپنے اندر مستحکم کرنے کا یہ طریقہ ہے کہ بندہ حق سبحانہ و تعالیٰ سے پیش موت اور اس موجودہ وقت کی بیشمار نعمتوں کو یاد کرے۔ ایک بزرگ کا ارشاد ہے:

اولك نطفة مذرة وآخرك	پہلی تو ناپاک بوند ہے اور پچھلی مردار ہے
جيفة قذرة وانت فيما بينهما	اور تو درمیان میں پاخانہ کا ظرف بنا ہوا ہے
حامل العذرة۔	

تواضع خاص کو مستحکم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بندہ حق سے حسد دل کرنے اور باطن میں متکبر ہونے والے شخص کے انجام اور اس کے عذاب و سزا کو یاد کرے۔ ایک عالم حبیب بن ابی حبیب نے کہا ہے آفاتِ قلب پر مطلع ہونے کے لئے اس قدر وضاحت و بیان کافی ہے۔ واللہ الموفق و علیہ التکلان

پانچویں فصل شکم کی حفاظت کے بیان میں:

اے طالب عبادت! تجھ پر اپنے شکم کی حفاظت بھی ضروری ہے۔ پیٹ کی حفاظت ایک نہایت مشکل ہے۔ لہٰذا اس کی صحیح حفاظت کے لیے زیادہ محنت و توجہ کی ضرورت ہے۔ اس کے بگاڑ کا اثر بہت گہرا اور اس کی خرابی کا نقصان بہت زیادہ ہے۔ کیونکہ یہ تمام جسمانی قوتوں کا منبع و معدن ہے۔ یہی شکم سے ہی جسم میں کمزوری یا قوت، سستی یا چستی و نشاط پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے اگر تم صحیح و بامقصد عبادت کا عزم رکھتے ہو تو پیٹ اندر پیدا کرنا چاہتے ہو تو یہ حرام و شبہ کھانے اور فضول خرچی سے پیٹ کی حفاظت نہایت ضروری ہے۔

حرام و شبہ کی چیزوں سے تین وجہ سے بچنا ضروری ہے:

اوّل: دوزخ کی آگ سے محفوظ رہنے کے لیے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ	جو لوگ یتیموں کا مال ظلم کے ساتھ کھاتے
ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ	ہیں وہ لوگ بیشک اپنے شکموں میں آگ بھرتے
نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا	ہیں اور عنقریب وہ جہنم کی آگ (دوزخ) میں

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کیف یصلی ما فیہا من ۔۔۔ ممکن ہے۔

الصاعۃ

تیسری وجہ یہ ہے کہ حرام اور شبہ کی غذا کھانے والا شخص نیک کام کرنے سے محروم ہوتا ہے۔ اور اگر اتفاقاً کوئی کارِ خیر اس سے ہو جائے تو وہ عند اللہ مقبول و منظور نہیں ہوتا۔ بلکہ رد کر دیا جاتا ہے تو ایسے شخص نیک کام کی انجام دہی میں جو وقت اور قوت صرف کرتا ہے اس سے بے فائدہ مشقت اٹھانی رنج و محنت اور وقت ضائع کرنے کے سوا اس کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔ آنحضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

کم من قائم لیس لہ من قیامہ ۔۔۔ بہت سے عبادت میں کھڑے رہنے والے

الا السہر وکم من صائم لیس ۔۔۔ ہیں جن کو بیداری کی مشقت کے سوا کچھ حاصل

لہ من صیامہ الا الجوع و ۔۔۔ نہیں ہوتا اور بہت سے روزہ دار ہیں جو

العطش۔ ۔۔۔ جن کو روزے سے سوا بھوک و پیاس

کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے:

لا یقبل اللہ صلوٰۃ احدہم وفی جوفہ ۔۔۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرماتا جس کے

حرام ۔۔۔ شکم میں غذا حرام پڑی ہو

بالجملہ فضول و ضرورت سے زائد خرچ، خواہ حلال مال سے ہو استعمال بھی بندوں کے لیے آفت و مصیبت کے لیے ہوتا ہے۔ پچھلے صفحات میں غور کرنے سے دس آفتیں معلوم ہوئی ہیں۔ جن کو صفحوں کی حیثیت دی جا سکتی ہے

پہلی آفت: حلال طعام زیادہ کھانے سے قساوت قلبی پیدا ہوتی ہے اور وہ زائل نہ ہونے والی ہے۔ نبی کریم علیہ وعلیٰ آلہ الف الف صلوٰۃ و تسلیمات سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

لتمیتوا القلب بکثرۃ الطعام ۔۔۔ دولت و ضرورت سے زیادہ کھا کر

والشراب فان القلب یموت ۔۔۔ اپنے دلوں کو مردہ نہ بناؤ کیونکہ

کالزرع اذا کثر علیہ ۔۔۔ جس طرح ضرورت سے زیادہ پانی سے کھیتی

الماء۔ ۔۔۔ خراب ہو جاتی ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

چوتھی آفت: پیٹ بھر کر کھانے سے عبادت میں کمی واقع ہوتی ہے کیونکہ انسان جب خوب پیٹ بھر کر کھالیتا ہے تو اس کا بدن بوجھل ہو جاتا ہے آنکھوں میں نیند چھا جاتی ہے اور سستی بڑھ جاتی ہے کوشش کے باوجود کوئی کام نہیں کر سکتا۔ ہر وقت زمین پر مُردہ کی طرح پڑا رہتا ہے۔

اذا کنت بطنا فکن نفسک	جب تو پیٹو بن جائے تو چھپے اپنے آپ کو
زمینا۔	مُردہ زمین سمجھ۔

مروی ہے کہ ایک دفعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ابلیس کو دیکھا کہ بہت سے جال لئے ہوئے ہے آپ نے اس سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ ابلیس نے جواب دیا یہ شہوتیں ہیں جن کے ذریعہ میں آدم کو گرفتار کرتا ہوں۔ آپ نے پوچھا میرے لئے بھی ان میں سے کوئی جال ہے؟ تو اس نے کہا نہیں۔ صرف ایک رات آپ کے پیٹ بھر کر کھانے کی بات ہے جس رات آپ پر غلبہ کروں گا تو آپ کو نماز اور عبادت سے روک دوں گا۔

یہ اس شخص کا حال ہے جس نے ساری عمر میں ایک دفعہ پیٹ بھر کر کھایا تو اس کا کیا حال ہوگا جس نے ساری عمر میں صرف ایک دفعہ نہیں بلکہ بارہا پیٹ بھر کر کھانے کی عادت بنا رکھی ہے۔

حضرت فضیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

العبد ذو حرفۃ وحد ثنا شغوۃ	جب بندہ کسی شغل میں لگ جاتا ہے
والنفس اعجلت	اور نفس بھوکا رہتا ہے

پانچویں آفت: پیٹ بھر کر کھانے سے عبادت کی حلاوت مفقود ہو جاتی ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ما شبعت منذ ستۃ رحمۃ	جب سے میں نے چھ مہینے سے پیٹ بھر کر نہیں
ولا اجد حلاوۃ	کھایا ہے عبادت کی حلاوت نصیب ہوئی
ولا یجد احد حلاوۃ	جب تک انسان کو بھوکا نہ رکھے
الا بعد الجوع۔	حلاوت نصیب نہیں ہوتی۔

یہ صفات اس شخص کی ہیں جس نے صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسی مبارک ہستی میں سے تھے۔ اس لئے

ن و فرمان حضور علیہ السلام پر عمل کرتے ہوئے ان تواریخ میں روزہ رکھا جائے۔

ما فضلکم بکثرۃ صلوۃ و

چھوٹی آفت۔ خوب پیٹ بھر کر کھانے یا کھانے کے فوراً بعد سو جانے سے

کیونکہ معدہ اس وقت ہضم کرنے میں مشغول ہوتا ہے اور سونے سے یہ کام

روایت ہے کہ آپ نے فرمایا:

ساتویں آفت: فضول گفتگو کرنا ہے۔ اس سے زبان کو روکنا چاہیے

مشغول رہتا ہے۔ پھر اس سے فارغ ہونے کے بعد بھی زبان کو بند رکھنا چاہیے

ہونے والی خرابیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ چونکہ زیادہ بولنے سے بہت سی

بلکہ دینی امور سے بھی ہوتی ہیں اور آدمی ان کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی یاد

وارشاد فرمایا ہے:

دواء الامۃ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے تھے:

الا ان بالبیت ان اللہ جعل رزقی ۔۔۔ بے شک مکہ میں اللہ تعالیٰ نے میرا رزق

فی حظیرۃ القدس احسن امانۃ ۔۔۔ قدس کی حظیرہ میں بہترین امانت

وقد بلغت ثلثا

پھر اس مخزن سے دنیا کی طلب رزق بانی ہے۔ ۔۔۔ ہے

توشہ کی فکر میں وقت عزیز ضائع ہوتا ہے۔

آٹھویں آفت: آخرت میں حساب کتاب کی سختیوں اور ہولناکیوں کی تفصیل

باعث بیان کیا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

ان شدۃ سکرات الموت الخ ۔۔۔ بے شک سکرات موت کی شدت

قد رفعت لدنیا فمن کثرھن ۔۔۔ دنیا سے ان کی کثرت کی وجہ سے

ھذا کتاب اللہ ما تلک ۔۔۔ یہ اللہ کی کتاب ہے

نویں آفت: ۔۔۔ آخرت کے عذاب میں گرفتار ہونے ۔۔۔

اذ ھم فی غمرٰتھا لٰکنہ ۔۔۔ جب وہ موت کی سختیوں میں

الذین ھم فی غفلۃ ۔۔۔ جو غفلت

ویحرمون عذاب الجنۃ ۔۔۔ اور جنت

سنکرم فی الاخرین نعیمھا ۔۔۔ ہم ان میں

ھم فیھا خٰلدون ۔۔۔ ہمیشہ

نویں قسم دنیا کی مذمت میں ۔۔۔ آخرت سے روگردانی کا سبب

رب العزت نے اپنے حبیب پاک ﷺ کے ۔۔۔ دنیا کی لذتوں اور آخرت کی

عیش کی مذمت فرمائی ہے کہ جس کی وجہ سے ۔۔۔ ہوئے

دوسرے مقامات پر بھی مذمت کی گئی ہے ۔۔۔ کا سبب

تفصیل ہوئی ۔۔۔

مزید برآں ۔۔۔ اللہ تعالیٰ نے ۔۔۔

تعالیٰ عنہا کی ۔۔۔ کا سبب

مہاجرین کے بیٹے بیٹیاں فوت ہو چکے اور جوان ہونے تک ہی پہنچ نہ ہوئے حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ حضرت عمر نے فرمایا اگر وہ نیک باتوں کا ثواب ہو گئے ہیں اور جنت میں جائیں گے اس کے مستحق بنا سکتے ہیں ان کے باپ تو ان کے اور ہمارے رتبے میں بہت فرق ہے۔

منقول ہے کہ ایک دفعہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پیاس محسوس ہوئی۔ آپ نے ایک شخص سے پانی مانگا۔ اس شخص نے آپ کو ایک برتن دیا جس میں کھجوروں کا پانی تھا۔ جب آپ نے منہ لگایا تو اسے ٹھنڈا اور میٹھا پایا۔ آپ نے پوچھا کہ یہ کیا ہے۔ اس شخص نے کہا کہ اس میں کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ تو آپ نے فرمایا کہ اس شخص نے ہی تو نے اس کے پینے سے باز رکھا۔ آخرت کا یہ ثواب تو تجھ بھی ہماری اس بیش و عشرت میں شریک ہوتے۔

دسویں آفت: ضرورت سے زیادہ غذا استعمال کرنا جو ادب کا سبب ہوتا ہے اس پر روزہ نفل میں روکا جائے گا۔ بھوکا رہنا ثواب لیا جائے گا اور ضرورت سے زیادہ غذا استعمال کرنے پر روزہ نفل کی قضا واجب کی جائے گی اور شہوت کا سبب ہونے کو سمجھا جائے گا۔ دنیا کی حلال چیزوں سے متعلق کا سبب اور باعث شہوت پر زجر و توبیخ کی جائے گی اور حرام پر عذاب اور اس کی زینت نہ بنانے پر عذاب دی جائے گی۔

یہ دس آفات ہیں جن سے ہر مسلمان کو بچنا ضروری ہے۔

اے عبادت میں کوشش کرنے والے! تجھ پر لازم ہے کہ تو اپنے کو غذا سے بچائے رکھے اور لباس کے معاملہ میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے تاکہ دونوں کے عذاب سے نجات رہے۔ حرام اور حلال کے متعلق سے بھی اجتناب لازم ہے تاکہ بندہ اس شدید پریشانی میں مبتلا نہ ہو۔ اور قیامت کے دن حساب کے لیے محشر میں روک نہ لیا جائے۔ واللہ ولی التوفیق

سوال:

جب حرام و شبہ سے بچنا اتنا ضروری ہے تو ہمیں حرام و شبہ کے حکم اور اس کی تفصیلات سے بھرپور آگاہ کیجیے

جواب:

اپنی کتاب [illegible] ایک مستقل باب کھا ہے لیکن اس [illegible] مفید اور [illegible]

[illegible]

[illegible]

[

ہوتا ہے۔ ان کے ہاں جعلی یا تو بالکل نایاب ہے یا بالکل نادر ہے۔

دوسرا علماء کی جماعت یہ کہتی ہے کہ سلاطین وقت کا مال فئی و غنیمہ سب سے قبول کرنا درست ہے جبکہ ان کے حرام ہونے کا یقین نہ ہو۔ اگر اس مال میں کوئی خرابی ہوگی تو اس کا گناہ دینے والے کے ذمہ ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے کفار سلاطین کا ہدیہ قبول فرمایا حالانکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں یہودیوں کے متعلق فرمایا: اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ یعنی یہود مدینہ انتہا درجے کے رشوت خور ہیں۔ ان آیات کی یہ تفسیر بیان کی ہے کہ بہت صحیح ہے کہ حضور کا نذرانہ پیش فرمانا ان سے ہدیے تحفے وغیرہ قبول کرتے رہنے اس سلسلہ میں حضرت ابو ہریرہ، حضرت ابن عباس اور حضرت ابن عمر وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا ارشاد پیش کیا جا سکتا ہے۔

اس کے برعکس دوسرے علماء یہ کہتے ہیں کہ ان مراعات سے مال قبول کرنا کسی غنی و فقیہ کو درست روا نہیں کیونکہ انتہائی قلیل وجہ سے ہی ان کا مال زیر چھپا ہے۔ اس لئے مال غالب حرام ہی ہوتا ہے۔ واضح طور پر غالب کا ہوتا ہے۔ البتہ ان کے مال سے اجتناب نہ ہو سکے۔

بعض دوسرے یہ کہتے ہیں کہ جس مال کی نسبت یقینی نہ ہو اس کا استعمال فقیہ کے لیے درست ہے غنی کے لیے درست نہیں۔ ہاں اس صورت میں فقیہ کے لیے لینا بھی درست نہیں جبکہ یقین ہو کہ یہ غصب شدہ مال ہے۔ لہٰذا اس بحث سے یہ مال لینا درست ہے نہ ان سے کراہت کرنا ہے۔

ان علماء کا یہ بھی کہنا ہے کہ فقیر کے لیے سلاطین وقت کا مال قبول کرنا اور استعمال میں لانا درست ہے بشرطیکہ وہ یا اس کا پیش رو ذاتی طور پر تو اس کے قبول کرنے میں حرج نہیں۔ اور اگر مال فی یا خراج یا صدقہ کے مویشیوں میں سے ہو تو فقیر کا حق ہے بلکہ ہر مسلمان کا حق ہے بشرطیکہ سلاطین وقت کا دیا ہوا مال اپنے تصرف میں لا سکتے ہیں۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں:

جو شخص مسلمانوں میں سے خوشی دل سے بیت المال میں سے قرآن کریم کی درست تلاوت کرتا ہو وہ اس کے بیت المال سے نذرانہ قبول کرنے میں حرج نہیں۔ ایک روایت میں دو دینار آتے ہیں۔ کہ نذرانہ میں سے نہیں ہے تا تو آخرت میں سے ہے۔

اس سلسلہ میں یہ ہے کہ فقیر کو ہر حال میں اس کے قادر ہیں۔ تو وہ اپنا حلقہ کر سکتے ہیں۔

عقائد نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر کسی کا مال غصب مال سے اس طرح مل گیا ہو کہ تمیز مشکل ہو تو کیا کسی سلطان کے پاس غصب کا پیسا مال ہو جس کے مالک دریافت کی اور نہ ہو سکتی ہو اور وہ سلطان کو کوئی حاجت نہ ہو تو سلطان ایسے مال سے اسی صورت میں خلاصی پا سکتا ہے کہ اسے صدقہ کر دے۔ تو اس صورت میں یہ نہیں کہ اللہ اس سلطان کو صدقے کی حکم دے اور فقیر کو اس کے قبول کرنے سے منع کرے یا فقیر کو دینے یا نہ دینے کا اختیار ہے۔

مگر ایسے مسائل میں علماء کو تمام تحقیق بیان کیے بغیر اور پوری تفصیل بیان کیے بغیر فتویٰ دینا جائز نہیں۔

اگر ہم اس کتاب میں یہاں ہی مسئلے کی تفصیل بیان کرنا شروع کر دیں تو ہم اپنے مقصد سے دور جا پڑیں گے جو شخص اس کی پوری تفصیلات معلوم کرنے کا خواہش مند ہو وہ ہماری کتاب جہاں علم کے حلال و حرام کا مطالعہ کرے۔ اس میں اس مسئلے کی پوری وضاحت مل جائے گی۔

سوال:

امراء اور نائبوں کے تحفہ تحائف کا یہ حکم ہے، فقہاء اور علماء کو ان کے ہدیے و تحفے قبول کرنے جائز ہیں یا نہیں؟ باوجود یکہ یہ لوگ حصول مال میں بے احتیاطی اور اس کی حلت و حرمت کی پرواہ غور و خیال سے کام نہیں لیتے۔ اور اسی طرح عام دوستوں کے تحفے تحائف کا لینا درست ہے یا نہیں؟

جواب:

جب کسی انسان کا ظاہر حال نیک ہو اور اس میں کوئی شرعی خرابی معلوم نہ ہو تو ایسے تحفہ ہدیہ یا صدقہ قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور اس طرح کی تحقیق و تفتیش کی تعریف میں نہیں آتا ہے اور لوگوں میں حلال و حرام کا فرق کر دیا ہے اس لیے شاید یہ صدقہ بھی حرام مال سے ہو کیونکہ ایسا خیال صدقہ دینے والے کے حق میں سوءِ ظنی ہے اور درست نہیں بلکہ مسلمانوں کے متعلق نیک گمان رکھنے کا حکم ہے۔

پھر ہدیہ و صدقات کے بارے میں جو چیز یہ ہے کہ ہر چیز کے متعلق ایک شرعی حکم ہے

ہی ہر شہادت کا فیصلہ موقوف ہے دوسرا فریق کا حلف دینے کا حکم دینے کا حق۔

شرعی حکم تو یہ ہے کہ وہ صدقہ یا عطیہ قبول کر لیا جائے جس کا حق ہونا درست ہو۔ دینے کے بعد کوئی تفتیش نہ کی جائے۔ ہاں اگر اس مال کے حرام یا غصب ہونے کا یقین ہو تو لینا جائز نہیں۔

مگر فتویٰ یہ ہے کہ بغیر تحقیق و تفتیش کے بغیر کسی سے کوئی چیز نہ لی جائے۔ اگر اس میں ذرہ بھی شبہ کا گمان ہو تو لینا درست نہیں اس لیے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ:

ان خرجا لہ اتا بشیء فشرب	ایک دفعہ وہ کھانا آپ کی خدمت میں لائے
فلما اخرجہ کنت اذ جئت شیئا	آپ نے اس میں سے کچھ نوش فرمایا جب
سنی جزء ولا تسئلنی عن	بھی کوئی چیز آپ کے پاس لاتا تو آپ کے
ھذا الذی تقل وما خصنا حق	لئے یہ نہ فرماتے تھے کہ اس میں
راثیت قومہ فی الجاھلیۃ خسوفی	کہ تم نے کہاں سے لی تحقیق نہیں فرماتے تھے
ھذا فقبا ابوبکر الصدیق رضی	وہ آپ نے جو یہ دروغگوئی سے خدمت
تعالی عنہ وکان لہ غلام یخرج	جب یہ میں نے زمانہ جاہلیت میں ایک
فما ھذا فی الحرفۃ فکانت حسیبہ	کوئی پیشہ اختیار کیا تھا اس کے عوض میں

یہ روایت اس بات کی دلیل ہے کہ فتویٰ پر نظر رکھنے والے شخص کے لیے تفتیش کرنا

سوال:

تمہارے اس بیان سے ثابت ہوا کہ فتویٰ حکم شرع کے خلاف ہے؟

جواب:

ہمارا بیان یہ ہے کہ ہر مفتی آسمانی وحی پر مبنی ہے۔ جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

بعثت بالحنيفية السمحة — میں آسان اور سہل سے بنا ہوا مذہب دے کر

بھیجا گیا ہوں

اور تقویٰ شدت و اختیار پر مبنی ہے۔ کہا گیا ہے کہ تقویٰ کا معاملہ وہ ہے کہ ہزاروں چیزیں جن میں سختی سے زیادہ سختی ہے۔ پھر یہ خیال نہ کرو کہ تقویٰ شرع سے کوئی چیز ہے بلکہ اصل میں تقویٰ اور ہیں لیکن شرع کے حکم دو ہیں۔ ایک جو زنا کار اور بیت خبیثہ و فضیلت کا حکم۔ جائز حکم و حکم شرع اور افضل زیادہ باحتیاط حکم کا نام تقویٰ ہے۔ تو یہ دونوں حکم ایک دوسرے سے جدا ہونے کے باوجود اصل میں ایک ہیں۔ اس فرق کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں

سوال:

جب ہر شے کی تفتیش اور چھان بین ضروری ہے تو اس زمانہ میں کسی چیز کو بھی استعمال کرنا صاحب تقویٰ کے لیے شک و فساد سے خالی نہیں۔ حالانکہ ضروری چیزوں کا استعمال اس کے لیے ناگزیر ہے۔

جواب:

جاننا چاہیے کہ تقویٰ ایک سخت رستہ ہے جو شخص اس پر چلنے کا ارادہ کرے اس کے لیے ضروری ہے کہ اپنے نفس اور دل کو مصائب و شکایت برداشت کرنے پر تیار کرے۔ ورنہ وہ تقویٰ کا رستہ طے نہیں کر سکتا۔ اسی وقت کے باعث بہت سے اہل تقویٰ اور متقین صوفیاء شہروں اور آبادیوں کو چھوڑ کر کوہ لبنان پر چلے گئے۔ اور ساری عمر کچی پھل وغیرہ کھا کر گزاری جن میں کسی قسم کا شبہ نہیں۔ تو تقویٰ کا مرتبہ حاصل کرنے کی جس میں ہمت ہو تو چاہیے کہ مشکلات و مصائب اور جو دقت کو برداشت کرے اور آفات کے پیش آنے پر صبر کرے اور ان مندرجہ بالا حضرات کا طریقہ اختیار کرے لیکن جو لوگوں میں رہنے اور وہی چیزیں استعمال کرنے پر مجبور ہو جو وہ استعمال کرتے ہیں تو اسے چاہیے کہ تقویٰ استعمال کرے جتنا سخت نہ ورنہ کے وقت مردار استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ صرف اسی قدر پرہیز کرے جس سے اللہ تعالیٰ کی عبادت قائم رکھ سکے۔ جس قدر استعمال پر سخت معذور سمجھا جائے گا اور یہ اندازہ اس کے لیے نہیں ہوتا۔ اگرچہ اس میں کسی قسم کا شبہ ہو۔ اس لیے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ فضل الشوق فعیشکم بالنقوت (ترجمہ) چونکہ بازاروں میں حرام اشیاء میں تیزی آ چکی ہے۔ اس لیے صرف ضروری روزی پر کفایت کرنا چاہیے۔

بیان کیا ہے کہ حضرت وہب بن ورد ایک یا دو روز یا تین تین دن بھوکے رہتے تھے پھر ایک روٹی لیتے تھے اور دعا کرتے تھے:

[illegible] ے اللہ تو جانتا ہے کہ میں بغیر غذا کے نہیں
[illegible] عبادت کی طاقت نہیں رکھتا اور مجھے کراہت
[illegible] کا ذریعہ ہے۔ اگر میرا نفس روٹی کی خواہش
[illegible] ے اللہ اگر میری روٹی میں کوئی خرابی پیدا
[illegible] ہو تو مجھے اس کھانے پر نہ پکڑنا۔ یہ دعا کرنے
[illegible] ے بعد روٹی کو پانی میں بھگوتے تھے
اور کھاتے تھے۔

میں کہتا ہوں کہ یہ اور اس قسم کی متقی میں سب بندے متقی لوگوں کے ہیں۔ لیکن بعض لوگ ان سے تقویٰ میں کم ہیں ان کے لیے اپنی وسعت کے مطابق حقیقی اللہ کی ہے۔ جتنی ان میں حقیقی نوکی سی قدر نہیں تقویٰ سے حاصل ہے۔ مشہور ہے کہ جتنی محنت و کوشش کرو گے اتنی ہی تمہیں اپنی مراد میں کامیابی ہوتی ہے ——— اور اللہ تعالیٰ کسی نیک عمل کرنے والے کے عمل کو ضائع نہیں کرتا۔ اور لوگ جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ سب کچھ جانتا ہے۔

سوال:

مندرجہ بالا بیان تین چیزوں کے متعلق تھا۔ ذرا حساب کے متعلق بھی بیان کر دیجیے کہ کس حد تک اس کا استعمال فضائل میں داخل نہیں اور کس حد پر جا کر فضائل کے حکم میں داخل ہو جاتا ہے جس کے باعث روز قیامت بندے کو حساب کے لیے روکا جائے گا اور حساب لیا جائے گا۔ اور حساب کے استعمال کی مستحب اور غیر مستحب مقدار کیا ہے جو فضائل میں داخل نہیں اور جس کا حساب وغیرہ نہیں ہوگا؟

جواب:

حساب تین قسم ہے۔ ایک وہ جو فخر، مباہات، تجارتی اور دنیاوی مکر کے طور پر استعمال کیا جائے۔ یہ استعمال تو ناجائز اور قیامت کے دن حساب ہوگا اور اس کے حساب کے لیے فوراً روکا جائے گا اور استعمال کرنے والے کو ملامت اور تشہیر کی جائے گی۔ یہ استعمال خدا تعالیٰ کو ناپسند اور برا ہے۔

اور ایسا استعمال بندے کے دل میں برائی پیدا کرتا ہے یعنی فخر اور بڑائی وغیرہ جو عذاب نار کا باعث ہے اور اس طرح کے استعمال کا ارادہ معصیت و گناہ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے:

إِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِينَةٌ وَّتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ۔

دنیا کی زندگی تو محض کھیل تماشا زینت و بناؤ ہے اور تمہارا آپس میں فخر و غرور اور مال و اولاد میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی خواہش ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

اور امام ابوالقاسم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ خدا کے سوا ہر شے سے ترک تعلق کا نام توکل ہے اور ترک تعلق سے امام موصوف یہ مراد لیتے ہیں کہ بندہ اپنے بدن کے قوت اور تنگی و تکلیف کا خدا کے سوا کسی سے ذکر تک نہ کرے۔

اور شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا ہے کہ اپنی ہر تنگی و ضعیفی کا ذکر صرف خدا سے کرنے کا نام توکل ہے۔ اور مخلوق سے تنگی و تکلیف کا ذکر کرنا غیر سے تعلق رکھنا ہے۔

میرے نزدیک مشائخ کے قول کا خلاصہ یہ ہے کہ توکل اس کا نام ہے کہ بندے کو اس امر کا یقین ہو جائے اور اس کا دل اس پر مضبوطی سے قائم ہو جائے کہ میرے جسم اور اس کے بقا کو باقی رکھنا، میری حاجات کو پورا کرنا اور ہر تنگی و ضعیفی سے بچانا صرف خدا کے قبضۂ قدرت میں ہے کسی دوسرے کے ہاتھ میں نہیں۔ اور نہ ہی اسباب و وسائل دنیا کے سبب سے ہے۔ خدا گر چاہے تو میرے جسم کی بقا اور دیگر

حاجات کے لیے کسی مخلوق کو وسیلہ بنا دیتا ہے یا دنیا کی کسی چیز کو ذریعہ بنا دیتا ہے۔ اور جو بغیر ظاہری اسباب دنیا اور بغیر کسی مخلوق کے سہارے کے تجھے زندہ رکھ سکتا ہے۔ وہ اسباب کا محتاج نہیں۔

جب تیرا اعتقاد توکل کے اس مفہوم پر ہو جائے اور تیرا دل اس عقیدے پر مطمئن ہو جائے۔ اور تیرا دل مخلوق اور اسباب دنیا سے بے نیاز ہو جائے تو سمجھ لے کہ تجھے توکل حاصل ہو گئی۔ اور تو متوکلین میں شامل ہو گیا۔

توکل پیدا کرنے کا طریقہ:

توکل اس طرح پیدا ہوتا ہے کہ بندہ رزق اور دیگر ضروریات کے متعلق خدا تعالیٰ کے ضامن اور کفیل ہونے کا تصور رکھے اور خدا کے کارساز ہونے کی کامل قدرت کا تصور کرے اور اس بات پر یقین رکھے کہ خدا تعالیٰ خلاف وعدہ بھول عجز اور ہر نقص سے منزہ اور پاک ہے۔ جب ہمیشہ ایسا تصور ذہن میں رکھے گا تو فوراً سے رزق کے بارے میں رب تعالیٰ پر توکل کی سعادت نصیب ہو جائے گی۔

سوال:

کیا بندے پر تلاش رزق لازم ہے یا نہیں؟

جواب:

رزق مضمون کی تلاش بندہ نہیں کرتا۔ کیونکہ اس سے وہ ہے جس کی ربوبیت اور کارسازی کو ثابت نما دینا اور یہ خدا کا فعل ہے جس کی موت اور زندگی کا عطا کرنا رب تعالیٰ کا فعل ہے۔ اور ظاہر ہے کہ انسان کا فعال پیدا کرنا نہیں ہے جو خدا کی صفت ہیں۔

اور رزق مقسوم کی تلاش بھی انسان کو روا نہیں۔ کیونکہ رزق مضمون کا تخلیق ہے اور رزق مضمون عامل ضامن اور کفیل خدا ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے یہ ہے فرمایا ہے:

وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

تو اس سے مراد تلاش رزق نہیں بلکہ طلب علم اور طلب ثواب دین ہے۔ اور اگر یہ مان لیا جائے کہ رزق مضمون

اسباب سے متعلق ہے۔ تو کیا سبب کی تحقیق بھی لازم ہے یا نہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ سبب کی تحقیق بھی لازم نہیں، کیونکہ خدا تعالیٰ جب رزق مقدر کرتا ہے تو سبب کے ساتھ یا بغیر سبب کے دے سکتا ہے تو تحقیق سبب کی کیا حاجت ہے؟ پھر خدا تعالیٰ نے صاف فرمایا ہے کہ ہم رزق کے ضامن ہیں۔ یہ قید نہیں لگائی کہ ہم رزق کے ضامن ہیں اور اس کے سبب فراہم کرنا بندوں کے ذمہ ہے۔ چنانچہ فرمایا:

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا — اور زمین پر کوئی چلنے والا نہیں مگر اس پر اللہ کا رزق ہے۔

یہ انسان وہ شے ہے جو رزق بھی کیسے کرسکتا ہے جس کی جگہ کا اسے پتہ نہ ہو۔ پھر جو یقین سے انسان کو یہ علم نہیں کہ کس ذریعہ سے رزق حاصل ہوگا یہ شے تیری غذا ہے اور اس سے تیری نشوونما ہے کوئی ذریعہ یہ تیرا رزق یقینی اس ذریعہ سے حاصل ہوگا

اس سلسلے میں تیسرے اطمینان کے لیے یہ بات ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور دنیا کے عظیم رزق کے معاملے میں فکر پیدا نہ کرتے تھے۔ اور جب کبھی رزق کی تلاش کرتے تھے۔ بلکہ اپنے بدن کو خدا کی عبادت کے لیے فارغ رکھتے تھے۔ اور اس پر اتفاق ہے کہ انبیاء نے تلاش رزق ترک کر کے خدا تعالیٰ کے حکم کی نافرمانی نہیں کی۔ اور نہ کسی نے کبھی خدا کی عبادت ترک کی۔ تو اس بیان سے واضح ہوا کہ رزق کے لیے اسباب رزق کی تلاش کرنی ضروری نہیں۔

سوال:

تلاش سے رزق زیادہ اور تلاش نہ کرنے سے رزق کم ہوتا ہے یا نہیں؟

جواب:

اول تو تقدیر میں رزق کی مقدار اور اس کا وقت معین ہو چکا ہے۔ اور تقدیر کے حکم میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی اور نہ اس کی تقسیم میں کوئی تغیر ہو سکتا ہے۔ اور یہی علماء اہل سنت کے نزدیک صحیح ہے اور اشاعرہ اور تحقیق کے پیرو اور اس کے خلاف ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ رزق تو تلاش و عدم تلاش سے زیادہ نہیں ہو سکتا لیکن تلاش سے رزق میں برکت ہو سکتی ہے۔ اور یہ فی الحدیث ہے جس طرح تلاش سے رزق زیادہ نہیں ہو سکتی اسی طرح عدم تلاش سے بھی کم نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ دونوں کی دلیل یکساں ہے۔ خدا

تعالیٰ نے مندرجہ ذیل آیت میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے:

لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا	تاکہ جو (نقصان) تمہیں پہنچا ہے اس پر غم نہ کرو اور جو
تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ	(مال) تمہارے قبضہ میں آیا ہے اس پر خوش نہ ہو۔

اگر تمہارے رزق میں زیادتی ہوتی رہے تو اس سے کبھی تو ابتدائی یا خوشی کا احساس ہوتا ہے جیسے کہ سستی اور ارزانی سے جب کوئی شے ضائع ہو جائے تو اس پر انسان غمناک ہوتا ہے۔ اور رزق کی تنگی و کمیابی ہونے سے جب کوئی شے حاصل ہو تو اس پر انسان کو فرحت ہوتی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ سوال کرنے پر فرمایا:

هَلْ كَانَ لَهُ نَحْنُ تَرْزُقُهُ	کیا تو اسے روزی دیتا تھا یا اللہ تعالیٰ
أَمِ اللَّهُ	جیسے اللہ دیتا ہے وہ اسے دیتا تھا۔

سوال:

توب اور عذاب ہی تو روح تفویض میں کہا ہوا ہے۔ پھر بھی ہمیں حکم ہے کہ جب توب کرے اور جو اشیاء عذاب کا باعث بنتی ہیں ان سے اجتناب کیا جائے۔ تو کیا جب سے توب نہ ہو سکتا ہے۔ یا عذاب کا موجب بننے والی اشیاء سے اجتناب کرنا عذاب ہی کی نا باعث بن سکتا ہے

جواب:

جان لے کہ خدا تعالیٰ نے جب توب کا حکم قدمی اور واضح طور پر ہمیں دیا ہے۔ اور اس کے نہ کرنے پر عذاب کا ڈر سنایا ہے۔ اور خدا نے یہ ذمہ نہیں لیا کہ بندہ نیک عمل نہ کرے تب بھی وہ اسے چھ جزا دے گا۔ اس لیے عذاب و توب کی زیادتی بندے کے فعل پر مبنی ہے اور رزق و توب عذاب میں فرق ہے جو بعض علماء نے بیان کیا ہے۔ وہ یہ کہ رزق اور موت کے متعلق روح مقدس نے بغیر کسی شرط و تعلیق کے ایک قطعی فیصلہ کیا ہوا ہے۔ تم نے قرآن مجید میں دیکھا نہیں ہے کہ خدا نے کس طرح موت کے متعلق غیر مشروط طور پر فرمایا ہے۔ ارشاد ہے:

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا	زمین میں کوئی جاندار نہیں مگر اس کا رزق
عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا	خدا نے ذمہ کرم پر ہے۔

اور موت کے متعلق فرمایا:

وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَسْتَكْمِلُ رِزْقَهُ — جب موت و وقت آتا ہے تو ایک ساعت

حَتَّى تَأْتِيَهُ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ لَا يَسْتَكْمِلُ سَاعَةً — سے پہلے نہیں آتی

اور حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

أَرْبَعٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُنَّ: خَلْقُهُ — یہ چار باتیں ہیں جن سے فارغ ہو چکا ہے اللہ

وَخُلُقُهُ وَرِزْقُهُ وَأَجَلُهُ — کہ وہ پیدا کرتا ہے اس کی عادت اور

اس کا رزق اور اس کی موت اور اس کے رزق سے

اور عذاب و ثواب کی تحریر ہر شخص کی بندے کے فعل کے ساتھ تعلق و نسبت ہے جس کو وہ کرتا ہے یعنی کرنے والا کرتے کا ثواب پائے گا اور گناہ کرنے کا عذاب کا مستحق ہوگا۔ جیسا کہ قرآن مجید کی مندرجہ ذیل آیت میں مذکور ہے:

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ — اور ثواب ہر شخص کو اتنا ہی ملے گا جتنا وہ نیک

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ — عمل کرے گا اور کسی پر ظلم و زیادتی نہیں

وَأُدْخِلَتِ الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ — جنت میں داخل ہونا تمہارے نیک اعمال کی وجہ سے

سوال:

ہم نے دیکھا ہے کہ جو لوگ رزق کی تلاش اور سعی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو رزق اور مال و فراوانی عطا فرماتا ہے اور جو تلاش اور سعی نہیں کرتے وہ مفلس اور محتاج ہوتے ہیں۔

جواب:

ایسا نہیں بلکہ دیکھا گیا ہے کہ بعض تلاش اور سعی کرنے والے رزق سے محروم ہوتے ہیں اور بعض تلاش نہ کرنے والے دولت مند اور نعمت مند ہوتے ہیں۔ ہاں کثرت یہ ہے کہ سعی کرنے والے فقیر و تلاش نہیں ہوتے۔ اور سعی نہ کرنے والے کثر بیشتر غنی ہوتے ہیں یہ اس لیے تاکہ تمہیں معلوم ہو کہ عزت و ذلت دینا خدا کی تدبیر و تقدیر ہی طرح جاری ہے۔ ابو بکر محمد بن سابق صغانی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب فرمایا ہے ؎

(۱) لَمْ يَنَلْ مَا نَالَ فِي تَقَلُّبِهِ — مِثْلُ مَا نَالَ حَتْفُ رِزْقٍ حَتُوفٍ

(۲) كَمْ خَبِيثٍ خَفِيفٍ فِي نَقِيبَةٍ — كَانَ مِنْ خَيْبَةِ الْخَبِيثِ خَفُوفٍ

(۳) هٰذا دليل على ان لا اله له فی اخلاق سر خفی لیس ینکشف

ترجمہ: (۱) بہت سے قوی لوگ جو تدبیر میں بہت ہوشیار و چالاک ہوتے ہیں رزق سے محروم ہوتے ہیں۔

(۲) اور بہت سے ضعیف البدن تدبیر میں نکمے دنیا ان کے پاس اس حالت میں آتی ہے جیسے وہ سمندر کی تہ سے دونوں ہاتھوں سے میرے درجہ ہا ت نکال رہے ہیں۔

(۳) یہ اس بات کی دلیل ہے کہ رزق کے بارے میں مخلوق کے ساتھ خدا کے تعلق کا ایک خفی تعلق ہے جسے سمجھنے سے انسانی دماغ قاصر ہے۔

سوال:

کیا کسی صحرا میں بغیر زادِ راہ کے داخل ہونا درست ہے؟ اور بغیر کسی سازوسامان کے سفر کرنے کا ارادہ ٹھیک ہے؟

جواب:

جان لے کہ اگر تیرا دل توکّل میں محکم ہو اور تجھے خدا کے وعدے پر مکمل یقین ہو تو تیرے لیے بے زادِ راہ صحرا نوردی درست ہے۔ ورنہ عوام کی طرح تو بھی زادِ راہ لے کر چل۔

اور میں نے امام ابو معالی رحمہ اللہ تعالیٰ سے سنا کہ آپ فرماتے تھے جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس دستور سے پیش آئے جو اس کا لوگوں کے ساتھ تعلقات، تو خدا بھی اس کے ساتھ اسی طرح پیش آتا ہے جس طرح لوگ اس سے پیش آتے ہیں۔ آپ کا یہ ارشاد بہت درست ہے اور غور کرنے والے کو اس سے بہت فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔

سوال:

تمہارا یہ کہنا کہ بغیر زادِ راہ محض توکل خدا پر سفر اختیار کرنا درست ہے ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر حکم دیا ہے:

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔ اور زادِ راہ ساتھ لو کہ بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔

جواب:

اس آیت کی تفسیر میں دو قول ہیں۔ ایک یہ کہ زادِ راہ سے مراد زادِ آخرت ہے۔ کیونکہ

فرمایا خیر زادِ التقویٰ ۔ نہ کہ زیادہ اسباب اور معمولی سفر خرچ وغیرہ ۔

دوسرا قول یہ ہے کہ جب جنگل لوگ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں حج کو آتے تھے تو بہت سفر خرچ ساتھ نہ لاتے تھے ۔ رستے میں لوگوں سے مانگتے تھے اور اپنی محتاجی کا شکوہ شکایت کرتے تھے ۔ لوگوں کو تنگ کرتے تھے اور صبر کے ساتھ نہ رہتے تھے ۔ تو ایسے لوگوں کو حکم دیا گیا کہ زادِ راہ سے حج کو جائیں ۔ اور نہیں تنبیہ کی گئی کہ خود کمائے ہوئے مال کے ساتھ حج کرنا ہی اصل حج ہے ۔ لوگوں کے سہارے پر رہتے ہوئے حج نہ کرو اور راستے میں ہر ایک سے حج کا ذکر کرتے پھرو ۔ اور یہ ہیں ذلت و خواری کے ساتھ حج کرنا بے فائدہ ہے ۔

سوال :

ایک متوکل شخص بھی سفر میں زادِ راہ لے سکتا ہے ؟

جواب :

بسا اوقات متوکل شخص بھی زادِ راہ ہمراہ لے کر روانہ ہوتا ہے لیکن اس کا دل اس بات پر مطمئن نہیں ہوتا کہ میں یہ رزق سے دور سفر میں بھی پریشان ہو رہا ہے بلکہ اس کا دل خدا کے ساتھ مطمئن ہوتا ہے اور اس کا بھروسہ خدا پر ہوتا ہے اور وہ دل میں کہہ رہا ہوتا ہے کہ یہ رزق روزی سے یہ سے سفر میں کھا جاؤں گا ۔ اور فرشتے یہ سے سفر کا رزق لکھ کر فارغ ہو چکے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اراد ہے تو اس رزق کے ذریعہ میرے بدن کو قائم رکھے یا سفر میں کوئی اور ذریعہ پیدا کر دے ۔

اور بسا اوقات متوکل شخص بے زادِ راہ اس نیت سے بھی سفر کرتا ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی اعانت کرتے گا یا کسی اور ذریعے کو فائدہ پہنچائے گا ۔

لیکن درحقیقت زادِ راہ لے کر چلنے میں اس چیز کی حکمت ہے ۔ تیرے دل میں یہ بات ہوتی چاہیئے کہ اللہ نے ہر حال میں مجھے رزق دینے کا وعدہ فرمایا ہے اور وہ یہ کفیل و ضامن ہے اس لیے ان لوگوں جیسے مرتبے میں ہو جو خرچ لے کر چلتے ہیں اگرچہ کا توکل مکمل طور پر خدا پر ہوتا ہے تاکہ آخرت پر ۔ درجہ سے خرچ لے کر تو نہیں چلتے لیکن ان کا دل ہی میں کہ رہا ہوتا ہے خدا پر نہیں اور اللہ نہیں ہوتا تو معلوم ہوا کہ اصل بات دل کی ہے ——— اس لیے کوشش کرنی چاہیئے

سوال:

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام اور سلف صالحین ہمیشہ زادِ راہ لے کر سفر کرتے تھے۔ تم کیسے کہتے ہو کہ زادِ راہ کی ضرورت نہیں؟

جواب:

ہم نے کب کہا ہے کہ سفر میں توشہ وری سامان خورد و نوش لے کر چلنا حرام ہے۔ بلکہ حرام یہ ہے کہ مسافر اس حقیقی سامان کو ہی اپنا سہارا سمجھے اور خدا تعالیٰ پر توکل نہ کرے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں کیا خیال ہے؟ خدا نے قرآن مجید میں آپ کو حکم دیا:

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ۔ اے حبیب تو بھروسہ کر اس پر جو زندہ ہے۔

کیا آپ جو کبھی نابینا یا نابینا یا درہم یا دینار ساتھ لے کر سفر نہیں کرتے تھے تو اپنے خدا کے اس مذکورہ حکم کی نافرمانی کی؟ حاشا وکلا۔ آپ سے قطعاً نافرمانی صادر نہیں ہوئی بلکہ درہم و دینار کے ہوتے ہوئے بھی یقیناً آپ کا دل خدا کے ساتھ تھا اور یقیناً آپ کا توکل خدا پر ہی تھا جیسا کہ اس نے آپ کو حکم دیا تھا کیونکہ آپ ہی وہ برگزیدہ ذات ہیں جس نے دنیا کی کسی چیز کی طرف التفات نہیں فرمایا اور تمام زمین کے خزانوں کی چابیاں آپ کی طرف بھیجی گئیں مگر آپ نے قبول نہیں فرمائیں بلکہ آپ کا اور سلفِ صالحین کا سفر خرچ سے کر چلنا دوسروں کی عافیت و بہتری کی نیت سے تھا۔ اس لیے نہیں تھا کہ زادِ راہ کو ہی معاذ اللہ اپنا سہارا سمجھتے تھے اور خدا پر انہیں کوئی بھروسہ نہیں تھا۔

تو معلوم ہوا کہ عمل عقیدہ کے تابع ہوتا ہے۔ اس کو سبب بنانا یا نہ بنانا، اور سبب اختیار کرنا یا نہ کرنا سے بیدار ہو اور بات کو پوری طرح ذہن میں بٹھا لو تاکہ اچھے نیک کی راہ دکھائے۔

سوال:

کیا زادِ راہ لے کر چلنا فضل ہے یا نہ لے کر؟

جواب:

زادِ راہ ساتھ لے کر چلنا یا نہ لے کر چلنا حالت و شخص کی بنا پر مختلف ہے۔ کوئی مقتدائے قوم زادِ راہ لے کر چلے کہ لوگوں پر اس کا اچھا اثر ہو یا حسنِ ظن میں

سفر میں دوسرے مسلمان بھائی کی عیادت کی نیت ہو، یا کسی خستہ حال کی فریاد رسی مطلوب ہو، یا اسی قسم کا کوئی اور نیک ارادہ ہو تو زادِ راہ لے کر چلنا افضل ہے۔ ورنہ اگر کوئی شخص کیلا سفر کو روانہ ہو جس کا توکل خدا تعالیٰ پر قوی اور مضبوط ہو اور اسے یہ خدشہ نہ ہو کہ راہ خدا سے غافل نہ ہو جائے تو ایسے شخص کے لیے ترک زاد بہتر ہے ——— اس توفیق کو جس طرح ممکن ہو کرے ——— خدا تجھے نیکی کی توفیق عنایت کرے۔

دوسرا عارضہ ——— سفر کے خطرات کا تصور و خیال

اس عارضے سے محفوظ رہنے کی صورت یہ ہے کہ تو اپنے معاملہ پورے طور پر خدائے تعالیٰ کے حوالے کر دے۔ اور یہ دو وجہ سے بہتر ہے۔

ایک تو دل کو اسی وقت اطمینان اور چین نصیب ہو جائے گا۔ اس لیے کہ وہ امور جو اہم ہوں اور ان کی بہتری یا برائی تم پر واضح نہ ہو تو ایسے امور کی فکر میں مضطرب و تشویش زدہ خاطر ہو گے۔ اور جب تم نے اپنے ہر معاملے کو خدا کے حوالے کر دیا تو تمہیں یقین ہو جائے گا کہ ان شاء اللہ تعالیٰ صلاح و خیر ہی نصیب ہو گی۔ تو اپنے معاملات پروردگار میں تفویض کر دے اور ہر قسم کی تشویش سے محفوظ ہو جائے گا۔ دل کو چین و اطمینان میسر آ جائے گا۔ دوسرے من و راحت اور دل کا اطمینان بہت بڑی نعمت ہے۔ ہمارے شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ کثر اللہ تعالیٰ مجلس میں فرمایا کرتے تھے:

(۱) التدبیر لی من خلقک	یعنی تدبیر اس ذات کے سپرد کر دے جس نے
تستریح۔	تجھے پیدا فرمایا تو راحت میں ہو جائے گا۔

میرے شیخ علیہ الرحمۃ نے مندرجہ ذیل تین اشعار بھی اسی سلسلہ میں کہے ہیں۔ فرماتے ہیں:

(۱) ان من کان لیس یدری فی العجو	ب تقلبہ ان المکروہ
(۲) الحری بان یفوض ما یعجز عنہ	الی الذی یکفیہ
(۳) ذلک البر الذی ھو بالرا	حتی من امہ و ابیہ

ترجمہ (۱) جو شخص یہ نہ جانتا ہو کہ میرا نفع نقصان کن چیزوں میں ہے یا کن چیزوں سے ناپسندیدہ۔

(۲) اسے چاہیے کہ اس کام کو جسے وہ حل کرنے سے عاجز ہے اس ذات کے سپرد کر دے جو ہر حاجت میں کافی ہے یعنی خدا تعالیٰ کے سپرد کر دے جو نیکوکار ہے اور ماں باپ سے

بھی زیادہ حسین و شفیق ہے۔

تفویض کی اس قدرے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ آئندہ جتنے تم صبح و شام میں نوکے۔ اور یہ کہ ہمیشہ معاملات و حوادث کے نتائج و عواقب کے بارے میں تم فکر مند رہو گے کیونکہ ہمت ہار بیٹھنا اور بیٹھ رہنا معاملات کو بگاڑ دیتا ہے اور ایسے نقصان دہ امور میں جو بظاہر زود نفع ہوتے ہیں۔ اور بہت سے ایسے امور جو بظاہر نفع مند نظر آتے ہیں درحقیقت بہت نقصان دہ ہوتے ہیں۔ اور تم کسی امر کو اس وقت تک شروع نہ کرو گے جب تک اس کے انجام کے بارے میں تمہیں شعور حاصل نہ ہو جائے۔

حکایت:

ایک عابد کے متعلق منقول ہے کہ وہ رب تعالیٰ سے یہ سوال کیا کرتا تھا کہ اسے بھی عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہی جواب ملتا تھا کہ اس خیال کو چھوڑ دو۔ اور قسمت کی تقسیم پر راضی رہو مگر وہ اپنے اسی خیال پر مصر تھا۔ آخر ایک روز اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کو اس عابد پر ظاہر کر دیا۔ جب عابد نے ابلیس کو دیکھا تو سمجھا کہ یہ کوئی بڑا بزرگ ہے۔ ابلیس نے کہا اگر تو نے سو سال زیادہ نہ رہنا تو میں تجھے ہلاک کر دیتا اور تجھے سخت سزا دیتا۔ عابد یہ سن کر مغرور ہو گیا اور دل میں کہنے لگا کہ میری تو بہت سی آرزوئیں ہیں۔ ابھی آزادی سے گناہ کرتا رہوں گا آخر وقت پر توبہ کر لوں گا پھر وہ فسق و فجور میں مبتلا ہو گیا اور ہلاک ہو گیا۔

اے مخاطب! تجھے چاہیے کہ تو اپنی زندگی کے ہر لمحے کو اپنی آخری گھڑی سمجھے اور اپنے مطلوب و مقصود کے حصول میں سرگرم عمل رہے اور اس حکایت سے تجھے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ اول اول سب سے زیادہ اہم چیز کیا ہے:

وَابْدَأْ بِالْأَهَمِّ فَالْأَهَمِّ

فکر مند ہونا جہالت ہے

یہ بھی جان لینا چاہیے کہ ہر وہ کام جس کے بارے میں تجھے یہ خدشہ ہو کہ اس کے پیدا کرنے والے اور اس کے حصول پر قادر

[illegible]

الفاظ نقل کرتے ہوئے فرمایا:

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

سوال:

[illegible]

جواب:

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اور فائدہ ہے یا نقصان۔ جیسے نوافل اور مباح امور۔ ان امور کا تم یقینی اور قطعی ارادہ نہیں کر سکتے تو اپنے امور کا ارادہ کرتے وقت اِن شاء اللہ ضرور کہا جائے۔ بلا اِن شاء اللہ ان امور کا ارادہ درست نہیں۔ بلا اِن شاء اللہ ان امور کا ارادہ مذموم ہوگا جس سے شرعاً روکا گیا ہے۔ تو اس تحقیق کی روشنی میں تفویض کا مقام اور ہر وہ شے ہے جس کے اندر تمہارے لیے کوئی خطرہ ہو۔ اور تمہیں اس کے بہتر ہونے کا یقین کامل نہ ہو۔

تفویض کے معنی

ہمارے بعض مشائخ نے تفویض کے معنی کیے ہیں:

هو ترك اختيار ما فيه مخاطرة	تفویض کے معنی ہیں ہر وہ شے جس میں خطرہ ہو اس
الى المختار المدبر العالم بمصلحة	اپنے ارادے اور اختیار کو ترک کر دینا اس مدبر کائنات
الخلق لا اله الا هو	مختار مطلق اور مخلوق کے مصالح جاننے والے رب کے
	تعالیٰ کے سپرد کر دینا

اور شیخ ابو محمد سنجری رحمۃ اللہ علیہ نے تفویض کے یہ معنی کیے ہیں:

هو ترك اختيارك المخاطرة على	تفویض نیز اِن خطرے کی شے میں اپنے اختیار کو ترک
المختار ليختار لك ما هو خير	کر دینا اور مختار حقیقی کے سپرد کر دینا ہے تاکہ وہ
لك۔	تمہارے لیے جو بہتر ہو اسے پسند فرمائے جس میں
	تیری بھلائی اور بہتری ہو

اور شیخ ابو عمرو رحمۃ اللہ علیہ نے تفویض کی یہ تعریف کی ہے:

هو ترك الطمع والطمع هو ارادة	یعنی تفویض ترک طمع کا نام ہے۔ اور طمع ہر اس شے
الشئ المخاطر بالحكم	کے ارادے کا نام ہے جس میں خطرہ ہو۔

تفویض کے معنی میں یہ مشائخ کرام کی عبارات تھیں جو نقل کی گئیں۔ اور ہمارے نزدیک تفویض کے یہ معنی ہیں:

ارادة ان يحفظ الله عبيده مصلحة	جس نور میں نفع کا خوف ہو اس میں یہ ارادہ
فيما لا تامن فيه الخطر	کہ اللہ تعالیٰ تیری مصلحتوں کو رہنے دے جس

[illegible]

تفویض کی ضد جمع ہے۔ دوسرا جمع دو طرح کا ہے۔ ایک وہ جو رجاء کے معنی میں ہے۔ یعنی ایسی شے کا ارادہ کرنا جس میں کوئی مفسدہ نہ ہو یا مفسدہ ہو مگر اللہ کا عفو لیا جائے۔

یہ جمع بمعنی رجاء کے معنی میں ہے ممدوح اور غیر مذموم ہے جیسا کہ پروردگار عالم جل وعلا نے جمع کو اس معنی میں قرآن مجید میں استعمال فرمایا ہے۔ ارشاد فرماتا ہے:

[illegible] وہ ذات جس سے مجھے امید ہے کہ روز قیامت میرے [illegible] وہ میری تمام خطائیں بخش دے گا۔

دوسرے مقام پر فرمایا:

[illegible] ہمیں پوری امید ہے کہ ہمارا پروردگار ہماری تمام خطائیں معاف کر دے گا۔

[illegible] جمع محمود میں بات نہیں کرتے۔

دوسرا جمع مذموم ہے جس کے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

ا [illegible] اپنے آپ کو حرص سے بچاؤ کیونکہ وہ یہی چیز ہے جس نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا۔

حضرت [illegible]

اور ارشاد ہے کہ:

[illegible] جس نے لوگوں کو ہلاک کر دیا وہ فساد طمع میں سے اور [illegible] ہے۔

[illegible] نے فرمایا ہے کہ طمع مذموم دو چیزوں میں ہے:

[illegible] ایک ہی شے سے سکون قلب حاصل کرنا جس کا نفع [illegible] مشکوک ہو اور ایسی چیز کا ارادہ کرنا جس کا [illegible]

خدا خیر۔

[illegible] مذموم میں جو ارادہ پایا جاتا ہے یہی تفویض کے منافی اور ممنوع ہے۔

[illegible] کا بیان جن کا تصور تفویض الی اللہ کا موجب ہے:

(۱) امور اور معاملات میں خطرہ۔

(۲) ہلاکت کا امکان۔

(۳) فساد اور خرابی کا خوف۔

(۴) انسان کا خطرے کی چیزوں سے محفوظ رہنے سے عاجز ہونا۔

(۵) انسان کی غفلت اور نادانی کے باعث خطرے کی چیزوں سے نہ بچ سکنا۔

اگر تم ان پانچ امور کو سنجیدگی سے ذہن میں حاضر کرو گے تو تمہارے دل میں خود بخود یہ بات پیدا ہوگا کہ اپنے تمام امور و معاملات احکم الحاکمین کے حوالہ کر دینے چاہییں اور ہر ان شاء اللہ سے کہ اس کے کرنے سے ان کا ارادہ نہیں کرنا چاہیے۔ بلکہ ہر ان امور میں خیر و صلاح کی یقین کامل تو توفیق دیتا ہے کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ وباللہ التوفیق۔

سوال:

تم جس خطرے کا بار بار ذکر کرتے ہو کہ اس کی وجہ سے تفویض امور الٰہی اور توکل علی اللہ ضروری ہے وہ خطرہ کیا ہے؟

جواب:

جان لو کہ خطرہ دو طرح کا ہے:

ایک تو خطرہ شک کہ شاید یہ کام ہو یا نہیں۔ اور شاید میں اس کا نتیجہ اچھا ہو یا نہ ہو۔ اسی خطرہ شک کے باعث ان شاء اللہ کہنا ضروری ہے۔

دوسرا خطرہ فساد، کہ تمہیں یہ یقین نہ ہو کہ اس میں تمہارے لیے صلاح و بہتری ہے۔ اس خطرہ کی بنا پر تفویض ضروری ہے۔

پہلے خطرہ کی تعریف میں ائمہ کرام کی عبارات مختلف ہیں۔ بعض نے ذکر کیا ہے کہ

"خطرہ وہ شے ہے جس کے غیر میں نجات ہو اور اس کے کرنے سے اجتناب ممکن ہو"

اس تعریف کی رو سے یہاں استقامت و سنت میں کوئی خطرہ باقی نہیں رہتا کیونکہ اس کے غیر میں نجات ناممکن ہے۔ اور یہ بھی نہیں ہے کہ استقامت میں شرع کسی اجتناب گناہ کا باعث نہیں۔ بلکہ یہ ہے کہ استقامت و سنت کا ارادہ یقیناً ہو نہیں ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ہونا چاہیے۔ اور ہمارے شیخ علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ آخر کار تمام مشائخ کا اس پر اتفاق ہو چکا ہے۔ اس اعتبار سے جب فرائض و واجبات خطرہ کے حکم سے خارج ہو گئے تو صرف مباحات و نوافل ہی محل خطرہ میں رہے ——— ہماری یہ بحث اس باب میں مشکل ترین بحث ہے۔ واللہ الموفق۔

سوال:

کیا اپنے جملہ امور کو حوالہ خدا کرنے والا ہلاکت و فساد وغیرہ امور سے مامون و محفوظ ہو جاتا ہے۔ حالانکہ دنیا دار مصائب و آلام میں ہے؟

جواب:

اغلب یہی ہے کہ ایسا شخص ان خطرات سے محفوظ رہتا ہے۔ ہاں نادر و قلیل طور پر کبھی خلاف بھی ہو جاتا ہے۔ جس سے وہ خذلان و بدبختی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور درجہ تفویض سے گر جاتا ہے۔ شیخ ابو عمرو رحمۃ اللہ علیہ نے یوں ہی فرمایا ہے۔

اور کہا گیا ہے کہ ایسے شخص کو ان امور میں جو اس نے حوالہ خدا کیے ہوئے ہیں بھوک و درستی تک پیش آتی ہے۔ نادر طور پر بھی وہ ذلت و رسوائی وغیرہ میں مبتلا نہیں ہوتا۔ ہمارے شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ قول زیادہ پسندیدہ ہے۔ کیونکہ تفویض کے ذریعہ اس کا اللہ تعالیٰ سے محفوظ رہنے کی امید نہ ہو تو تفویض (یعنی اپنے امور کو حوالہ خدا کرنے) سے فائدہ ہی کیا۔

سوال:

کیا خدا تعالیٰ پر واجب ہے کہ تفویض کرنے والے کے لیے افضل چیز ہی مہیا کرے۔

جواب:

یہ امر متفق علیہ ہے کہ باری تعالیٰ پر کسی شے کا ایجاب محال اور ناممکن ہے۔ اور بندوں کے لیے اللہ تعالیٰ پر کوئی شے واجب اور لازم نہیں۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کے لیے حکمت ایسی چیز مقدر کر دیتا ہے جو حقیقت میں بہتر اور صحیح ہوتی ہے اگرچہ ظاہر بندے کی نظر میں وہ افضل و اعلیٰ نہیں ہوتی۔ دیکھیے! نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام کے لیے یہ تجویز ہوئی کہ جمعہ کے دن چند آنے تک نہ پہنچ سکے یہاں تک کہ آپ کی اور صحابہ کرام کی نماز جمعہ کی نماز ظہر فوت ہو گئی۔ حالانکہ جمعہ کے بجائے نماز ظہر کی ادائیگی افضل اور بہتر تھی اسی طرح بسا اوقات اللہ تعالیٰ

ایک بندے کے لیے دولت اور نعمت مقرر کر دیتا ہے۔ حالانکہ درحقیقت فقر اس کے حق میں افضل ہوتا ہے۔

اسی طرح بسا اوقات رب تعالیٰ بندے کے لیے بیویاں اور اولاد مقدر کر دیتا ہے۔ حالانکہ درحقیقت اس کے لیے ذکر الٰہی اور عبادت زیادہ بہتر اور افضل ہوتے ہیں۔

اس کی مثال یوں سمجھو کہ ایک حاذق اور خیر خواہ طبیب مریض کے لیے جو کا پانی پسند کرتا ہے اگرچہ مریض گنے کا بخوار اور اس کا پانی نفیس اور عمدہ خیال کرتا ہو۔ کیونکہ اس طبیب کو معلوم ہے کہ مریض کی اسی میں صلاح ہے۔ اور بندے کا مقصود بھی تو ہلاکت سے نجات ہے۔ فساد و ہلاکت کے ساتھ ساتھ نفس کی ہر ہی نفس و شرف اور بڑائی حاصل کرنا مقصود نہیں ہوتا۔

سوال:

کیا انسان اپنے تمام اوراد و وظائف (تلاوت) تلاوت کے باوجود بھی ختم مقصود ہوگا؟

جواب:

علمائے اہل سنت کے نزدیک یہ صحیح ہے کہ تلاوت سے اس کا اختیار باطل و زائل نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ مختار ہی شمار ہوگا۔

تیسرا عارضہ: فتنہ

اور یہ اس کے مختلف اقسام کا انسان پر وارد ہونا ہے۔

اس کا علاج صرف یہ ہے کہ انسان فتنہ دنیا پر راضی ہو جائے۔ اس لیے تین وجہ سے فتنہ دنیا پر راضی رہنا ضروری ہے۔

اوّل: عبادت کے لیے فراغت۔

اور یہ فراغت یوں حاصل ہوگی کہ اگر فتنہ دنیا پر راضی نہ ہوگا تو تمہارا قلب ہمیشہ مغموم اور مشغول رہے گا کہ یہ بات اس طرح کیوں نہ ہوئی ہے۔ اور یہ کام اس طرح کیوں ہو۔ جب اس طرح کے افکار میں تمہارا قلب ہر وقت مشغول رہے گا تو عبادت کے لیے فراغت کب نصیب ہوگی۔ اس لیے تمہارے پہلو میں دل تو صرف ایک ہی ہے اور اسے تم نے فکرت دو سو دس سے بھر دیا ہوا ہے۔ جب تمہارے دل کے تمام گوشے دنیوی محبت سے پُر ہوں گے تو یاد خدا۔ اس کی عبادت اور فکر آخرت کے لیے کون سا گوشہ ہے جو خالی ہوگا۔

حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

ان حسرۃ الامور اما ضیعۃ و	تمہاری گزشتہ و فوت ہونے والی
تدبیر لا تیۃ قد ذھبت بیرکۃ	کی تدبیر سے جس میں برکت نہ ہو
سعیت ھذہ	کی بات کوشش کرنا ہے۔

قضاء الٰہی پر راضی ہونے کی دوسری وجہ:

قضاء الٰہی پر اظہار ناراضی سے غضب خداوندی کا مستحق ہونا ہے۔ روایات اور تاریخ سے ثابت ہے کہ کسی نبی نے اپنی کسی تکلیف کا رب تعالیٰ کے دربار میں شکوہ کیا تو رب تعالیٰ کی طرف سے وحی آئی کہ کیا تو میرا شکوہ کرتا ہے؟ حالانکہ میں تو مستحق شکوہ کا مستحق نہیں ہوں۔ کیا تو میرا نامناسب بات کا اظہار کر رہا ہے؟ تو میری قضاء پر ناراضگی کا اظہار کیوں کر رہا ہے۔ کیا تو یہ چاہتا ہے کہ میں تیری خاطر دنیا بدل دوں یا تیری خاطر مخلوق میں تبدیلی کر دوں اور جس چیز سے تو بغض رکھتا ہے تو چاہے گرچہ میں اس کو نہ چاہوں؟ اور جس چیز سے تو محبت کرتا ہے تو چاہے کہ میں اس کو ناپسند کروں؟ تجھے میری عزت و جلال کی قسم اگر تو نے آئندہ کبھی اس قسم کا خطرہ اور وسوسہ کیا۔ تو میں ضرور تجھ سے نبوت کا مقدس لباس اتار لوں گا اور تجھے نار دوزخ میں ڈال دوں گا اور تجھے کوئی پرواہ نہیں۔

میں کہتا ہوں عقل مند شخص کو گردش ہوش سے سننا چاہیے کہ رب تعالیٰ کس قدر اپنے نبیوں اور برگزیدہ بندوں سے اپنی ناراضگی کا اظہار کرتا ہے جب وہ اپنے برگزیدہ اور پاک بندوں کو ایسے کلمات کہہ سکتا ہے تو غیر نبی کے ساتھ بطریق اولیٰ بھی ناراض ہو سکتا ہے۔

پھر رب تعالیٰ کا یہ ارشاد بہت قابل غور ہے کہ اگر تیرے بندوں میں دوبارہ اس قسم کا خیال یا تو تیری نبوت چھین لی جائے گی" جب محض رد سے اور خیال پر اس قدر سخت وعید وارد ہے کہ فرمایا تو اس شخص پر اس کے غصہ کا کیا حال ہوگا جو بے صبری سے آنسو بہا رہا ہے اور بار بار فریاد رسی کے لیے ہر وقت شکوہ کرتے اور رب کو پکارتا ہے اور بار بار اس کے سامنے اپنے حاجتوں کے سامنے پیش صرف کیا نہ پکارتے بلکہ اس میں اپنے ساتھی اور دوست بھی شامل کرتے۔ پھر یہ اس کو ناراض کرتے جس نے ساری عمر میں صرف ایک بار شکوہ کیا۔ تو جس کی ساری عمر ہی رب تعالیٰ کے شکوہ اور

شکایت نہیں کرتی ہوں تاکہ گناہ نہ ہو؟

جواب: ہر قسم کی ناشکری کے ساتھ ہے جس سے بندہ پر شکوہ کیا۔ تو جو شخص غیر کے آگے اللہ تعالیٰ کا شکوہ کرے وہ سخت ترین سزا کا مستحق ہے ——— نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا۔ ونسأل اللہ ان یعفو عنا ویغفر لنا انہ ہو الغفور الرحیم۔

سوال:

قضاء پر راضی ہونے کے کیا معنی ہیں اور اس کی حقیقت اور حکم کیا ہے؟

جواب:

ہمارے علماء کرام نے فرمایا ہے رضا عقد ترک کر دینے کا نام ہے۔ اور عقد ایسی چیز کو دل اور دیانت کا نام ہے جو قضاء الٰہی کے خلاف ہو اور جس کا برا ہونا یقینی نہ ہو۔ سخط اور غصہ میں ایسا فکر اور تدبیر کی ضرورت ہے تب غصہ متحقق ہوگا۔

سوال:

یہ شرور و معاصی جو قضاء و قدر سے نہیں ہیں، تو اللہ تعالیٰ کی بندے سے شریعت رضی ہوگا اور اس پر ثواب عطا کرے گا؟

جواب:

رضاء تعلق قضا سے ہے اور قضا سے شر پیدا نہیں بلکہ وہ شے بری ہے جس کے ساتھ قضا متعلق ہوتی ہے۔ مذکورہ بالا شبہ پیدا ہوئی۔ ہمارے مشائخ رحمہم اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے جس امر سے قضا متعلق ہوتی ہے وہ چار قسم ہیں:

۱ نعمت ۲ شدت ۳ خیر ۴ شر

نعمت میں قضا یعنی خدا تعالیٰ قضا اور تقضی یعنی نعمت سب پر راضی ہونا واجب ہے اور اس کے نعمت ہونے کے اعتبار سے اس کا شکر بھی واجب ہے۔ اور اس صورت پر اظہار نعمت بھی ضروری ہے جس سے نعمت کے زوال کا اندیشہ نہ ہو۔

۲ شدت یعنی مصیبت اور تکلیف دہ امر میں بھی قضا یعنی اللہ تعالیٰ کی قضا اور

مقتضیٰ یعنی اس مصیبت اور تکلیف دینے پر راضی ہونا ضروری اور لازمی ہے۔ ورنہ سخت تکلیف ہونے کے اعتبار سے اس پر صبر بھی واجب ہے۔

(۳) خیر یعنی بھلائی اور نیکی۔ اس میں بھی مذکورہ تینوں اشیاء پر رضامند ہونا ہے۔ اور اس میں پروردگار کے احسان کا اعتراف کرنا کہ اس نے خیر کی توفیق دی بھی ضروری ہے۔

(۴) شر یعنی برائی۔ اس میں بھی قاضی یعنی خدا اور قضا اور مقتضیٰ یعنی اس برائی پر اس لحاظ سے کہ اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی قضاء متعلق ہے رضامند ہونا ضروری ہے۔ ہاں اس اعتبار سے اس کے ساتھ رضا کا تعلق نہیں ہو سکتا کہ وہ شر اور برائی ہے۔ اور اس شر کا فیصلہ شدہ و قضا شدہ ہونا اصل میں اللہ تعالیٰ کے قاضی ہونے اور اس کی قضا کی جانب ہی رجوع کرتا ہے۔

اس کو یوں سمجھو کہ تم شر کسی برے مذہب پر رضا کا اظہار کرو اس اعتبار سے کہ وہ تمہارے علم اور اس کی پہچان ہو جائے۔ نہ اس اعتبار سے کہ وہ تمہارا مذہب ہو جائے۔ تو اس مذہب پر رضامند ہونا دراصل تمہارے علم کی طرف ہی رجوع کرتا ہے۔ تو رضا اور محبت درحقیقت اس مذہب سے نہیں بلکہ اس کے علم کے ساتھ ہے۔ اسی طرح یہاں شر پر رضامند ہونے کا مطلب اس برائی پر رضامند ہونا نہیں بلکہ اس پر رضامند ہونا ہے کہ یہ بھی خدا تعالیٰ کے مقدر کردہ ہے۔

سوال:

کیا راضی بقضاء شخص کو زیادتی کا طالب ہونا درست ہے؟

جواب:

ہاں اس نیت سے کہ میرے لیے صلاح و خیر میں اضافہ ہو زیادتی کا طالب ہونا درست ہے اور یہ رضا بالقضاء کے خلاف نہیں کیونکہ اس نیت کے ساتھ زیادتی کا طالب ہونا اس پر کلی طور سے راضی ہے۔ انسان اسی وقت زیادتی کا طالب ہوتا ہے جبکہ وہ اس پر خوش ہو۔ لہٰذا وہ زیادتی کا طالب ہو سکتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ تھی کہ جب آپ کے سامنے دو چیزیں پیش کی جاتیں تو فرماتے:

اختر اَرشَدَ هُمَا وَ اَتْقَاهُمَا ۔۔۔ یعنی ان میں سے بہتر اور زیادہ

اور اگر دنیا کی دولت پیش نظر ہو تو فرمایا:

[illegible]

وہ ان دونوں مقصدوں میں کہیں بھی ظاہر نہیں ہوتا کہ آپ اللہ تعالیٰ کی مقدر کردہ چیز پر راضی نہیں تھے۔

سوال:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ تو منقول نہیں کہ بیت بیہ صحیح زیادتی جیسا کہ آپ نے کہا ہے؟

جواب:

اس طرح کے امور کا تعلق قلب سے ہوتا ہے۔ اس لیے ضروری نہیں زبان پر بھی لیا جائے تو وہ مراد ضرور ہوتے ہیں۔

چوتھا عارضہ: مصائب اور تکالیف:

دنیا میں کامیابی کی دوسری صورت صبر ہے۔ اس لیے ایسے تمام مقامات پر صبر بہت ضروری ہے۔ اور یہ دو وجہ سے ضروری ہے:

اول اس لیے کہ انسان عبادت تک پہنچ سکے اور اپنے مقصود حاصل کر سکے۔ اس لیے کہ عبادت کی ادائیگی میں بہت مشقت برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ تو جو شخص صبر نہیں کرتا اس سے کئی مشقت کو برداشت نہیں کر سکتا۔ یہ اس لیے کہ جو شخص خود کو تعب سے عبادت کرنے کا عادی نہیں بناتا اس کو کئی طرح کی مشقتیں، مصیبتیں اور شدائد پیش آئیں گی:

ایک تو اس لیے کہ ایسی کوئی عبادت نہیں جس میں مشقت نہ ہو۔ کیونکہ جب تک خواہش کا قتل اور نفس کا بہت سے عبادت کا کوئی فعل صادر نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کہ خواہش اور نفس دونوں انسان کو عبادت سے روکتے ہیں۔ اور نفس اور خواہش پر قابو پانا انسان کے لیے مشکل ترین امر ہے۔

دوسرے اس لیے کہ انسان جب کوئی نیک کام کرتا ہے تو اس میں احتیاط ضروری ہے، اور احتیاط مشقت کے بغیر نہیں ہو سکتی۔ اور کسی کام کو احتیاط اور درستی کے ساتھ انجام دینا بھی مشکل

کام ہے۔

تیسرے اس لیئے کہ دنیا دار محنت کرے تو جو شخص اس میں ہوگا اسے فراغت
مصائب اور تکالیف پیش آئیں گی۔ یہ مصائب کئی طرح کے ہیں:

(۱) اہل و عیال، رشتہ داروں، بچوں اور دوستوں کی طرف سے تکلیف ہونا یا ان کا مر جانا
جدائی۔

(۲) کسی کی اپنی ذات کا بیمار ہونا یا اور کسی طرح میں مبتلا ہونا۔

(۳) لوگوں کا اسے ذلیل کرنا اس کی عزت برباد کرنا اور اس کے لئے دنیا کو تنگ اور زندگی
کڑوا بنا دینا۔ اس کی غیبت کرنا، اس پر الزام تراشیاں کرنا۔

(۴) مال کا ضائع اور تباہ ہونا۔

اور یہ مذکورہ مصائب قدرتی بات ہے اپنے ہیں، ہر درجہ کے ہیں، انسان کو ان سے
اور اس کے دل کو چوٹ لگتی ہیں۔ تو ان سب تکلیفوں میں صبر کی ضرورت ہے۔ ورنہ غم و افسوس کا
بے صبری انسان کو عبادت سے باز رکھے گی۔

چوتھے یہ کہ طالب آخرت سخت آزمائش ہے اور سخت شدید محنت میں مبتلا ہوتا ہے
جو شخص اللہ تعالیٰ کے جتنا قریب ہوگا اتنا ہی سے مصائب بھی دنیا میں زیادہ پیش آئیں گے۔ حضور
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

اشد الناس بلاء الانبیاء ثم ۔۔۔ ثم الامثل فالامثل

تمام لوگوں سے زیادہ مصیبت انبیاء پر آتی ہے پھر ان کے بعد جو ان کے قریب ہیں۔

جو شخص نیکی کا قصد کرے گا اور راہ آخرت اختیار کرے گا وہ ضرور مختلف آزمائشوں میں مبتلا
ہوگا۔ تو جو شخص ان پر صبر نہ کرسکا اور نہیں برداشت نہ کر سکا وہ راستے میں ہی رہ جائے گا اور آخرت
سے محروم رہ جائے گا۔ تو عبادت میں سے کچھ حاصل نہیں کر سکے گا۔

اور خداوند تعالیٰ نے ہم کو بار بار قرآن شریف میں بتایا ہے کہ ہم ضرور تم کو مختلف طرح کی آزمائش
میں آزمائش کے طور پر مبتلا کریں گے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَإِنْ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذَٰلِكَ — اور اگر تم صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو یہ

مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ۔ — بہت ہمت کے کام ہیں۔

تو گویا اللہ تعالیٰ ان آیات میں یہ فرما رہے ہیں کہ اپنی جانوں کو مصائب کی تکلیف برداشت کرنے کا خوگر بنالو۔ اگر تم ان مصائب میں صبر کرو گے تو وہ تمہاری مردانگی کا ثبوت ہوں گے اور وہ تمہارے مرتبہ کو بلند کریں گے۔

پس جو شخص بھی عبادت کا عزم کرے گا اس کے لیے ضروری ہے کہ پہلے صبر عظیمہ کا رویہ کرے اور نفس کو اس بڑی مشقت برداشت کرنے کا عادی بنائے یہاں تک کہ موت آجائے۔ اور وہ آیات جن میں صبر کا ذکر ہوا ہے ان کا اس سے بڑا مرتبہ نہیں۔ اور جس ذریعہ سے وہ کامیابی کو پہنچ سکتا ہے وہ اس کے عکس کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔

حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص طریق آخرت طے کرنے کا ارادہ کرے وہ اپنے اندر پانچ موت کے بارے رنگ پیدا کرے: (۱) صبر، (۲) سرخ، (۳) سیاہ، (۴) ہرا۔

موت کا صبر رنگ تو ہمیشگی ہے۔ اور سیاہ رنگ فقر و فاقہ۔ اور سرخ رنگ شہوات اور صبر حوادث ایام پر صبر کرنا۔

اور ہرا رنگ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس سے دنیا و آخرت کی جملہ نعمتیں ملتی ہے۔

اور نجات و کامیابی کے حسن امکان ہوتے ہے۔ ارشاد ہے:

وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا — جو شخص تقویٰ اختیار کرے اللہ تعالیٰ اس کے

وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔ — لیے راہ پیدا کرے اور اسے ایسی جگہ سے

رزق دے گا جہاں کا سے وہم و گمان بھی نہیں ہوگا۔

اس آیت کے معنی یہ ہیں جو شخص صبر کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ اسے شدائد سے نجات دے گا۔

(۲) صبر کے ذریعہ انسان دشمنوں پر فتح مند ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

فَاصْبِرْ إِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ — تب صبر کریں بیشک نیک انجام پرہیزگاروں کا ہے

(۳) صبر کے ذریعہ انسان اپنی مراد پا لیتا ہے۔ قول اللہ تعالیٰ:

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ بِمَا صَبَرُوا۔ — اللہ تعالیٰ کے نیک کلمات بنی اسرائیل کے صبر کی وجہ سے پورے ہوئے۔

کہا گیا ہے کہ جب یعقوب علیہ السلام نے فراق کے غم و اندوہ کا تذکرہ یوسف علیہ السلام کو لکھا تو یوسف علیہ السلام نے جواب میں لکھا:

إِنَّهُ مَنْ يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ۔ — آپ کے بیٹے نے صبر کیا تو کامیاب ہوئے آپ بھی صبر کریں جیسا انہوں نے صبر کیا تو کامیاب ہوئے آپ بھی کامیاب ہوں گے بیٹے واپس آئیں گے۔

یہ دو شعر بھی اسی سلسلہ میں کہے گئے ہیں:

(۱) لَا تَيْأَسَنَّ وَإِنْ طَالَتْ مُطَالَبَةٌ — إِذَا اسْتَعَنْتَ بِصَبْرٍ أَنْ تَرَى فَرَجَا

(۲) فَخَيْرُ بَدْءِ الْمَرْءِ أَنْ يَتَعَلَّمَ بِحِلْمِهِ — وَمِنْ عَجَلٍ أَنْ يَرْكَبَ الْأَمْرَ لَمْ يَرِجْ

ترجمہ: (۱) اے دوست ہرگز نہ ہو اگرچہ بہت گزر رہے ہوں عرصہ دراز گزر جائے جبکہ تو نے صبر سے استعانت کی ہو۔ کیونکہ آخر تو فرج و وسعت و کشادگی سے ہمکنار ہوگا۔

(۲) صابر شخص کتنی بلند خوبی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے مقصود و مراد کو پا لیتا ہے۔ اسی طرح ورثاء یعقوبی کو مسلسل دستک دیتے رہے یہاں تک کہ ان کی مرادوں کا دروازہ کھل جاتا ہے۔

(۴) صبر کا یہ بھی فائدہ ہے کہ اس سے لوگوں کی پیشوائی و رہنمائی کا مرتبہ ملتا ہے۔ ارشاد ربانی ہے:

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا۔ — اور ہم نے ان کو ان کے صبر کے باعث لوگوں کا امام بنایا کہ ہمارے حکم سے لوگوں کو ہدایت کی تبلیغ کرتے تھے

(۷) صبر سے انسان اللہ تعالیٰ کی مدد کا مستحق ہوتا ہے۔ ارشاد ہے:

إِنَّ وَجَدْنَاهُ صَابِرًا نِّعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ۔ — ہم نے اسے صابر پایا وہ بہت ہی اچھا بندہ ہے رجوع کرنے والا ہے۔

(۸) صبر سے جنت کی بشارت ملتی ہے اور صابر شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مہربانی کا مستحق ہوتا ہے۔ فرمایا:

وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ۔ — صبر کرنے والوں کو جنت کی بشارت دو

اور فرمایا:

أُولَٰئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ۔ — یہی لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کی مہربانی اور رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

(۹) صبر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ انسان سے محبت کرتا ہے۔

وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ۔ — اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے

(۱۰) صبر کے ذریعہ جنت میں درجات عالیہ عطا ہوں گے۔ ارشاد ہوتا ہے:

أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا۔ — ان لوگوں کو صبر کے صلہ میں جنت کے اندر بالاخانے عنایت ہوں گے۔

(۱۱) صبر کے طفیل انسان اللہ تعالیٰ کی طرف سے کرامت اور عزت کا مستحق ہوتا ہے۔

قال اللہ تعالیٰ:

سَلَامٌ عَلَيْكُم بِمَا صَبَرْتُمْ۔ — تم پر سلامتی ہو تمہارے صبر کرنے کے صلہ میں تمہارے رب کا تحفہ ہے

(۱۲) صبر کے باعث بندے کو آخرت میں بے حساب و بے شمار ثواب عطا ہوگا جو لوگوں کے وہم و گمان سے بہت ہی بالاتر ہوگا۔ قال اللہ تعالیٰ:

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ — صبر کرنے والوں کو بے حساب ثواب ملے گا۔

بہرحال اللہ! اس بزرگ و برتر ذات نے انسان پر کس قدر کرم فرمایا۔ اور صبر کے صلہ میں

جو مذکورہ دو کرامتیں اور فضیلتیں دنیا و آخرت میں پروردگار انسان کو عطا فرماتا ہے یہ محض ایک صبر کے عوض میں، تو تم پر واضح ہو گیا کہ دنیا و آخرت کی تمام بھلائی صبر میں منحصر ہے۔ یہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

مَا أُعْطِيَ أَحَدٌ مِنْ عَطَاءٍ خَيْرٍ وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ

صبر جیسی کشادہ اور بہتر عطا کسی کو نہیں دی گئی۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں:

جمیعہ خیر المؤمنین فی صبر

مومنین کی ہر قسم کی بھلائی ایک جملہ صبر میں ہے

ایک شاعر نے اس مضمون کو ذیل کے شعر میں بہت اعلیٰ پیرایہ میں ادا کیا ہے:

(۱) اصبر صفت مما تحب فربما ۔۔۔ ۔۔۔ خیر یساق بمکروہ

(۲) فاصبر فان صبرت لیسری ۔۔۔ ۔۔۔ فربما یمکن المحذور

ترجمہ (۱) صبر ہر امید کی چابی ہے اور ہر بھلائی صبر سے حاصل ہو سکتی ہے۔

(۲) تو صبر کرو اگرچہ صبر میں عرصہ درکار ہے۔ کیونکہ بہت دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ ایک دشوار شے آخر ممکن ہو جاتی ہے۔

(۳) ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔

یا آسانی کا یا تنگی کا۔

جب تم معلوم کر چکے کہ صبر کے یہ فضائل ہیں۔ تو تم پر لازم ہے کہ اس نفیس اور عمدہ خصلت کو اپنے میں پیدا کرو۔ اور اس کے حصول کے لیے پوری جد و جہد کرو۔ اس خصلت کے حاصل ہو جانے پر ضرور تم کامیاب انسانوں میں سے ہو جاؤ گے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

سوال:

صبر کی حقیقت اور اس کا حکم بیان کیجیے؟

جواب:

لغت میں صبر کے معنی روکنے کے ہیں۔ جیسے کہ قرآن میں یہ لفظ روکنے کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ قول اللہ تعالیٰ:

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ	اپنی ذات کو ان لوگوں کے ساتھ روکے رکھیے
رَبَّهُمْ۔	جو دن رات رب کی یاد میں مشغول رہتے ہیں۔

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی قوم سے عذاب روکے رکھا ہے اور جب تک وہ عذاب نازل نہیں کرتا۔

اور صبر ان عبادتوں کی کوششوں میں سے ایک کوشش کا نام ہے۔ کیونکہ صبر نفس کو جزع سے روکنے کا نام ہے۔ اور جزع کی علماء نے یہ تعریف کی ہے:

ذکر اضطرابٍ فی حالۃ۔	تکلیف کے وقت پریشانی کا ظاہر کرنا۔

اور جزع سے جزع کے یہ معنی ہیں کہ اپنے زور سے تنگی سے نکلنے کا قصد کرنا۔ اور یہ جزع کے نیک کا نام ہے۔

صبر کس طرح پیدا کیا جائے؟

اس کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی شدت اور اس کے وقت کو یاد کرے۔ اور یہ خیال کرے کہ نہ تو میری بے تابی سے کوئی چیز شافی ہو کر آئی اور نہ اس میں تقدیم ہوئی ورنہ تاخیر۔ تو پھر جزع اور بے صبری سے بیان کردہ اس میں بجائے فائدہ کے نقصان اور خسارہ ہے۔ اور اپنے اندر صبر کا وصف پیدا کرنے کی سب سے اہم چیز یہ ہے کہ آدمی صبر کے اس عوض کا تصور کرے جس کا پروردگار نے وعدہ فرمایا ہے۔ وباللہ التوفیق

فصل

عبادت کے لیے فراغت حاصل کرنے کی خاطر تقریباً ہر وہ چیز جو رزق کے حصول کے سلسلہ میں کوشش کے راستے سے ہٹا کر اس اہم اور سخت مہم کو عہدہ برآ ہونے کے لیے درکار توانائی کو بچاتی ہے ضروری ہے۔ رب تعالیٰ تمہیں اپنا مقصود دیا کرنے کی مہلت بھی نہیں دیتا جب تک وہ مقصود کو پا نہ لے اور ان عوارض میں سے ہر ایک حادثہ بذات خود اہمیت و اہمیت رکھتا ہے جو انسان کو مشغول کر لیتے ہیں اور بعض دیر سے۔

پھر ان چار میں سے سب سے بڑا اور سب سے سخت ترین رزق کا معاملہ ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کیونکہ مخلوق کے لیے سب سے عظیم مصیبت یہ رزق ہی ہے جس کی وجہ سے مخلوقات کو اور اندھا اور عاجز کر دیا ہے اور لوگوں کو عبادت سے غافل کر دیا ہے۔ اور لوگوں کو بے پناہ فکرات اور پریشانیوں میں مبتلا کر دیا ہے اور عمروں کو ضائع کر دیا ہے۔ اور یہ رزق ہی لوگوں کے لیے سب سے بڑے گناہوں اور معاصی کے ارتکاب کا باعث بنتا ہے۔ اور یہ رزق ہی معاشرے کے لوگوں کو خدمت پر اور دوسروں کو خدمت دینے اور خدمت مخلوق کا باعث بنتا ہے۔ لوگوں کو رزق کے دائرے میں پھنس کر یہ حق سے غفلت اور گناہوں کی تاریکی میں ڈوب جاتے ہیں اور رزق کی وجہ سے ہی مرد اپنی بیویوں اور اولاد کی ضروریات میں گھر

اس بات سے وہ نہیں بچ پاتے کہ ان کی قوت ضائع ہو جائے۔ اور اس تضحیک کی اصل اور بڑی وجہ آیات قرآنی کی وہ غلط تشریح ہے جو اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس نام سے منسوب کی گئی ہے اور جس کے نتیجہ میں غور و فکر کی صلاحیت سے محروم لوگ دوسروں کی تقلید پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اور اس تقلید کی عادت سے ضعف پیدا ہو چکا ہے۔ یہاں تک کہ ان کے اعضاء پر مکمل طور پر قابو حاصل ہو چکا ہے اور ان کی حرکات میں بھی اس کمزور ضعف یقین کے اثرات نمایاں ہو چکے ہیں۔

ان کے علاوہ بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی بے پناہ نعمتوں کو دیکھ کر بھی اللہ تعالیٰ کی ہستی کا یقین نہیں کرتے۔ انہوں نے خود اللہ تعالیٰ کی ہستی کے بارے میں اپنے ذہن میں کچھ تصورات قائم کر رکھے ہیں۔ اور ان تصورات کی بنیاد پر وہ اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی ہستی کے بارے میں وہ باتیں جو ان کی عقل میں نہیں آتیں یا جو ان کے نفس کی خواہشات کے خلاف ہیں وہ ان کا انکار کرتے ہیں۔ اور جب ان کے سامنے ان کے ان تصورات کی غلطی واضح کی جاتی ہے تو وہ پوری قوت سے مقابلہ کرتے ہیں اور مکمل معرفت اور یقین حاصل کرنے میں یہ بات ان کے لئے رکاوٹ بن جاتی ہے اور شیطان ان سے چھین لیتا ہے۔ اور نفس ان کا بہت بڑا دشمن ہے اور نہیں سیدھے راستہ پر چلنے دیتا اور شیطان ان کو گمراہ کر دیتا ہے۔

اس سلسلہ میں حضرت یونس علیہ السلام کا واقعہ بھی قابل غور ہے کہ جب آپ نے اپنے رب کے بغیر ایک مستقل عمل کرنے کا ارادہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس لغزش کی کوشش کی۔ اور آپ کے پاس نہ تو زاد راہ تھا اور نہ ہی اس کے علاوہ کوئی اور ذریعہ تھا جس کی وجہ سے یہ خوف دور ہو جاتا اور آپ مچھلی کے پیٹ میں فوراً خوفناک جگہ میں پہنچ گئے۔ اور نہ صرف یہ کہ آپ کو اس کا علم ہوا بلکہ آپ نے یہ بھی محسوس کیا کہ آپ نے ایک ہزار رکعت نفل ادا کرنے کا جو عہد کیا تھا وہ بھی پورا نہیں کیا۔ اور آپ بارہ برس تک مچھلی کے پیٹ میں رہے یہاں تک کہ جب بارہ برس بعد آپ کی توبہ قبول ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس لغزش کی کوشش کی اذیت ناک جگہ سے نجات دی۔ اور آپ کے پاس نہ تو زاد راہ تھا اور نہ ہی اس کے علاوہ کوئی اور ذریعہ تھا جس کی وجہ سے آپ اس خوفناک جگہ میں فوراً

ہیں۔ تو اس نے آپ سے کہا "اے ابو اسحاق! آپ اس حال میں اپنے آپ کو کیسا پاتے ہیں؟" آپ نے اس کے جواب میں یہ دو شعر پڑھے:

(۱) نُرَقِّعُ دُنْيَانَا بِتَمْزِيقِ دِينِنَا ۔۔۔ فَلَا دِينُنَا يَبْقَى وَلَا مَا نُرَقِّعُ

(۲) فَطُوبَى لِعَبْدٍ آثَرَ اللّٰهَ رَبَّهُ ۔۔۔ وَجَادَ بِدُنْيَاهُ لِمَا يَتَّقِي

ترجمہ (۱) ہم اپنے دین کو برباد کر کے دنیا سنوارنے کی کوشش کرتے ہیں تو نہ ہمارا دین باقی رہتا ہے اور نہ ہی دنیا سنورتی ہے۔

(۲) تو وہ شخص کس قدر مبارک اور خوش قسمت ہے جس نے ہر معاملے میں اپنے رب کی رضا کو ہی ترجیح دی اور آخرت کی نجات کی امید پر دنیا کو قربان کر دیا۔

بعض صالحین کے متعلق منقول ہے کہ وہ کسی جنگل میں تھے کہ ابلیس ان کے پاس آیا اور اس کے ہاتھ میں بہت سے رسے تھے۔ اندازہ کرنے لگا کہ آپ اس ویرانے میں زاد راہ سے تہی دست ہیں۔ اور یہ بیابان سے آپ کو کچھ نہیں ملے گا۔ اس لیے اشیاء بکثرت ہیں۔ اور اس میں نہ تو کہیں آبادی کا نشان ہے اور نہ ہی کہیں کسی انسان کا گزر ہے۔ تو اس بزرگ نے اس شیطانی وسوسے کو محسوس کر کے عزم مصمم کر لیا کہ میں زاد راہ کے بغیر ہی اس راستے پر چلتا رہوں گا۔ اور نہ تو کسی سے کوئی شے لوں گا۔ اور نہ اس وقت تک کھاؤں پیوں گا جب تک کہ میرے منہ میں جبرائیل اور شہد وغیرہ نہ ڈالا جائے گا۔

یہ ارادہ کر کے آپ نے اس جنگل کے بالکل ہی جانب کی طرف اپنا رخ کر لیا اور اس کی سیاحت میں مشغول ہو گئے۔

وہ بزرگ فرماتے ہیں "میں اس میں گھومتا رہا۔ یہاں تک کہ ایک روز میں نے دیکھا کہ ایک شخص راستہ بھول کر میری طرف کو آ رہا ہے۔ میں نہیں دیکھتے ہی زمین پر لیٹ گیا تاکہ وہ مجھے نہ دیکھ پائے لیکن خدا کی شان کہ وہ میری طرف ہی سیدھے چلتے رہے۔ یہاں تک کہ عین میرے سر پر آ کر رک گئے۔ میں نے آنکھیں بند کر لیں تو وہ میرے بالکل ہی قریب کھڑے ہو کر یک ٹک دیکھتے رہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس شخص کا سفر خرچ ختم ہو چکا ہے اور بھوک پیاس کی وجہ سے خشک کانٹا ہو گئے اس لیے بھی اور شہد اور گھی کے حق میں دعا بھی کی تاکہ وہ ہونٹوں میں آ جائے چنانچہ وہ گھی اور شہد سے میں نے اپنا منہ خشبو ہی سے بند کر لیا تو انہوں نے میری منگوا کر میرا منہ زبردستی سے کھول دیا۔ تو میں

منہ بولی عابدین رکھ دیا۔ میری ہنسی دیکھ کر وہ کہنے لگے تم تو کوئی پاگل ہو۔ تو میں نے جواب دیا: خدا کی قسم میں مجنوں یا پاگل ہرگز نہیں ہوں۔ اور میں نے شیطان کے آنے اور اس کی وسوسہ اندازی کے واقعہ سے انہیں آگاہ کیا جسے سن کر وہ بہت ہی متعجب ہوئے۔

پھر وہ بزرگ فرمانے لگے کہ حاجی کے زمانہ میں سفر کے دوران میں نے ایک بڑی مسجد میں قیام کیا جو بازار سے کافی فاصلے پر تھی۔ اور میں نے مشائخ کی سنت کے مطابق سفر خرچ سے خالی ہاتھ تھا۔ جب میں نے آرام و سکون اندازی شروع کی کہ یہ مسجد آبادی سے بہت دور ہے۔ اس مسجد میں قیام کے بجائے اگر میں کسی مسجد میں قیام کرتا جو آبادی میں واقع ہو تو وہاں تیرے خورد و نوش کا انتظام ہو سکتا تھا۔ میں نے اس کے جواب میں کہا کہ میں یہیں رہوں گا۔ اور خدا کی قسم میں حلوے کے سوا کوئی شے نہیں کھاؤں گا یہی نہیں۔ اور ضرورت بھی اس وقت تک نہیں کہ وں گا جب تک ایک ایک لقمہ کر کے میرے منہ میں نہ ڈالا جائے چنانچہ میں نے وہاں نماز عشاء ادا کی اور مسجد کا دروازہ بند کر دیا۔ جب رات کا تہائی حصہ گزر گیا تو اچانک کسی شخص نے جس کے ہاتھ میں شمع تھی مسجد کا دروازہ کھٹکھٹایا جب میں نے کافی زور سے دروازہ کھٹکھٹانا شروع کیا تو میں نے اٹھ کر دروازہ کھولا میں نے دیکھا کہ ایک بڑھیا ہے جس کے ساتھ ایک نوجوان ہے۔ بڑھیا دروازے سے اندر داخل ہوئی۔ اور میرے سامنے حلوے سے بھرا ہوا ایک تھال رکھ دیا۔ اور کہنے لگی یہ نوجوان میرا لڑکا ہے جس نے یہ حلوہ اس کے لیے تیار کیا تھا۔ اور گھنٹہ بھر کے دوران میں نے قسم کھائی کہ میں یہ حلوہ اکیلا نہیں کھاؤں گا بلکہ کسی مسافر کے ساتھ کھاؤں گا یا اس مسافر کے ساتھ جو اس مسجد میں ہے۔ اس لیے تو اے اللہ تعالیٰ مجھ پر رحم فرما۔ اس کے بعد بڑھیا نے لقمے بنا کر ایک میرے منہ میں دوسرا اپنے لڑکے کے منہ میں دینا شروع کیا۔ یہاں تک کہ ہم نے سیر ہو کر کھا لیا۔ پھر وہ نوجوان اور بڑھیا واپس چلے گئے اور میں نے مسجد کا دروازہ بند کر لیا۔ اس واقعہ پر میں دل ہی دل میں دیر تک متعجب ہوتا رہا۔

اے مخاطب! یہ اور اس طرح کے ہزاروں واقعات ہیں جو صابرین سے مجاہدے اور مخالفت شیطان کے طور پر وقوع پذیر ہوئے ہیں۔ اس طرح کے واقعات سے ہمیں تین طرح کے فائدے حاصل ہوتے ہیں:

(۱) اول یہ کہ تم جان لو کہ جو رزق مقدر ہو چکا ہے وہ بہر حال انسان کو ملے گا۔

(۲) دوم یہ کہ تمہیں معلوم ہو جائے کہ رزق دراصل میں توکل ایک اہم شے ہے۔ دوسرے کہ رزق کے معاملہ میں شیطان کے فریب اور وسوسے نہایت ہولناک اور تباہ کن ہیں جن سے محفوظ نہ رہنے کے سبب بڑے بڑے کے زاہدین، ائمہ کرام اور بزرگان دین جن کی عمریں مجاہدات اور ریاضات شاقہ کے باوجود بیس تیس گھنٹے سے زیادہ نہ تھیں ان ائمہ کرام کو ان وساوس سے محفوظ رہنے کے لیے کیسے کیسے جتن کرنے پڑے۔ اور خدا کی قسم ہو شخص ستر برس سے مجاہدات و ریاضات میں مصروف ہو وہ بھی شیطانی وسوسوں سے مامون و محفوظ نہیں ہو سکتا۔ اس طرح بندگی اور غافل لوگ کن کن وساوس و خطرات سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ اور اگر نفس و شیطان کا ذرا بھی دخل ہو جائے تو وہ سب کے سب رکھ دیں جس طرح وہ غافل اور بے خبر بندوں کو ہلاک کر دیتے ہیں۔ (فی ذیل عبارۃ زولی ایضاً)۔

(۳) ائمہ کرام اور بزرگان دین کے اس طرح کے واقعات سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ رزق کے سلسلہ میں توکل کی منزل کو شش شدید اور بار بار توجہ کے بغیر طے نہیں ہوتی اور وہ ائمہ کرام اگرچہ تمہاری طرح نوکری، تجارت، زراعت یا کوئی اور کام نہیں کرتے تھے بلکہ ان کے بدن سے زیادہ دماغ اور ان کے علم سے زیادہ ضعف اور ان کی ہڈیاں گوشت سے زیادہ پتلی تھیں لیکن ان میں قوت علم اتنی نور یقین تھی۔ اور دین کے معاملہ میں ان کی ہمت قوی تھی کہ وہ اس قدر سخت مجاہدے کرتے رہے یہاں تک کہ ان بلند مقامات پر فائز ہوئے ——— ان بزرگان دین کی زندگیوں کے مقابلے میں ذرا اپنی حالت بھی غور سے دیکھو تمہیں پتہ چلے کہ اس سلسلہ میں ہماری کیا حالت ہے اور آخرت میں فلاح پا سکو۔

فصل

اب میں اس سلسلے میں تمہیں چند ایسے نکتے بتاتا ہوں جو میرے مطالعہ میں آئے ہیں۔ اور جو بہت دنوں تک غور کرنے سے تمہارے قلب میں بارش نور کی طرح نازل ہوں گے اور توکل فی رزق کے سلسلے میں وہ کش مکش ختم ہو جائے گی۔ اور ان پر عمل کرنے اور ان میں غور و تامل کرنے سے تمہیں [illegible]

ان کے حق میں نصیب نہ ہوتے کی ۔۔۔۔ اللہ سبحانہ تعالیٰ شوق

پہلا نکتہ :

تمہیں یہ یقین کرنا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب میں تمہارے رزق کی ضمانت و کفالت کا ذمہ لیا ہے۔ اس لیے کہ تم میں سے کوئی بادشاہ تم سے یہ وعدہ کرے کہ آج شام تمہارے گھر پر مہمان ہے اور تمہیں اس کے متعلق یہ گمان بھی ہو کہ یہ اپنی بات پر پختہ ہے اور یہ سچا ہے جھوٹا نہیں وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ بلکہ اگر ایک بازاری یا کوئی یہودی یا نصرانی یا کوئی آتش پرست جس کا تمہیں پتہ بھی نہ ہو تم سے یہ وعدہ کرے تو تم فوراً اس کی بات پر اعتماد کرو گے اور اس کی بات پر مطمئن ہو جاؤ گے اور رزق کے معاملہ کے سلسلہ میں اس کی بات پر بھروسہ کرنے لگو گے

جب تم ایک مخلوق کی بات پر اعتماد کرتے ہو اور اپنے حسن ظن کے باعث یقیناً اس پر مطمئن ہو جاتے ہو تو افسوس ہے کہ اپنے پروردگار کی بات پر اعتماد نہیں کرتے جس نے رزق کے متعلق نہایت سچے وعدے میں ضمانت و کفالت کا وعدہ فرمایا ہے۔ صرف وعدہ ہی نہیں فرمایا بلکہ قرآن پاک میں متعدد جگہ پر اس وعدہ رزق پر قسمیں کھائی ہیں۔ افسوس ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ان تاکیدی وعدوں سے باوجود رزق کے معاملہ میں تمہارا دل مطمئن نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ کی کفالت و ضمانت پر سکون پذیر نہیں ہوتا۔ اور رزق کی تقسیم کی پرواہ نہیں کرتے بلکہ تمہارا قلب مشوش اور مضطرب رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اتنے پختہ وعدوں پر عدم اعتماد کے وبال کا کشف تمہارے اوپر ہو جائے اور اس کی پرسش اور ہیبت کا اندازہ ہو جائے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سلسلہ میں فرماتے ہیں :

۱ اطلب رزقک من عند غیرہ ۔۔۔ وتنسہ من خوف تعوّقہ منا

۲ وترضی بذا ذنب وتسکن منہ کی ۔۔۔ ضمنہ ولا ترضی بربک ضامنا

۳ کیف تقنو وہو فی سکنات ہ ۔۔۔ قد صحبت منحوس بیقین مبدیا

ترجمہ : کیا تم رب تعالیٰ کے سوا دوسروں سے رزق طلب کرتے پھرتے ہو اور اس ذات سے تم رزق کے عوقب و مصائب سے ڈرتے ہو۔ اور اس ذات کے ضمان پر اعتماد نہیں کرتے جو ضامن ہے اور تم ایک گناہ گار کے ضمان پر راضی ہو اور اس پر سکون پذیر ہو۔ کیا تم نے ایک ایسے شخص کی صحبت اختیار کی ہے جو یقیناً منحوس ہے۔

(۲) افسوس کہ تم ایک مشرک صراف کے ضامن بننے پر راضی مند ہو جاتے ہو مگر اپنے پروردگار کی ضمانت پر تمہیں اعتماد نہیں۔

(۳) گویا تم نے رزق کے متعلق آیات خداوندی کو پڑھا ہی نہیں۔ اس لیے تم رزق حق سے جدا اور یقین سے برگشتہ معلوم ہوتے ہو۔

رزق کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ پر عدم اعتماد ایک ایسی تباہ کن چیز ہے جو انسان کو شک و شبہ میں مبتلا کر دیتی ہے اور ایسے شخص کے متعلق خدشہ ہے کہ اس سے کہیں دین و ایمان کی دولت سلب نہ ہو جائے ـــــ (العیاذ باللہ) ـــــ اسی لیے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:

وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ — اور اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کرو اگر تم ایماندار ہو۔

اور فرمایا:

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ — اور ایمانداروں کو صرف اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے۔

دین کا صحیح احساس رکھنے والے ایماندار کے لیے صرف یہی ایک نکتہ کافی ہے ـــــ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

دوسرا نکتہ:

قرآنی آیات اور ارشادات نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نہایت صحت کے ساتھ یہ ثابت ہے کہ ہر ایک کا رزق ازل سے تقسیم ہو چکا ہے۔ اس لیے ہمیں اس تقسیم خداوندی پر یقین ہونا چاہیے اور اس امر کا بھی اعتقاد ہونا چاہیے کہ اس کی تقسیم میں تغیر و تبدل نہ تقدیم و تاخیر ممکن ہے تو کرم ان دلائل کے باوجود تقسیم ازلی کا انکار کرنا یا اس میں ردوبدل کو جائز خیال کرنا تو یہ صریح کفر ہے ـــــ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ ـــــ اور جب ہمیں اس امر کا یقین ہو چکا کہ اس میں ردوبدل ناممکن ہے تو اس سلسلہ میں اہتمام اور طلب و جستجو سے کیا فائدہ۔ اس عقیدہ کے ہوتے ہوئے پیہم تلاش و جستجو دنیا میں ذلت اور خواری اور آخرت میں تنگی اور خسران کا باعث ہے۔ اسی لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا ہے:

مکتوب عن فلان بن فلان الی فلان

رزق فلان من فلان زیادۃ

معلوم لا یجوز۔

کسی فلاں ابن فلاں کی طرف سے کسی فلاں کو

فلاں کا رزق فلاں کے ہاں سے زیادہ ہے

معلوم ہے جائز نہیں۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

زمانہ قدیم ضعیف لوگ یہ

فلا یجتمع خوف فقر رزق

زیادۃ ناقص ولا تطمئن بکثرۃ۔

بیشک بعض قوموں کو بہت سے مقدر ہوتا

ہے نہیں ان کو فقر نہیں ہو سکتا اور جس

حصہ کے رزق کو وہ ساتھ لے کر

دنیا میں آتا ہے

دانش مند شخص کے لیے یہ دوسرا نکتہ بھی ایک بہت اہم نکتہ ہے۔

تیسرا نکتہ:

یہ نکتہ بھی شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے جسے انہوں نے اپنے کسی شاگرد رحمۃ اللہ سے نقل فرمایا ہے کہ:

میں نے شیخ کے شاگرد رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: رزق کے معاملہ میں بہت تنگ دل ہوں لیکن جو وجہ ہے کہ میں نے اپنے نفس سے کہا کہ یہ رزق زندہ انسانوں کے لیے ہی تو ہے۔ مُردوں کو رزق سے کیا تعلق۔ وہ بس تم انسانی زندگی اللہ تعالیٰ کے خزانے اور اس کے دست قدرت میں ہے اسی طرح رزق بھی اسی کے دست قدرت میں ہے اپنے کو بے چین نہ کرے۔ اس مسئلہ میں اللہ تعالیٰ کی مشیت پر تکیہ کرے۔ وہی جیسے چاہتا ہے تدبیر کرتا ہے۔ اور مجھے اپنے نفس کو سکون و قرار میں رکھنا چاہیے۔

اس نکتہ کے بعد یہ نکتہ بھی بہت مفید ہے۔

چوتھا نکتہ: اللہ تعالیٰ ہمارے رزق کا ضامن و کفیل ہے مگر اس حد تک ہونا ور

تربیت میں کام دے سکے، زیادہ کا نہیں۔

باقی رہا کھانا پینا، تو جب بندہ عبادت الٰہی کے لیے لوگوں سے علیحدگی اختیار کرے اور اللہ تعالیٰ پر پوری طرح بھروسہ کرے، تو بسا اوقات خورد و نوش کے ظاہری اسباب سے رک لیے جاتے ہیں اور ظاہری اسباب کے رک جانے پر نہ تو بندے کو ملول ہونا چاہیے اور نہ ہی اس کی کچھ پروا کرنی چاہیے۔ اس لیے کہ جب حقیقت امر یہ منکشف ہے کہ اس کی زندگی باقی ہے تو اللہ تعالیٰ نے میرے بدن کو قائم رکھنے کا وعدہ کیا ہوا ہے۔ اور توکل کی حقیقت یہی ہے صرف اسی قدر ہے کہ وہ ہلاک نہ ہو اور اس کا جسم قائم رہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کی ذمہ فرمائے وہ تاکہ جب تک اس کی زندگی ہے عبادت اور خدمت حق میں وہ بندہ پوری توجہ سے مشغول رہے۔ اور مقصود بھی یہی ہے کہ کسی نہ کسی طرح انسان کا جسم قائم رہے تاکہ وہ رب تعالیٰ کی عبادت کرتا رہے۔ اور خدا تعالیٰ کو قدرت ہے کہ جب تک چاہے کسی بندے کے بدن کو قائم رکھے چاہے غذا کے اور پانی پینے کے ذریعہ باقی رکھے یا کہ بغیر کسی تسبیح و تہلیل کے ذریعہ باقی رکھے جیسے فرشتے تسبیح و تہلیل سے غافل ہیں۔ اور چاہے تو بغیر کسی سبب کے باقی رکھے۔ اور مقصود تو عبادت اور خدمت حق میں بقائے بدن ہے چاہے جس طرح بھی باقی رہے۔ بندے کو اس وقت تک شغول رہنے کے لیے تو پیدا نہیں کیا گیا کہ خود کو اس کے لیے مرغن غذائیں ہی تناول کرتا رہے۔

کلام کا مقصد یہ ہے کہ ہم نے اُس بندے پر بڑی بڑی نعمتوں اور عظیم احسانات سے دین کے متعلق جو ہم نے اُس کو بصیرت دی تھی انعام کیا اور بڑا رتبہ اور رفیع منزلت اپنے دروازے پر اس کو عطا کی تاکہ وہ ہمارے پاس بلند رتبہ عظیم اللہ رتبہ بڑے جاہ و جلال والا ہو جائے لیکن وہ ہماری نعمت کی قدر سے جاہل رہا اور حقیر اور کمین دنیائی عادت مائل ہو گیا اور اپنی کمینی اور دون خواہشات نفس کو اختیار کر لیا اور یہ نہ جانا کہ سارے دنیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک دینی نعمتوں میں سے ایک نعمت کے برابر بھی نہیں ہے اور یہ کہ پھر کے ایک پر کی بھی حیثیت نہیں رکھتی۔ تو اس کو دنیا اس کتے کی سی ہے جو عزت اور راحت اور تزئین کی مشقت میں نہیں پڑتا اور نہ راحت اور عزت کو عفاریت اور خست سے الگ دیکھتا ہے تو یہ دنیا کے ٹکڑوں میں ہانپتا ہے۔ اس کے نزدیک تمام دنیا کی روٹی کے ایک ٹکڑے میں سب سے وہ کمینہ دسترخوان کا ایک ٹکڑا ہے جسے اُس کی طرف پھینک دیا جائے برابر ہے کہ تو اُسے اپنے سامنے تخت پر بیٹھا کر یا اپنے سامنے اسے کھڑا کر دے سو اُس کی ہمت اور کرامت اور نعمت سب کچھ اسی میں سے تو اس بڑے سے انسان نے جب ہماری نعمت کی قدر کو نہ پہچانا اور جو نہ سمجھی ہم نے اُس کو دی تھی اُس کا حق نہ پہچانا تو اُس کی بصیرت کند ہو گئی اور چھپ کر دوسروں کی طرف توجہ کرنے کے سبب سے مقام قرب میں اُس کا ادب بدتر صورت اختیار کر لیا اور ہماری نعمتوں کے تذکرہ کو چھوڑ کر حقیر دنیا اور خسیس لذت میں مشغول ہو گیا تو ہم نے اُس کی طرف نظر کی نفرت سے دیکھا اور اُسے انصاف

کے بیان میں کثر کر دیا۔ اور اُس کے متعلق مذمت کا فیصلہ نافذ کیا۔ پھر اُس سے اپنی تمام نعمتیں اور کرامتیں چھین لیں اور اُس کے دل سے اپنی معرفت کھینچ لی پھر وہ ننگا ہو کر اُن تمام نعمتوں سے باہر نکل گیا جو ہم نے اُس کو اپنے فضل سے دی تھیں۔ پس وہ ایک ہانکا ہوا کتا اور شیطان مردود ہو گیا۔ ہم اللہ کی ناراضگی اور اُس کے دردناک عذاب سے اُس کی پناہ چاہتے ہیں وہ ہم پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔

پھر ایک بادشاہ کی مثال پر قناعت کر کہ وہ اپنے کسی بندے کی عزت کرے اور اُسے خاص اپنے کپڑے پہنائے اور اپنے قریب کرے اور اپنے تمام خادموں۔ درباریوں پر اُس کو سردار بنا دے اور اُسے یہ دروازے اُس کی مذمت کا حکم دے پھر حکم دے کہ اُس کے لیے کسی دوسری جگہ میں محل تعمیر کیے جائیں اور اُس کے لیے بلند تخت بچھائے جائیں۔ اُس کے لیے طرح طرح کے کھانے چنے جائیں۔ رستہ کی منڈیاں اُس کی دیوانی جائیں۔ خود اُس کے سامنے دست بستہ کھڑے رہیں یہاں تک کہ جب وہ اس ملازمت سے واپس جائے تو اُس جگہ ایک مخدوم بادشاہ کی حیثیت سے بیٹھا یا جائے اور اُس کی خدمت کی بات اور اپنے ملک و ولایت کی دولت میں ایک ہی ساعت کا فاصلہ ہو یا اس سے بھی کم پھر یہ بندہ بادشاہ کے دروازے پر جانوروں کی نگرانی کرتے ہوئے کسی نوکر کو روٹی کا ٹکڑا کھاتے دیکھے یا اس کے تو ڑے ہوئے تو بادشاہ کی خدمت کو چھوڑ کر اُن کو دیکھنے میں مشغول ہو جائے اور اپنی توجہ اُس عزت اور دولت اور شاہی خدمتوں اور کرم نعمتوں کی طرف توجہ نہ کرے اور اُس مخدوم کی طرف دوڑے اور اپنا فقر اور اُس سے روٹی کا ٹکڑا مانگنے لگے یا کسی کتے کو ہڈی پھینکتے دیکھ کر اُس پر رشک کرے اور اُس کی اس حالت کو بُرا سمجھے تو بادشاہ جب اس حالت میں دیکھے گا تو یہ سمجھے گا کہ یہ بیوقوف اور کمینہ ہمت آدمی ہے جو اس نے ہمارے کرم کا حق نہ پہچانا اور ہم نے اس کو نعمت عطا کیے اور اپنا پیارا بنایا۔ مگر پھر بھی اپنی عنایت اس پر مبذول کرے اس کی جو عزت فرمائی تھی اس نے اُس سے قبول کیں لیکن وہ اس کے لیے دولت کے ذخیرے اور ہر قسم کی نعمتیں مہیا کیے تھیں۔ یہ کمینہ ہمت اور عظیم الجہل اور بدتمیز انسان ہے۔ اس سے نعمتیں چھین لو اور اس کو ہمارے دروازے سے دھتکار دو۔

پھر یہی حال عام کا ہے۔ جب وہ دنیا کی طرف جھک جائے اور یہی حال عابد کا ہے جب وہ خواہش کی پیروی کرنے لگے بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی عبادت، دین اپنی نعمتوں کی پہچان اور اپنی شریعت

اور اُس کے احکام سے سرفراز کیا تھا۔ پھر اُس نے اِن کے قدر کو نہ جانا تو وہ اللہ کے نزدیک سب سے حقیر اور سب سے ذلیل ہے۔ کہ اِس میں رغبت کرتا ہے۔ اور اس کی حرص رکھتا ہے۔ اور اُس کے دل میں یہ سب سے بڑی اور سب سے محبوب چیز ہے اُن تمام چیزوں سے جو اس کو علم اور عبادت اور حکمت اور تحقیق سے ہم نے عنایت کی تھیں۔ اور یہی حال ہے اُس آدمی کا کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے طرح طرح کی توفیق اور عصمت سے خاص کر لیا۔ اور اپنی خدمت اور عبادت کے انوار سے اُس کو زینت بخشی اور اکثر اوقات میں رحمت کی نظر سے اُس کو دیکھا اور اس کی وجہ سے فرشتوں پر فخر کیا اور اس کو اپنے دروازے کی دربانی اور دربانی بخشی اور اُسے شفاعت کے مقام پر کھڑا کیا۔ اور اس کو عزت کی خلعت پہنا کر ایمان تک کہ جب وہ اس حیثیت کا ہو گیا۔ اگر اُس کو پکارے تو وہ قبول کرے اور لبیک کہے اور اگر اُس سے مانگے تو اُس کو دے اور غنی کر دے اور اگر دنیا میں کسی کی شفاعت کرے تو اُن کے متعلق اُن کی شفاعت کو قبول کرے اور اُسے راضی کر دے اور اگر خدا کو قسم دے تو وہ اُس کی قسم کو پورا کرے اور اگر اُس کے دل میں کسی چیز کا خیال آئے تو اُس کو عطا کرنے سے پہلے عطا کرے پھر جس آدمی کی یہ حالت ہو اور پھر بھی وہ ان نعمتوں کی قدر نہ پہچانے اور اس منزلت کی قدر کو نہ دیکھے اور بے حیا نفس کی بری خواہشات کی طرف چلا جائے یا کمینی دنیا کے حصول میں لگ جائے جس کو کوئی بقا نہیں۔ اور اُن کرتوتوں اور خصلتوں اور بدبختیوں اور حسرتوں اور عقابوں کو نہ دیکھے پھر اُن چیزوں کو نہ ملحوظ رکھے جن کا اُس نے وعدہ کیا ہے جو آخرت میں اس کے لیے تیار کیا ہے عظیم ثواب اور ہمیشہ کی رہنے والی پوری نعمتیں تو یہ کتنا حقیر آدمی ہے۔ اور کتنی بری حالت میں بندہ ہے اور کردہ ہے تو کتنے خطرناک مقام پر ہے۔ اور اِس کا یہ کام کہ وہ سمجھے تو کتنی بڑی بے حیائی ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ رحیم اور شفیق سے سوال کرتے ہیں۔ کہ وہ اپنے عظیم فضل اور وسیع رحمت سے ہمارے حالات کو درست کر دے ہمیشہ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

تو اے مرد تم پر لازم ہے کہ تو اپنی ہمت صرف کرے تاکہ تو اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کے احسانات کے قدر کو پہچانے اور جب تجھ پر دین کی نعمت کا احسان فرمائے تو دنیا اور اس کے سامان کی طرف توجہ کرنے سے پرہیز کر کیونکہ یہ تجھ سے ایک طرح کی سستی ہو گی کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے دین کی نعمت کا ولی بنایا اور پھر تو نے قدر نہ کی یہ تو نے اللہ تعالیٰ کے قول کو نہیں سنا جو سید مرسلین کو مخاطب کر کے فرمایا ہے:۔

ولقد اتيناك سبعا من المثاني	اور بے شک دی ہم نے تجھ کو سات آیتیں
والقرآن العظيم ۔ لا تمدن	بار بار پڑھی جانے والی اور قرآن بزرگ عطا فرمایا تو
عينيك الى ما متعنا به ازواجا	ہم نے اُن کو طرح طرح کا سامان دیا ہے۔
منهم الآية	اُس کی طرف نگاہ اُٹھا کر بھی نہ دیکھ۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ جسے قرآن عظیم دیا جائے اس کا حق ہے کہ وہ حقیر دنیا کی طرف پسندیدگی اور رغبت مندی کی نگاہ سے بھی نہ دیکھے۔ چہ جائیکہ اُس کو اس میں رغبت ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ شکر ادا کرے کہ یہ نعمت بڑی ہے جس کی حرص اللہ تعالیٰ کے دوست اور یتیم نے اپنے باپ کے متعلق کی۔ اس پر احسان کرے لیکن اس نے اس کو قبول نہ کیا اور اللہ تعالیٰ کے حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواہش کی کہ اپنے چچا ابو طالب پر اس کا احسان کرے۔ اس نے بھی قبول نہ کیا۔

دنیا کا سامان تو یہ وہ چیز ہے۔ جو اللہ تعالیٰ ہر کافر و مومن ملحد زندیق نیک بد اور فاسق کو عطا فرماتا ہے۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں سب سے زیادہ ذلیل ہیں یہاں تک کہ وہ اس میں ڈوب جاتے ہیں۔ اور اس سامان سے ہر ایک نبی، ولی، صدیق، عالم، عابد کو کم کر دیتا ہے۔ کیونکہ اس کی نگاہ میں سب سے بہتر ہیں مخلوق ہیں۔ یہاں تک کہ دنیا کا ٹکڑہ روپیہ کا ٹکڑہ پیسہ اجی بعض دفعہ نصیب نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی اس نے ان کو اس گندگی سے آلودہ نہیں کیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا۔ اگر میں چاہوں تو تم کو زینت دیدوں کہ فرعون کو معلوم ہو جائے جیسا کہ اس کو ملک ہے بلکہ اس کی قدرت اس سے بڑھ کر ہے تو میں ایسا نہیں کرتا ہوں لیکن میں تم دونوں سے دنیا کو پھیر لوں گا وہ اس کو تمہارے نزدیک ناپسندوں کا اور میں اپنے دوستوں سے یہ ہی کرتا ہوں میں ان کو دنیا کی نعمتوں سے اس طرح ہانک دیتا ہوں جس طرح مشفق چرواہا اپنے اونٹوں کو خطرناک جگہوں سے روک دیتا ہے۔ وہ دنیا کے عیش و راحت کو ان سے بہت دور رکھتا ہوں اور یہ اس لیے نہیں کہ وہ میری نگاہ میں ذلیل ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ میری کرامت سے پورا حصہ حاصل کریں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

ولولا ان يكون الناس امة	اور یہ نہ ہوتا کہ لوگ ایک ہی گروہ
واحدة جعلنا لمن يكفر بالرحمن	ہو جائیں گے تو ہم خدا تعالیٰ کا انکار کرنے والوں
لبيوتهم سقفا من فضة ۔ الآية۔	کے مکانوں کی چھتیں چاندی کی بنا دیتے۔

پس دونوں امور میں غور کر اگر تجھے بصیرت حاصل ہے۔ اور کہ تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے کہ جس نے ہم پر اپنے اولیاء و اصفیاء کی نعمتوں سے احسان فرمایا۔ اور اپنے دشمنوں کے فتنہ و جہ سے دور کر دیا تاکہ ہم حمد اکبر اور پورے شکر ادا کریں۔ احسان اور نعمت عظمیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں جو ہمیں اور تمام خلق کو حاصل ہے۔ جو کہ اسلام ہے۔ پس یہ نعمت اس قابل ہے کہ تو اس کی شکر گزاری سے دن رات میں کسی وقت بھی غفلت نہ کرے گر تو اس کے قدر کو پہچاننے سے عاجز ہے تو جان لے کہ اگر تو زبان کی ابتدا ہی میں پیدا کیا جاتا اور اسلام کی نعمت کے شکریہ ادا کرنے میں دل و وقت سے لے کر ہمیشہ تک مصروف رہتا تو اس کا حق ادا نہ کر سکتا بلکہ اس فضل عظیم کے بعض حقوق بھی ادا نہ ہوئے۔

میں کہتا ہوں جاننا چاہیے کہ یہ مقام میری دانست کے مطابق جس میں اس نعمت کا قدر بیان ہوں اس کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اگرچہ اس کے متعلق ایک کروڑ ورق بھی لکھے جائیں تو پھر بھی بیان علم اس سے زیادہ ہوتا۔ باوجود اس اعتراف کے کہ جو کچھ میں جانتا ہوں وہ نہ جاننے کے مقابلہ میں ایک قطرے کی حیثیت رکھتا ہے۔ کیا تو نے سید المرسلین کو خطاب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا قول نہیں سنا:۔

ما کنت تدری ما الکتاب ولا	نہیں تھا تو جانتا کہ کتاب کیا چیز ہے اور ایمان
الایمان الی ان قال وکانت ما	کیا چیز ہے یہاں تک کہ فرمایا اور تجھ پر اللہ تعالیٰ کا
لم تکن تعلم وکان فضل اللہ	جو تو نہیں جانتا تھا۔ اور تجھ پر اللہ تعالیٰ کا
علیک عظیما	بڑا فضل ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کو مخاطب کر کے فرمایا:۔

بل اللہ یمن علیکم ان ھدٰکم	بلکہ اللہ تعالیٰ تم پر احسان جتلاتا ہے کہ اس نے
للایمان الآیۃ	تم کو ایمان کی راہ نمائی کی۔

اور کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول نہیں سنا جب کہ آپ نے ایک آدمی سے سنا کہ وہ کہہ رہا تھا:۔

الحمد للہ علی الاسلام۔	تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں کہ اس نے
	اسلام کی دولت بخشی۔

تو آپ نے فرمایا تو نے اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت پر تعریف کی۔

اور جب یعقوبؑ کے پاس خوشخبری لانے والا آیا تو آپ نے فرمایا تو نے یوسفؑ کو کس دین پر چھوڑا۔ اس نے کہا دین اسلام پر تو آپ نے فرمایا اب نعمت پوری ہو گئی اور رہ گیا ہے کہ اس سے زیادہ کوئی کلمہ اللہ تعالیٰ کو محبوب نہیں اور نہ اس سے زیادہ شکر گزاری میں کوئی کلمہ ہے۔ کہ بندہ کہے تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہم پر احسان فرمایا اور دین اسلام کی راہنمائی کی۔

اور اس سے ہوشیار رہنا کہ اسلام کے شکر نہ میں کبھی غفلت نہ کرنا اور اسلام اور معرفت و توفیق اور عصمت کے جس دن پر تو خوش نہ ہو۔ اس سے دھوکہ نہ کھا جانا کیونکہ اس کے باوجود امن اور بخشش کا یہ مقام نہیں ہے کیونکہ تمام امور کا تعلق انجام سے ہے۔ سفیان ثوری رحمہ اللہ تعالیٰ فرمایا کرتے تھے۔ جو آدمی اپنے دین پر مطمئن ہو جائے اس نے دین کھو دیا ہے۔ اور ہمارے شیخ رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ جب تو کافروں کے حال دیکھتا ہے تو ہمیشہ ان میں رہنے سے تو اپنے نفس پر مطمئن نہ ہو کیونکہ معاملہ خطرناک ہے۔ اور تو نہیں جانتا کہ تیرے متعلق غیب میں کیا فیصلہ ہو چکا ہے۔ تو بندے کی صفائی پر مغرور نہ ہو کہ اس کے پیچھے نہایت کڑی آفتیں موجود ہیں اور بعض نے کہا اے عصمت سے دھوکا کھانے والے مردہ اس کے پیچھے طرح طرح کی آفت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو طرح طرح کی عصمت سے مزین کیا اور وہ حقیقت میں اس کے نزدیک ملعون تھا۔ اور بلعام کو اپنی ولایت کے نور سے مزین کیا۔ حالانکہ وہ اس کے نزدیک حقیقت میں دشمن تھا۔ اور حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کتنے ہی لوگوں کو احسان کرکے مہلت دی جاتی ہے۔ اور کتنے ہی آدمی پکے قول سے فتنے میں مبتلا ہیں۔ اور کتنے ہی آدمی خدا کی پردہ پوشی سے دھوکہ میں مبتلا ہیں۔ مذکورہ مضمون مصرعی سے پوچھا گیا۔ کہ وہ کونسی خطرناک چیز ہے جس سے بندہ دھوکا کھا جاتا ہے۔ تو اس نے عافیت اور کرامات سے کہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:۔

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

ہم ان کو اس طرح آہستہ آہستہ کھینچ لے ہیں کہ وہ نہیں جانتے۔

اہل معرفت نے کہا کہ ہم ان پر نعمتیں پوری کرتے ہیں اور ان کو شکر ادا کرنا بھلا دیتے ہیں۔ جیسا کہ کسی شاعر نے کہا ہے:۔

اَحْسَنْتَ ظَنِّیْ بِالْاَیَّامِ اِذْ حَسُنَتْ ۔۔۔ وَلَمْ تَخَفْ سُوْءَ مَا یَاْتِیْ بِهِ الْقَدَرُ

وسالتك الليالى فاغتررت بها

وعند صفو الليالى يحدث الكدر

ترجمہ:۔ جب تجھ پر اچھے دن بسر ہوں تو تو ان کو اچھا سمجھتا ہے۔ اور اس کا خوف نہیں رکھتا جو تجھ پر برے دن سے آتی ہے۔ اور تیری راتیں سلامتی سے گزرتی ہیں تو تو اس کو دھوکہ کھا جاتا ہے۔ اور تو ان کی صفائی کے وقت کدورتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اور جان لینا چاہیے کہ جب تو بہت زیادہ قریب ہو جائے تو تیرا خاتمہ بہت زیادہ خوفناک اور خطرناک ہے۔ اور تیرا امر بہت زیادہ سخت اور باریک ہے۔ اور تیرا خطرہ بہت بڑا ہے۔ کہ کوئی چیز جب اونچی بلندی پر پہنچ جاتی ہے۔ تو جب وہ نیچے گرتی ہے۔ تو بہت بری طرح سے گرتی ہے۔ جیسا کہ کہا گیا ہے۔

ما طار طير فارتفع الا كما طار وقع

ترجمہ:۔ جب کوئی پرندہ اڑ کر بلند چلا جاتا ہے تو جس طرح سے اڑتا ہے۔ اسی طرح نیچے آتا ہے۔

تو اس وقت مطمئن ہونے اور شکرانے سے غفلت برتنے اور اپنے نفس کی حفاظت میں عاجزی اور لاچاری کو چھوڑ دینے کا کوئی مقام نہیں ہے۔ ابراہیم بن ادھم فرمایا کرتے تھے ہم کیسے مطمئن ہو سکتے تھے جب کہ ابراہیم خلیلؑ یہ عرض کرتے ہیں:۔

واجنبني وبني ان نعبد الاصنام۔ کہ مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی عبادت سے محفوظ رکھ۔

اور یوسف صدیق علیہ السلام عرض کرتے ہیں:۔

تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا۔ مجھے اسلام کی حالت میں فوت کر۔

ابو سفیان ثوری ہمیشہ کہتے رہتے یا اللہ بچا لے بچا لے یہ آپ کشتی میں ہیں جس کے غرق ہونے کا اندیشہ ہے۔

اور ہمیں محمد بن یوسف رحمہ اللہ سے روایت پہنچی ہے۔ آپ نے کہا میں نے سفیان ثوری کو ایک رات غور سے دیکھا وہ ساری رات روتے رہے میں نے پوچھا کیا گناہوں پر روتے ہو؟ تو آپ نے ایک تنکہ اٹھایا اور گناہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ حقیر ہے میں اس سے ڈرتا ہوں نہ اللہ مجھ سے سلب نہ چھین لے اور اس سے خدا کی پناہ۔

میں نے بعض عارفین سے سنا ہے۔ کہتے تھے بعض بنی اسرائیل سلام نے اللہ تعالیٰ سے بلعام، ور
اس کے مردود ہونے کا معاملہ پوچھا۔ وہ ان آیات اور کرامات کے جو کیسے مردود ہو گیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا
جب چاہا میں نے اس کو دیا تھا جس پر اس نے ساری زندگی جو ایک دن بھی شکر ادا نہ کیا۔ اور ایک دفعہ بھی وہ
میرے شکر پر دلالت دیتا تو میں اس سے نہ چھینتا۔

بس سے ادنیٰ بندے پر اور شکر کے کمی کی بات زیادہ حفاظت کرو دینی نعمتوں پر۔ ان کی حمد بیان
کرو سب نعمتوں سے بڑا نعمت اسلام اور معرفت ہے اور سب سے چھوٹی نعمت تسبیح کہنے کی توفیق یا بے قصد
بات کرنے پر ہیز ہے۔ ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کرے۔ اور زبان کی رواہٹ میں
تجھے مبتلا نہ کرے کہ سب سے زیادہ تجھ پر سب سے زیادہ مشکل عزت کے بعد ذلت اور قرب کے بعد بُعد
اور وصال کے بعد فراق ہے۔ اور شقاوت زدہ پر شقاوت اور بدبختی ہے۔

فصل:

جس شخص پر اللہ تعالیٰ نے بڑے بڑے احسانات اور بڑی بڑی نعمتوں کا دروازہ کھولا
اور جن پر دل فکر بھی نہیں پہنچ سکتا اور تیز نہیں ان کا ادراک نہیں کر سکتا یہاں تک کہ تو نے ان نعمتوں
کا پتہ چھوڑ دیا اور علوم اور بصیرتوں کو پا لیا۔ اور بڑے گناہوں کے بوجھ سے پاک ہو گیا۔ اور
معرفت سے آشنا ہو گیا۔ اور اس کو رضامندی اور بڑی بڑی نعمتوں سے سعادت کے آثار اور اللہ کی
نعمتوں پر فائز ہو گیا۔ تو کتنی ہی ثابت حسنات اور بلند رتبے تجھ کو حاصل ہو گئے کہ جن کی ابتدا بصیرت
اور پہچان سے ہوئی تھی ان کی انتہا قرب اور رضا پر ہوئی پھر تو اس میں اپنے عقل کی مقدار اور توفیق کے
مطابق غور کرے گا اور اپنی ہمت کے مطابق اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کرے گا تو تیری زبان اس کی حمد اور ثناء
میں مشغول ہو جائے گی اور تیرا دل اس کی محبت اور شوق سے بھر جائے گا اور تو ایسے مقام پر پہنچ جائے گا
جو تیرے اور تیرے غیر کے درمیان حائل ہو جائے گا اور تجھے اس کی خدمت پر تیری ہمت کے مطابق
آمادہ کرے گا اور اس کے احکام اور احسان کا حق ادا کرنے سے اپنی طاقت کے مطابق کوتاہی کا اقرار کرنے پر
اُبھارے گا اور جب تو اس کے شکر سے غافل ہو جائے یا خاموش ہو جائے یا پھسل جائے تو تو اس کی طرف
تضرع اور زاری کرے گا اور کوشش کرے گا اور وسیلہ تلاش کرے گا اور کہے گا اے میرے مالک جس
طرح تو نے بغیر کسی استحقاق کے محض اپنے فضل سے احسان کی ابتدا کی تھی اسی طرح بغیر کسی استحقاق کے

اپنے فضل سے اسی کو انتہا تک پہنچایا۔ اور اُس کو اُس کے اولیاء کی زبان میں پکارا کہ جنہوں نے اس کی معرفت کا تاج پایا اور اُس کی معرفت کی حلاوت چکھی پھر بھی وہ اپنے اوپر ہانک دینے اور بانٹ کی جنہ اور بعد کی وحشت اور معزولی اور زوال کی کراہٹ سے ڈرتے رہے۔ وہ دور سے پر فریاد کرتے ہوئے روتے اور عاجزی کرتے ہوئے اُسی کی طرف ہاتھ پھیلاتے رہے۔ اور اپنی خلوتوں میں پہنچ پہنچ کر یہ کہتے:۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا	اے ہمارے رب ہدایت دینے کے بعد ہمارے
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً	دلوں کو ٹیڑھا نہ کر اور ہمیں اپنی بارگاہ سے رحمت
اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔	عطا فرما بیشک تو ہی بہت عطا کرنے والا ہے۔

میں کہتا ہوں اس کا مطلب یہ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ ہم نے تجھ سے نعمت وصول کی اور دوسری نعمت کے ہم امیدوار ہیں کہ تو ہی سخی اور عطا کرنے والا ہے۔ پھر جس طرح تو نے ہمیں انعام کی فضیلت ابتدا میں بخشی ہے۔ اسی طرح انجام کی رحمت انتہا میں عطا فرما۔ کیا تو نے غور نہیں کیا کہ سب سے پہلی دعا جو اللہ رب العالمین نے اپنے مسلمان بندوں کو سکھائی ہے جس کو اللہ نے اپنی مخلوق کے لیے انتخاب فرمایا۔ وہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول ہے:۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۔	ہمیں سیدھا راستہ انعام والا دکھا۔

یعنی ہمیں ہمیشہ اس پر ثابت قدم رکھ اسی طرح ہم بھی اس کی جناب میں التجا کرتے ہیں کہ معاملہ بہت عظیم ہے۔

کہا گیا ہے کہ حکماء نے غور کیا تو انسان کی تمام مصیبتوں اور محنتوں کو پانچ چیزوں میں پایا مسافری میں بیماری۔ بڑھاپا میں فقیری۔ جوانی میں موت۔ اور دیکھنے کے بعد اندھا ہونا۔ اور معرفت کے بعد جہالت ہو جانا۔ اور اس سے بھی بڑھ کر کسی کا یہ قول ہے:۔

لِكُلِّ شَيْءٍ اِذَا فَارَقْتَهُ عِوَضٌ	وَلَيْسَ لِلّٰهِ اِنْ فَارَقْتَ مِنْ عِوَضٍ

ترجمہ: ہر چیز کا کوئی نہ کوئی عوض ہے جس کو تو چھوڑ دیا جائے لیکن اللہ کو چھوڑنے کا اس کا کوئی عوض نہیں۔

اور کسی اور نے کہا ہے:۔

اذا اضف الدین علی امرء دینہ فمزقتہ منہا فلیس بمنکر

ترجمہ: جب دین کسی شخص کا دین جواب نہ کر سکے تو وہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے

دینے والا نہیں ہے۔

اور اس طرح ہر ایک نعمت کا معاملہ ہے۔ جیسا وہ تجھ کو انعام فرمائے ویسا ہی تجھ سے

کمال کے قطع کرنے میں نہ تأمل کرے۔ اس طرح ہے شکر جو اس نے تجھے دیا ہے تا ہمیشہ رکھے تجھ

تجھ پر بخشش سے بھی زیادہ دے پھر جب تو اس کی طرف سے پھر جائے تو وہ تجھ سے اس طرح

تو نے دی نعمت پیچھے تجھ سے حاصل کر لیتا ہے جو کہ شکر سے زیادہ ہیں۔ پھر موجودہ نعمتیں جو اس نے تجھے

عطا کیں ہیں ہاں ہمیشہ رہیں گی تجھ سے زوال کے خطرہ سے۔ اور جو نعمتیں تجھے اس نے عطا نہیں کیں

وہ تجھے عطا فرمائے گا۔ جب تک تو ان کو بھی طرح مانگتا رہے گا۔ اور جب تک تو اپنی ذات

پر تکیہ نہ کرے اور اس وقت تو اس کو جانے گا جو بادشاہ ہے دین کے مالک ہے تو

توبہ کرنے والے پاک نفوس دنیا سے بے رغبت اور خدا کی رحمت کے لیے لپک جانے والے نیک لوگ

کو مخلوب کرنے والے دل اور اعضاء سے اور ہر طرح تفویض قبول کرنے والے عبودیت بجا لانے والے

ناصح بن خشوع اور تواضع کرنے والے توکل کرنے والے پیدا کرنے والے خدا کے سپرد کرنے والے راضی برضا صبر

کرنے والے شکر کرنے والے مہربانی کرنے والے نیکی سے ہاتھ روکنے والے اور اپنے مالک

رب العالمین کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والے ہیں۔ پھر تو اس کے بعد ان لوگوں سے ہو جائے گا جن پر قائم ہے

وہ معزز اور صدیق ہیں ان کے مقام میں خدا کرے اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

پھر اگر تو کہے۔ کہ معاملہ اس طرح کا ہے تو پس معبودی عبادت کرنے والے اس مقصود پر

پہنچنے والے بہت تھوڑے لوگ ہوں گے۔ کیونکہ اکثر لوگ مشقتوں کی حالت کو کاٹنے والے اور کون ان

شرائط اور سنتوں کو پورا کر سکتا ہے۔ تو معلوم ہونا چاہیے۔ خداوند تعالیٰ بھی ایسا ہی فرماتے ہیں:۔

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ۔ اور میرے تھوڑے بندے شکر کرنے والے ہیں

اور فرمایا:۔

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے

لَا يَعْقِلُوْنَ۔ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ نہیں جانتے۔

پھر یہ معاملہ اُس آدمی پر نہایت آسان ہے جس پر اللہ آسان کر دے۔ بندے سے ہدایت نہیں ہوتی

اور اللہ سبحانہٗ کے ذمہ ہدایت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا۔

جو ہم میں ہو کر کوشش کرتے ہیں ہم ضرور ان کو اپنے راستوں کی راہنمائی کریں گے۔

اور جب تک کہ بندہ اپنے فرائض کو پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے تو رب قدیر فیض و رحیم اس

رحیم کے متعلق تم کیا خیال کرتے ہو۔

پھر اگر تو کسے یہ تصور کرتی ہے۔ اور یہ گھاٹیاں بڑی صعب اور سخت ہیں پھر میں کس طرح باقی رہ سکتی

کہ یہ تمام شرائط پوری ہو سکیں۔ اور یہ گھاٹیاں سطے کی جا سکیں۔ تو مجھے اپنی عمر کی قسم یہ گھاٹیاں واقعی بڑی

صعب ہیں اور ان کی شرائط بھی بڑی سخت ہیں۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو منتخب کر لیتے ہیں تو

یہ مہم اس پر آسان ہو جاتی ہے۔ اور یہ سختیاں اس پر آسان ہو جاتی ہیں۔ یہ نکتہ بندہ کو ذہن نشین کرنے

کے بعد کہتا ہے کہ یہ راہ کتنی قریب ہے۔ کتنی سہل ہے۔ کتنی آسان اور ہموار ہے۔ اور جب وہ یہ

کھڑا تھا تو میں نے یہ شعر کہا تھا:۔

علم الحجلة واضحة لمريده ... وذوى القلوب عن الحجة في عمى

ولقد عجبت لها ونحن وثيقة ... موجودة ولقد عجبت من نجا

ترجمہ: سیدھے راستے کا علم اس بندے کو ہے جو اس کے لئے صحیح ہے۔ اور دل والے دلیل کے بارے میں

راستے سے اندھے ہیں۔ اور میں نے تعجب کیا ہلاک ہونے والے پر جبکہ ہم اس کے لئے مضبوط موجود تھے اور

نے نجات پانے والے پر بھی تعجب کیا۔

یہاں تک کہ بعض ایسے لوگ ہیں جن کو ان گھاٹیوں کو طے کرنے میں ستر سال لگتے ہیں اور بعض ایسے ہیں

جن کو دس سال لگتے ہیں اور بعض وہ ہیں کہ جن کو یہ ایک سال میں حاصل ہو جاتی ہیں۔ اور بعض ان کو ایک مہینہ میں طے

کر لیتے ہیں بلکہ یک بیک جملے میں۔ بلکہ ایک ساعت میں یہاں تک کہ بعض کو خدا وند تعالیٰ کی خاص توفیق اور عنایت

سے ایک لحظہ میں حاصل ہو جاتی ہیں۔

کیا تو اصحاب کہف کا وہ قصہ یاد نہیں کرتا کہ ان کی مدت کتنی محققہ تھی جب انہوں نے بادشاہ

دقیانوس کے چہرے میں تغیر دیکھا تو کہا:۔

رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا

کہنے لگے ہمارا رب وہی ہے جو آسمانوں و زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی معبود کو بھی نہ پکاریں گے۔

اُن کو یہ معرفت حاصل ہوئی اور اس راہ کے حقائق غموں نے ملاحظہ کیے اور اس راہ کو سوچ کر کیا تو وہ اپنا معاملہ اللہ کو سپرد کرنے والے اس پر بھروسہ رکھنے والے اور اس راہ پر قائم رہنے والے بن گئے جبکہ انہوں نے کہا:۔

فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ۔

تو غار میں جمع ہو جاؤ تمہارا رب تم پر رحمت پھیلا دے گا۔

اور یہ سب کچھ ان کو ایک ساعت یا ایک لحظہ میں حاصل ہو گیا۔

کیا تمہیں فرعون کے جادوگروں کا واقعہ یاد نہیں کہ ان کو مدت ایک لحظہ میں ملی جب انہوں نے موسیٰؑ کا معجزہ دیکھا تو:۔

وَاٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ۔

کہنے لگے ہم رب العالمین پر ایمان لائے جو موسیٰؑ اور ہارونؑ کا رب ہے۔

انہوں نے ایک ہی لحظہ میں اس راہ کو دیکھ اور رستے طے کر لئے اور خدا تعالیٰ کو پہچان لیا وہ اس کی تقدیر پر راضی رہنے والوں اور اس کی مصیبتوں پر صبر کرنے والوں اور اس کی نعمتوں کا شکر کرنے والوں اور اس کی ملاقات کا شوق رکھنے والوں سے ہو گئے اور پکار اٹھے:۔

لَاِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ۔

کوئی پرواہ نہیں ہم اپنے رب کی طرف پھرنے والے ہیں۔

ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ ابراہیم بن ادہم دنیا میں ایک بادشاہ تھے۔ انہوں نے بادشاہی چھوڑ دی اور اس راہ کا قصد کیا ان کے لیے یہ راہ اتنی ہی ثابت ہوئی جتنی دیر میں وہ بلخ سے مرو تک جاتے تھے یہاں تک کہ وہ اس مقام پر پہنچے کہ ایک آدمی پہل پہلے بہت کھرے پانی میں کر رہا ہے انہوں نے اشارہ کر کے کہا ٹھہر جا تو وہ آدمی ہوا ہی میں معلق ٹھہر گیا اور پانی سے ہٹ گیا۔

اور رابعہ بصری ایک بوڑھی لونڈی تھی جس کو بصرہ کے بازاروں میں گھمایا جاتا تھا وہ بوڑھی ہونے

کی وجہ سے اِس کو کوئی نہ خریدتا یک سودا کر لو اُس پر رحم آیا اُس نے اُس کو سو درہم سے خرید کر لیا۔ پھر اُس نے یہ بات مشہور کرا دیا۔ وہ عبادت پر متوجہ ہوئی ایک سال بھی نہیں گزرا تھا کہ بڑے بڑے زاہد قاری اور علماء لوگ اُس کے مرتبہ بلند کی وجہ سے اُس کی زیارت کرنے لگے۔

اور جس آدمی کو خداوند تعالیٰ کی عنایت شامل ہو اور اُس پر فضل و ہدایت کا ہاتھ رکھ دیتا ہے تو اسے اُس کے نفس کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ پھر بسا اوقات وہ ایک ہی گھاٹی کی کسی وادی میں ستر سال تک پڑا رہتا ہے۔ اور اُسے لے نہیں کر پاتا اور کتنی دفعہ چیخ چیخ کہتا ہے کہ یہ راہ کتنی تدبیروں کتنی محنت سے ہے۔ اور یہ معاملہ کتنا تنگ و دشوار ہے۔ پس حالت ایک ہی نقطہ کی طرف لوٹتی ہے۔ وہ ہے غالب جاننے والا عادل اور حکیم کی تقدیر۔

پھر اگر تو یہ سوال کرے کہ اُس کو توفیق خاص سے کیوں نوازا گیا۔ اور اس کو کیوں محروم کیا گیا۔ حالانکہ یہ دونوں مشترکہ طور پر خدا کی بندگی میں لگے ہوئے ہیں۔ تو اس سوال پر خداوند تعالیٰ کے جلال کے پردوں سے آواز آئی ہے کہ ادب محو نظر کیسہ و ریبت کے دوسرے دو پہلو میں ربوبیت کی حقیقت معلوم کر لو۔ وہ:-

لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ ۝

جو کچھ وہ کرتا ہے اُس سے نہیں پوچھا جاتا اور باقی سب لوگ پوچھے جاتے ہیں۔

میں کہتا ہوں دنیا میں اس راہ کی مثال آخرت میں پڑنے والی گھاٹیوں اور مسافروں کے اس کو طے کرنے کی ہے۔ کہ مخلوق کے تمام درجات مختلف ہیں۔ ان میں سے بعض پر لگا کہ اس طرح چمکنے والی بجلی اور بعض پر تند آندھی کی طرح اور بعض تیز رفتار گھوڑے کی مثل۔ اور کچھ پیدل کی طرح کچھ پیدل چلتے ہوئے کچھ گھسٹتے ہوئے یہاں تک کہ وہ کیڑے کی طرح رینگنے کے اور کچھ اس کی آواز بھی نہیں سنیں گے اور کچھ اس کے آثار میں کرنے ہوں گے اور کچھ جہنم میں پھینک دیے جائیں گے۔ اس راہ کا دنیا میں چلنے مسافروں کے ساتھ ہے۔ پس یہ دونوں راستے ہیں ایک دنیا کا راستہ اور دوسرا آخرت کا راستہ تو نفس کا راستہ ہے۔ کہ وہ اس کی ہولناکیاں آنکھوں سے دیکھیں گے اور دنیا کا راستہ دلوں کا راستہ ہے۔ اس کی ہولناکیاں بصیرت اور عقل والے دیکھتے ہیں۔ اور آخرت میں ٹھہرنے والوں کے حالات مختلف ہوں گے کیونکہ دنیا میں بھی ان کے حالات مختلف ہوں گے پس اس پر پوری طرح

[illegible]

فصل:

[illegible] ہے کہ جو کچھ اس باب میں مذکور ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ یہ [illegible] ہوتے ہیں اُن [illegible] ہیں۔ جن [illegible] سے کرتے ہیں۔ پھر نفس کی قوت اور اُس کے ضعف کے [illegible] ہیں۔ بلکہ یہ [illegible] سے کرتے ہیں۔ پھر [illegible] کرتے ہیں۔ پھر [illegible] کرتے ہیں۔ اور [illegible] ہے۔ جو [illegible] بندے کے دل پر پڑتے ہیں۔ کہ [illegible] کے ساتھ [illegible] ہے۔ پھر یہ [illegible] بندہ [illegible] تک [illegible] رہتا ہے۔ اور [illegible] کا کوئی خیال [illegible] ہے۔ اور [illegible] کے [illegible] ہے۔ اور [illegible] ہے۔ اور [illegible] ہے۔ اور

اور اسی لیے سید المرسلینؐ نے فرمایا:۔

لو علمتم ما اعلم لبکیتم کثیرا ولضحکتم قلیلا۔ اگر تم وہ کچھ جانوں جو میں جانتا ہوں تو تم زیادہ روؤ اور تھوڑا ہنسو۔

اور وہ جو بیان کیا جاتا ہے کہ ایک آواز دینے والا آسمان سے آواز دیتا ہے کہ کوئی نہ پیدا ہوتی۔ اور اگر پیدا ہوئی تھی تو اپنی پیدائش کے مقصد کو سمجھتی اور جب مقصد کو سمجھ لیا تو کاش اس کے مطابق عمل کرتی اور سلف صالحین بھی اسی طرح کہا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا میں پسند کرتا ہوں کہ میں کوئی گھاس ہوتا کہ جانور مجھے کھا جاتے اور میں عذاب کے خوف سے فرماتے اور عمر فاروقؓ نے ایک آدمی کو سنا وہ تلاوت کر رہا تھا۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۔ کہ انسان پر ایک ایسا زمانہ گزرا ہے جب وہ کوئی چیز یعنی ذکر کے قابل بھی نہ تھا۔

تو آپ نے فرمایا کاش معاملہ وہیں ختم ہو جاتا۔

اور ابو عبیدہ بن جراحؓ نے فرمایا میں پسند کرتا ہوں کہ میں اپنے گھر والوں کا مینڈھا ہوتا میرے گوشت لوگوں میں تقسیم ہو جاتا اور میرا شوربہ لوگ پی جاتے۔ اور میں قیامت کو دوبارہ پیدا نہ ہوتا۔

اور وہب بن منبہ نے فرمایا آدم کا بیٹا جنتی پیدا ہوا ہے۔ اگر یہ جنتی نہ ہوتا تو دنیا میں اس کی زندگی بھی خوشگوار نہ ہو سکتی۔

اور فضیل بن عیاض رحمہ اللہ نے فرمایا میں کسی مقرب فرشتے اور نبی مرسل اور بندہ صالح پر رشک نہیں کرتا کیا قیامت کے روز ان پر حساب نہیں کیا جائے گا۔ میں تو صرف اُن پر رشک کرتا ہوں جو پیدا نہیں ہوئے۔

عطاء سلمی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر آگ جلا دی جائے اور کہا جائے کہ جو آدمی اپنے آپ کو اس میں ڈال دے گا وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔ تو مجھے ڈر ہے کہ میں کل تک پہنچنے سے پہلے ہی خوشی کی وجہ سے مر جاؤں گا۔

تو معاملہ اے انسان واقعی بڑا سخت ہے۔ جیسا کہ تو نے کہا ہے۔ بلکہ وہ تیرے وہم و گمان سے بھی بہت زیادہ سخت اور عظیم ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو تقدیر میں ازل سے نافذ ہو چکا ہے اور

غرب جھگڑنے والے کی تدبیر نے اس کو جہاری کیا ہے۔ تو اب بننے کے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں رہا وہ
خدا تعالیٰ کی خدائی اور ستر تعالیٰ کی رسی کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے عاجزی درزی سے قطع کر چکا ہے کہ اللہ
تعالیٰ اس پر رحم کرے اور اپنے فضل سے اس پر رحم کرے۔

باقی رہا یہ مسئلہ یہ سب کچھ کیوں ہے؟ تو یہ ایک ایسا کلام ہے کہ جو تیری عظیم عقلت پر دلالت
کرتا ہے بلکہ درست یہ تھا کہ تو کہتا کہ تو کچھ نہیں جانتا ہے اس کے متعلق جسے میں اس کی حقیقت کیا ہے۔
کیا تھے معلوم ہے کہ یہ مزدور بندہ کیا چاہتا ہے۔ اس کا مقصد کیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ یہ
سلامت رہے۔ اور دوسری یہ کہ دونوں جہانوں میں بادشاہی کرے۔ سب دنیاؤں سے بڑھ کر اس طرح ہے کہ
دنیا اور اس کی تمام نعمتیں اس قصے اور حقیقت کے پیدا ہونے سے اس طرح گئے ہیں۔ اس سے بڑھ کر نہیں ہیں
نہیں ہو سکتے بلکہ تو نے دیکھا ہے کہ اس کا واقعہ سنا ہوگا۔ یہ بات تم بیان کرتے ہیں کہ جب بندے
کی روح آسمان پر لے جائی جاتی ہے تو آسمانوں کے فرشتے تعجب سے کہتے ہیں کہ یہ اس دنیا سے آیا
ہے کہ جہاں ہمارے بہترین فرشتے بھی تباہ ہو گئے ہیں اور آخرت کی ہوا تک کیوں اور سختیوں میں اس
طرح کی جب سے یہ بندہ اور رسول بھی پہنچ گئے ہیں۔

نَفْسِیْ نَفْسِیْ لَا اَسْئَلُكَ الْيَوْمَ — اپنی اپنی پڑی ہے کسی سے کچھ نہیں کہتا

اِلَّا نَفْسِیْ — اپنی جان کی امان چاہتا ہوں۔

یہاں تک بیان کیا جا چکا ہے کہ ترقی دنیا کے پاس ستر بیماریوں سے علاج بھی ہوں تو وہ بھی بیکار ہے
کہ نجات مشکل ہے۔ پھر جو دنیا کے فتنوں سے محفوظ رہتے ہوئے تو اسے چاہیئے وہ اس کو اپنے
ہمزہ سے رکھے اس معنی کے ساتھ جیسے کہ اسے کوئی مصیبت نہ پہنچے گی۔ اور آخرت کے ہولناک
منظر سے بچ کر جنت میں اس معنی کے ساتھ داخل ہو جائے کہ اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ سب سوال
کہ یہ معمولی کام ہے؟

اور باقی رہی حکومت اور کرامت تو حکومت یہ ہے کہ انسان کا تصرف اور تسلط نفس اور
حقیقت میں دنیا میں تو خدا تعالیٰ کے دوستوں اور اس کے برگزیدہ بندوں اس کی تدبیر پر ایمان لانے
والوں کے لیے ہے کہ جنگل اور سمندر اور زمین ان کے لیے یک ہی قدم ہے۔ اور پتھر اور مٹی اس کے
لیے سونا ہیں اور جن اور انسان اور پرندے اس کے تابع ہیں۔ وہ جو کچھ بھی پڑھتے ہیں ہوتا

ہے۔ لیکن وہ وہی چاہتے ہیں جو اللہ چاہے وہ وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہے وہ ہو جاتا ہے۔ یہ لوگ کسی مخلوق سے نہیں ڈرتے۔ وہ ان سے تمام مخلوق ڈرتی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی غلامی نہیں کرتے۔ وہ کائنات کی ہر چیز ان کی غلامی کرتی ہے۔ اور دنیا کے بادشاہوں کو اس رتبہ کا حشر عشیر بھی کہاں نصیب ہے۔ بلکہ وہ بہت تھوڑے اور بہت ذلیل ہیں۔

باقی رہی آخرت کی بادشاہی تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جب تو وہاں دیکھے گا تو ایک بڑی نعمت اور نعمتیں دیکھے گا اور جس کو رب العزت ملک کبیر فرمائیں اس کی عظمت کا اندازہ کرو۔ یہ تو قرآن نے کہہ دیا کہ دنیا ساری کی ساری تھوڑی ہے۔ اور اس کی بنا سے لے کر انتہا تک ساری عمر بھی بہت تھوڑی ہے اور ہم میں سے کسی ایک آدمی کا حصہ اس تھوڑے میں سے تھوڑا ہے۔ اور پھر بھی ہم میں سے بعض آدمی اس کو حاصل کرنے کے لیے اپنا مال اور جان قربان کر دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض اوقات اس کو تھوڑے سے تھوڑا حاصل کر لیتے ہیں اور پھر اس کی مدت بھی تھوڑی ہوتی ہے۔ اور کسی سے حاصل ہو جانے والے کو اس کو مسرور سمجھتے ہیں بلکہ اس پر رشک کرتے ہیں۔ اور جو کچھ اس نے اس کے حاصل کرنے میں اپنی جان اور مال کو خرچ کیا ہے۔ اس کو زیادہ نہیں سمجھتا۔ جیسا کہ امرء القیس نے کہا:۔

بکی صاحبی لما رأی الجد عازباً ... وأیقن أنا لاحقان بقیصرا

فقلت لہ لا تبک عینک إنما ... نحاول ملکاً أو نموت فنعذرا

ترجمہ:۔ میرے ساتھی نے جب مجھے پختہ ارادے کا دیکھا اور اس نے یقین کر لیا کہ ہم قیصر سے ملک حاصل کرنے والے ہیں تو میں نے اس سے کہا تیری آنکھیں نہ روئیں ہم یا تو حکومت حاصل کریں گے یا مر جائیں گے تو دنیا میں معذور سمجھے گی۔

پھر اس آدمی کا یہ حال ہوتا ہے جو ہمیشہ رہنے والی جنت میں بہت بڑی حکومت چاہتا ہے۔ یہ اس کے مقابلہ میں ان دو رکعتوں کو جو وہ اللہ تعالیٰ کے لیے پڑھتا ہے۔ یا زکوٰۃ جو ہم خرچ کرتے ہیں یا دوسرے نیک کاموں کو جو ہم کرتے ہیں ان کو کافی سمجھتا ہے۔ ہرگز ہرگز نہیں بلکہ اس کے پاس ایک کروڑ یعنی جتنی بھی دنیا ہے اس سے بھی زیادہ دنیا ہو اور ہر عمر دنیا کی عمر کے برابر ہو اس سے بھی زیادہ ہو اور اس مقصد عزیز کے لیے ان تمام کو خرچ کر ڈالے تو بھی یہ بہت تھوڑا ہے۔ اس کے لیے بھی وہ اپنے مقصد پر پہنچ جائے تو یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے فضل عظیم اور نعمت بڑی ہوگی۔

سوئے مسکین کی غفلت کی نیند سے بیدار ہوتے ہیں تو غور کرتے ہیں کہ مذہب، تصوف کی حقیقت کیا ہے۔ وہ اس کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ وہ اپنی عمر کچھ اسی رستے پر چلتے رہنا چاہتے ہیں تو یہ بھی ستر کی کوئی نہایت فرسودہ سی روایت ہے۔ یہ لوگ ذرا مختلف ہیں۔ یہ تبدیلی کے قائل ہیں۔ وہ ہمیشہ ایک ہی جگہ پر نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

رب العالمین کی محبت کیسی ہوگی۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

رزق کو اُس کی طرف لاتے رہتے ہیں۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

کو اُس سے رو کنار بتاتا ہے۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

تبدل اور تغیر کا اُسے خوف ہوتا ہے۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں سے نہیں ملتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی باتیں نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے کام نہیں کرتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کے لوگوں کے ساتھ نہیں رہتے۔ وہ ہمیشہ ایک ہی طرح کی زندگی نہیں گزارتے۔

دسویں دلیل کا خلاصہ دنیا کے ہر غنی سے زیادہ غنی ہوتا ہے۔ ہمیشہ ہر نفس اور فرد کی سینہ

رہتا ہے۔ اسے کوئی ذرہ بھر بھی نہیں ملتا اور نہ ہی کچھ کہ ہوتا ہے نہ ہوتا ہے۔

اور یہ دسویں دلیل کا خلاصہ ہے۔ ہر بندے کے ساتھ علیحدہ علیحدہ حکمتوں کے ساتھ ہوتا

ہے۔ کسی میں سے بعض کی حاجت اور ضرورت اور خواہش کے ساتھ ہوتی ہے۔

اور بارھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کے تمام حیوانات، پرندوں جیسا کہ وہ ہیں

سے دل تنگ نہیں ہوتا۔

اور تیرھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ بچوں کے دلوں میں ڈال دی جاتی ہے کہ سب نیک و بد اس کا احترام

کرتے ہیں اور ہر فرد ان دعاؤں سے غافل نہ ہے۔

اور چودھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ تمام اس کے لیے دلوں میں محبت پیدا کر دیتے ہیں۔ تمام دل

اس کی محبت پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ تمام دل اس کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

اور پندرھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ اس سے تمام دل نفس یا فعل یا پڑوسی مکان غرض ہر چیز سے

پیدا ہو جاتی ہے یہاں تک کہ لوگ اس مٹی سے متبرک لیتے ہیں جو اس کے پاؤں کے نیچے آئی ہے۔ اور اس

جگہ کو جہاں وہ کسی دن بیٹھا ہو۔ اور اس لکڑی سے جس نے اس کو دبایا ہو۔ اس کے ساتھ بھی

صحبت رکھی ہو۔

اور سولھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ تمام دل اس کی طرف سے ہر طرح سے تسلی پاتے ہیں

ہیں آتا ہے پانی پر چلتا ہے۔ یہ ساری زمین و آسمان کی مخلوق اس کی تابع ہے۔

اور سترھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ تمام حیوانات کی فطرت ہے کہ وہ درندے ہوں یا وحشی

چرند و پرند ہوں اس سے محبت رکھتے ہیں اور اس سے پیار کرتے ہیں۔

اور اٹھارھویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ جب بھی وہ کسی زمین پر ہاتھ رکھتا ہے

تو اسے خزانے مل جاتے ہیں۔ جب اپنے پاؤں زمین پر مارتا ہے تو فوراً وقت پانی

کے چشمے بہنے لگتے ہیں۔ وہ جہاں بھی تھوکتا ہے۔ اس کے وہ وہ دوائیں بن جاتا ہے۔

اور انیسویں دلیل کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت کے دوسرے پیروکار اور ان کے

کی بارگاہ میں اس کی خدمت کر کے وسیلہ ڈھونڈتے ہیں۔ اور اس کی وجاہت اور برکت

سے لوگ محبت نہیں کرتے ہیں۔

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ کی محبت کی علامت یہ بتائی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو دنیا میں عزت دیتا ہے اور اس کی سفارش کرتا ہے تو اس کی سفارش قبول ہوتی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی قسم دیتا ہے تو وہ جس طرح بھی چاہے اس کی قسم کو پورا کر دیتا ہے۔ یہاں تک کہ [illegible] کی معرفت اشارہ کرے تو وہ بھی پورا ہو جاتا ہے [illegible] ان کے ہاتھ میں کسی چیز کا خیال آ جاتا ہے تو وہ ضائع نہیں ہوتی ہے۔ دوسرا ہاتھ سے اشارہ کرنے تک بھی ضائع نہیں ہوتا۔

یہ کرامات خود ہی ہیں [illegible]

تیسری یہ ہے کہ [illegible] ہیبت سے [illegible] دیتے ہیں۔ [illegible] سے [illegible] کیا [illegible] کرامات خود ہی [illegible] ان کے [illegible] سے [illegible] ہیں [illegible] سے [illegible] ہیں [illegible] نے فرمایا:۔

[illegible] [illegible]

[illegible]

اور تیسری یہ ہے کہ [illegible] ہیبت [illegible] ہیں [illegible] نے فرمایا:۔

[illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible]

اور تیسری یہ ہے کہ [illegible] اور [illegible] ہیں [illegible] نے فرمایا:۔

لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ وَبَشِّرْهُ — یہ کہ نہ خوف کرو اور نہ غم کرو اس

بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ ۔

جنت کی بشارت حاصل کرو جس کا تم وعدہ کیے جاتے تھے۔

اور آخرت کی آئندہ ہولناکیوں سے خوف نہیں کھاتا۔ اور دنیا میں جو کچھ چھوڑ کر جاتا ہے اس کا اُسے غم نہیں ہوتا۔

اور چھبیسویں جنتوں میں ہمیشہ کی رہائش اور خدا تعالیٰ کی ہمسائیگی ہے۔

اور پچیسویں پاکیزگی میں اُس کے روح کی جلوت ہے آسمان اور زمین کے فرشتوں پر وہ عزت اور احترام سے اٹھایا جاتا ہے۔ اور اُس کے بدن کو ظاہر میں جنازے کی تنظیم حاصل ہوتی ہے اس پر جنازہ کی نماز کے لیے لوگوں کی بھیڑ لگ جاتی ہے۔ اُس کی تجہیز و تکفین میں لوگ جلدی کرتے ہیں۔ اور اس کو بہت بڑا ثواب سمجھتے ہیں اور بہت بڑی نعمت جانتے ہیں۔

اور چوبیسویں قبر کے سوال و جواب کے فتنہ سے امن ہے کہ وہ اس بیان سے مطمئن رہتا ہے۔ اور اُسے صحیح جواب کا القا ہوتا ہے۔

اور ستائیسویں قبر کی فراخی اور اُس کی روشنی ہے۔ وہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ میں قیامت کے دن تک رہتا ہے۔

اور اٹھائیسویں اُس کے روح اور جان کا مانوس ہونا اور معزز ہونا ہے۔ اُسے سبز پرندوں کے جسم میں رکھ دیا جاتا ہے۔ وہ اپنے نیک بھائیوں کے ساتھ رہتا ہے۔ اور جو کچھ اُن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے بخشا ہے اُس پر خوش رہتے ہیں۔

اور انتیسویں عزت و کرامت کے ساتھ اُس کا حشر ہے۔ کہ اُس کو جنت کی خلعت و تاج پہنایا جائے گا اور بُراق پر سوار ہوگا۔

اور تیسویں چہرہ کا منور اور روشن ہونا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۔

کئی چہرے اُس دن تر و تازہ ہوں گے اپنے رب کو دیکھتے ہوں گے۔

اور فرمایا:۔

وَجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۔

کتنے چہرے اس دن روشن ہوں گے ہنستے ہوئے خوش۔

اور اکتیسویں قیامت کی ہولناکیوں سے امن ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

اَمِنَ يَّاْتِيْ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۔

قیامت کے دن امن سے آنے والا

حالت میں۔

اور بتیسویں دائیں ہاتھ میں نامہ اعمال کا ملنا ہے

جنہیں حساب و کتاب کی ضرورت نہ ہوگی۔

اور تینتیسویں حساب کی آسانی ہے

اور تینتیسویں

لیے کھڑا نہیں کیا جائے گا۔

اور پینتیسویں

اور اس کے جد

اور چھتیسویں

اس کی نہ

لیے آگ بجھ جائے گی۔

اور سینتیسویں قیامت کے میدان میں

اور اڑتیسویں جنت میں ہمیشہ کا ملک۔

اور انتالیسویں

اور چالیسویں

معبود برحق ہے۔

پندرہ

میرا علم نہایت ناقص

کیا ہے۔ اور ان کو حصوں اور اجمالاً ذکر کر دیا ہے۔ اور کہیں ان میں سے بعض کی تفصیل بیان کر دی ہے اس کی متعلق نہ ہو سکتی لیا تو خوف نہیں کرتا کہ میں نے ہمیشہ کے ملک کریم ہی نعمت شمار کیا ہے اس کو تفصیل سے بیان کرتا تو یہی چالیس خلقتوں سے زیادہ ہو جاتی۔ جیسے کہ قرآن مجید وغیرہ کی تفصیل پھر ان میں سے ہر ایک ایسی تفصیل پر مشتمل ہے جن و غیب اور روحانیت کی ہی جانتا ہے۔ کہ جس نے ان کو پیدا کیا ہے۔ اور ان کا مالک ہے۔ اور ہمیں ان کی معرفت کی توقع ہو سکتی ہے۔ جبکہ خداوند تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم — کوئی جان نہیں جانتا جو ان کے لیے

مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ۔ آنکھوں کی ٹھنڈک سے پوشیدہ رکھا ہے۔

اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:۔

خَيْرٌ فِيهَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ — کہ اس میں وہ چیزیں ہیں جو کسی

وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى آنکھ نے دیکھیں اور نہ کسی کان نے سنیں اور

قَلْبِ بَشَرٍ۔ نہ کسی انسان کے دل پر ان کا خیال گزرا ہے۔

اور مفسرین اللہ تعالیٰ کے اس قول کے متعلق کہتے ہیں:۔

لَتَنْفَدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَنْ تَنْفَدَ — کہ اس سے پہلے کہ سمندر ختم ہو جائیں

كَلِمَاتُ رَبِّي۔ رب کے کلمات ختم ہوں۔

کہ یہ وہ کلمات ہیں جن کو اللہ تعالیٰ اپنی جنت کے لیے جنت میں لطف اور مہربانی سے بیان فرمائے جس کی یہ کیفیت ہو تو ہم اس کے ہزارویں حصے کو بھی بیان نہیں کر سکتے ہیں ہم انسان ہیں ہم سے مخلوق کیونکر بیان کر سکتی ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ ہمیں جواب دینے چاہئیں اور حقوق ان کو سمجھنے چاہئیں اور حق یہ ہے کہ کسی طرح ہونا چاہیئے اور وہ طالب جاننے والے کی اس کے فضل عظیم کے شکر سے متعلق اور اس کی قدیم سخاوت کے موافق ایک جذبہ شعور اس مطلوب عظیم کے لیے عمل رکھنے والے کو عمل کرنا چاہیئے اور کوشش کرنے والوں کو اپنی کوشش خرچ کرنی چاہیئے اور جاننا چاہیئے کہ سب کچھ اس چیز کے مقابلے میں ہدایت قلیل ہے۔ جس کے وہ حقدار ہیں اور جس کو اس نے پیدا کیا ہے اور جس کو مانگنے کے لیے وہ دست سوال دراز کرتے ہیں۔ عدم ہونا چاہیئے۔ جب

چار چیزیں نہایت ضروری ہیں۔ علم۔ عمل۔ اخلاص اور خوف۔ پہلی کے ساتھ وہ راستے کو معلوم کرے گا ورنہ وہ ایک اندھا ہے۔ پھر ان کے مطابق عمل کرے گا ورنہ وہ روک دیا جائے گا۔ پھر عمل کو خالص کرے گا ورنہ وہ نقصان اٹھائے گا۔ پھر وہ ہمیشہ آفات سے ڈرتا رہے گا یہاں تک کہ وہ امان حاصل کرے ورنہ وہ دھوکہ میں پڑا ہوا ہے۔

ذوالنون مصری نے بالکل سچ کہا کہ تمام مخلوق مردہ ہے۔ سوا علماء کے اور علماء سوئے ہوئے ہیں ماسوائے عمل کرنے والوں کے اور عمل کرنے والے سب دھوکے میں ہیں مگر مخلص لوگ اور تمام مخلص بہت بڑے خطرے پر ہیں۔

میں کہتا ہوں چار آدمیوں سے انتہائی تعجب ہے۔ ایک وہ عقلمند جو عالم نہ ہو کیا وہ اُن چیزوں کی معرفت کا اہتمام نہیں کرتا جو آئندہ پیش نہ آنے والی ہیں کیا وہ اُن چیزوں کو معلوم نہیں کرتا جن کو وہ موت کے بعد دیکھنے والا ہے۔ اُس کو دلائل اور عبرتوں اور اِن آیتوں کے سننے اور اِن خیالات سے دِل کی بے قراری اور نفس کے تصورات سے اِن کو معلوم کرنا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:۔

أَوَلَمْ يَنظُرُوا فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ۔	کیا وہ زمینوں اور آسمانوں کی بادشاہی اور جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں اُن میں غور نہیں کرتے۔

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

أَلَا يَظُنُّ أُولَٰئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ لِيَوْمٍ عَظِيمٍ ۝	کیا یہ لوگ خیال نہیں کرتے کہ وہ بڑے دن کے لیے اُٹھائے جائیں گے۔

اور دوسرے اُس عالم سے جو اپنے علم کے مطابق عمل نہیں کرتا کیا وہ یقینی طور پر نہیں جانتا کہ اُس کے سامنے بہت بڑی ہولناکیاں اور مشکل گھاٹیاں ہیں اور یہی بہت بڑی خبر ہے۔ جس سے تم منہ پھیرتے ہو۔ تیسرے اُس عامل سے جو مخلص نہ ہو۔ کیا وہ اللہ تعالیٰ کے اس قول پر غور نہیں کرتا:۔

فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ	جو آدمی اپنے رب کی ملاقات کی امید رکھتا ہو اسے چاہیے کہ نیک عمل کرے اور

رَبِّهٖ اَحَدًا ۝ — اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔

چھوٹے اُس مخلص سے جو ڈرنے والا نہ ہو کیا وہ اللہ جل جلالہٗ کے اُس معاملہ کی طرف غور نہیں کرتا جو وہ اپنے اصفیاء اور اولیاء اور اپنے خادموں سے کرتا ہے جو کہ اُس کے اور اُس کی مخلوق کے درمیان واسطہ ہیں یہاں تک کہ وہ اپنی سب سے زیادہ معزز مخلوق کو فرماتا ہے:۔

وَلَقَدْ اُوْحِیَ اِلَیْكَ وَاِلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكَ الْاٰیَةَ — اور بے شک وحی کی گئی تیری طرف اور اُن لوگوں کی طرف جو تجھ سے پہلے تھے۔

اور اسی طرح کی اور بھی آیات یہاں تک کہ بیان کیا جاتا ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے مجھے سورہ ہود اور اس جیسی سورتوں نے بوڑھا کر دیا۔

پھر قصہ مختصر ان کی تفصیل وہ ہے جو رب العالمین نے اپنی کتاب عزیز کی چار آیتوں میں بیان کر دی ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ — کیا تم نے خیال کر رکھا ہے۔ کہ ہم نے تم کو بے مقصد پیدا کیا اور تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے۔

پھر اللہ جل جلالہٗ نے فرمایا:۔

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ — چاہیے کہ ہر آدمی اُس پر غور کرے جو اُس نے کل کے لیے بھیجا ہے۔ اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ تمہارے عملوں سے خبردار ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۔ — جن لوگوں نے ہمارے متعلق کوشش کی ہم ضرور ان کے لیے اپنی راہیں کھول دیں گے۔

پھر ان تمام چیزوں کو ایک جامع آیت میں بیان کر دیا ہے۔ اور وہ سب سے زیادہ سچا

تأمل ہے۔

وَمَنْ جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ إِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝

جو آدمی کوشش کرے گا وہ اپنی جان کے لیے کوشش کرے گا بیشک اللہ تعالیٰ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔

اور ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے قدم کی لغزش اور اپنے قلم کی ہر بے راہ روی سے معافی مانگتے ہیں اور ان تمام اقوال سے بخشش چاہتے ہیں جو ہمارے اعمال کے موافق نہ ہوں۔ اور ہر اُس چیز سے بخشش چاہتے ہیں جس کا ہم نے دعویٰ کیا اور اُس کو دین الٰہی کے علم کی حیثیت سے ظاہر کیا حالانکہ اُس میں بہت سی کوتاہیاں ہیں اور ہم اُس سے ہر اُس خیال سے بخشش چاہتے ہیں جس نے ہم کو تصنع پر آمادہ کیا اور جس کا ہم نے اپنی کتاب میں اندراج کیا یا ہر اُس کلام سے جس کو ہم نے نظم کیا یا ہر اُس علم سے جس کا ہم نے فائدہ دیا اور ہم اُس سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اور اے بھائیوں کی جماعت تمہیں بھی ہمارے علم کے مطابق عمل کرنے کی توفیق بخشے اور ہم خالص اُس کی رضامندی چاہیں اور سوال کرتے ہیں کہ وہ اِس علم کو ہم پر وبال نہ بنائے اور اِس کو نیکیوں کے ترازو میں رکھے جب کہ ہمارے اعمال ہماری طرف واپس کیے جائیں یقیناً وہ بڑا سخی اور کریم ہے۔

شیخ رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہی وہ ہے جس کا ہم نے ارادہ کیا تھا کہ آخرت کے طریق کے سلوک کی کیفیت کی شرح میں ذکر کریں گے اور ہم نے اپنے مقصود کو پورا کر لیا اور تمام تعریفیں اُس اللہ کے لیے ہیں کہ جس کے احسان سے نیکیاں پوری ہوتی ہیں اور جس کے فضل سے برکتیں نازل ہوتی ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنی بہترین مخلوق پر ہر حال میں رحمتیں نازل فرمائے جس نے افضل معبود کی طرف دعوت دی یعنی محمد نبی پر اور ان کی آل پر اور سلامتی نازل فرمائے بہت زیادہ اور پاکیزہ اور برکت والی۔

بعد حمد و صلوٰۃ واضح ہو کہ مترجم خاکسار محمد سعید احمد نقشبندی عفی عنہ امام مسجد حضرت داتا صاحب رحمت اللہ نے ترجمہ میں معنی خیزی، سلاست و روانی قائم رکھنے کی حتی الامکان کوشش کی ہے۔ تاہم سقم کا باقی رہنا ممکن ہے۔ قارئین کرام اگر ایسا پائیں تو آگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی اصلاح ہو سکے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ترجمہ کو قبول عام کا شرف بخشے اور مترجم کیلئے ذخیرہ آخرت بنائے وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ وسلم۔

مدارج النبوت

اردو

حضرت علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی

کی

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص و فضائل

حیات طیبہ پر جامع و مانع کتاب

جلد اول

اس میں رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیات سابق و آخر اور افضل الکائنات کو دلائل عقلی و الہامی اور اثبات فکری اور روحانی سے ثابت کیا گیا ہے۔ اس جلد میں ان امور پر بھی بحث کی گئی ہے جو شرف حسب و نسب، شرف نبوت و رسالت، شرف ابوت، شرف عصمت اور شرف معجزات سے متعلق ہیں اور کمال توحید سے کان خصائص اور خصائل کو قرآن پاک کی آیات سے ثابت کیا گیا ہے۔ انداز تحریر اور طریقہ استدلال اتنا پیارا اور دلنشیں ہے کہ بات دل و دماغ میں آتی چلی جاتی ہے اور بہت سے ایسے شکوک و شبہات جو مادیت اور الحاد کے پیدا کردہ ہیں خود بخود زائل ہو جاتے ہیں اور دل و دماغ دولت ایمانی سے مالا مال ہو جاتے ہیں ـــــ خوشنما کتابت ـــــ آفسٹ کی دیدہ زیب طباعت ـــــ مضبوط پلاسٹک کا خوبصورت کور ـــــ سائز ۲۰×۲۶ ـــــ آٹھ سو سے زائد صفحات ـــــ قیمت

جلد دوم

اس جلد میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ اور متعلقات حیات مبارکہ کو پیش کیا گیا ہے۔ طلوع آفتاب رسالت، اہالیان مکہ کے شدائد، رسول اکرم کی استقامت، ہجرت، غزوات، سرایے، دربار نبوی کے فیصلے، اصحاب آپ کا برتاؤ، غیروں سے حسن سلوک، ازواج مطہرات کے حالات، اولادوں کا ذکر، یہاں تک کہ جس کو رسول مقبول سے ذرا سی بھی کسی قسم کی نسبت تھی اس تک کے حالات ایسے دلکش اور پیارے انداز میں تحریر کئے ہیں کہ جنہیں پڑھ کر حضرت علامہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی کو علم کا بحر ذخار تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ جو کچھ لکھا ہے عشق رسول میں ڈوب کر لکھا ہے اور جو بھی انہیں پڑھے گا ان ہی کیفیات کو اپنے دل میں محسوس کریگا یہ بات بھی پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ اردو میں اس کے مکمل ترجمے اور اشاعت کا فخر صرف مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی ہی کو حاصل ہے۔ اس کا ترجمہ مفتی غلام معین الدین مراد آبادی نے کیا ہے۔ جس کیلئے وہ ہم سب کے شکریے اور تحسین کے مستحق ہیں ـــــ خوشنما کتابت ـــــ آفسٹ کی دیدہ زیب طباعت ـــــ مضبوط پلاسٹک کا خوبصورت کور، سائز ۲۰×۲۶ ـــــ ایک ہزار سے زائد صفحات ـــــ قیمت ۔ روپے

مدینہ پبلشنگ کمپنی

بندر روڈ، کراچی